154 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ وَکِیعِ بْنِ الْجَرَّاحِ، قَالَ: اَخْبَرَنِی شَرِیكٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، اَنَّ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا تَزَوَّجَ فَاطِمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: زَوَّجْتَنِیهِ اُعَیْمِشَ عَظِیمَ الْبَطْنِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابواسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تو حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے میری شادی بڑے پیٹ والے سے کی ہے! حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے آپ کی شادی ایسے صحابی سے کی ہے جو سب سے پہلے اسلام لائے

صفۃ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

لَقَدْ زَوَّجْتُكِهِ وَإِنَّهُ لَأَوَّلُ أَصْحَابِي سِلْمًا، وَأَكْثَرُهُمْ عِلْمًا، وَأَعْظَمُهُمْ حِلْمًا

تھے' ان کے پاس علم بھی زیادہ ہے اور بردباری بھی بڑی ہے۔

155 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: قَالَ وَكِيعٌ: كِلَاهُمَا عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى الْمِنْبَرِ أَبْيَضَ اللِّحْيَةِ قَدْ مَلَأَتْ مَا بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ زَادَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ فِي حَدِيثِهِ: عَلَى رَأْسِهِ زُغَيْبَاتٌ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منبر پر دیکھا' آپ کی داڑھی کے بال سفید تھے' دونوں کندھوں کے درمیان گوشت تھا۔ یحییٰ بن سعید نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا ہے کہ آپ کے سر کے بال زیادہ تھے۔

156 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، قَالَ: يُقَالُ: كَانَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ آدَمَ رَبْعَةً مُسْمِنًا، ضَخْمَ الْمَنْكِبَيْنِ، طَوِيلَ اللِّحْيَةِ، أَصْلَعَ، عَظِيمَ الْبَطْنِ، غَلِيظَ الْعَيْنَيْنِ، أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ درمیانے قد کے تھے' دونوں کندھوں کے درمیان گوشت تھا' داڑھی بڑی تھی' پیٹ بڑا تھا' آنکھیں موٹی تھیں' سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔

157 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا شُعْبَةُ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا إِسْحَاقَ أَنْتَ أَكْبَرُ مِنَ الشَّعْبِيِّ؟ فَقَالَ لِي: الشَّعْبِيُّ أَكْبَرُ مِنِّي بِسَنَةٍ، أَوْ سَنَتَيْنِ قَالَ: وَرَأَى أَبُو إِسْحَاقَ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَكَانَ يَصِفُهُ لَنَا عَظِيمَ الْبَطْنِ أَجْلَحَ قَالَ شُعْبَةُ: وَكَانَ أَبُو إِسْحَاقَ أَكْبَرَ مِنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، وَلَمْ يُدْرِكْ أَبُو الْبَخْتَرِيِّ عَلِيًّا وَلَمْ يَرَهُ

حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میں نے ابواسحاق سے پوچھا: آپ شعبی سے بڑے ہیں؟ مجھے شعبی نے کہا: آپ مجھ سے ایک سال یا دو سال بڑے ہیں۔ حضرت ابواسحاق نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' ہم کو بتایا کہ آپ کا پیٹ بڑا تھا۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں کہ ابواسحاق بختری سے بڑے تھے' ابوبختری نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملاقات نہیں کی اور آپ کو دیکھا بھی نہیں ہے۔

158 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ،

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ میں نے ابن

حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ: ذَكَرْتُ لِابْنِ مَسْعُودٍ قَوْلَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: اَلَمْ تَرَ اِلَى رَاْسِهٖ كَالطَّسْتِ، وَاِنَّمَا حَوْلَهٗ كَالحِفَافِ

مسعود کے سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: تُو نے آپ کا سر نہیں دیکھا' تھال کی طرح ہے اور آپ کے سر کے بال نہیں تھے' اس کے چاروں طرف بالوں کا گھیرا ہے۔

159 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ، ثنا وُهَيْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثنا اَبِي، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مُسْمِنًا اَصْلَعَ الشَّعْرِ، كَاَنَّ بِجَانِبِهٖ اِهَابُ شَاةٍ

حضرت ابورجاء عطاردی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ کے سر کے اگلے حصے میں بال نہیں تھے' ایسے محسوس ہوتا تھا آپ کے سر کے اردگرد بکری کی کھال کے بال ہیں (یعنی سخت بال تھے)۔

سِنُّ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ وَوَفَاتُهٗ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کے وصال کے بیان میں

160 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: اَسْلَمَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِ سِنِينَ

حضرت عمرو بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جب اسلام لائے اُس وقت آپ کی عمر 8 سال تھی۔

161 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، اَخْبَرَنِي قَتَادَةُ، عَنِ الْحَسَنِ، وَغَيْرِهٖ، قَالَ: فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ آمَنَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ، اَوْ سِتَّ عَشْرَةَ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے اسلام حضرت علی رضی اللہ عنہ لائے تھے' اس وقت آپ کی عمر 15 یا 16 سال تھی۔

162 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: قُتِلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، يَوْمَ سَبْعَةَ عَشَرَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ، سَنَةَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا جمعہ کے دن' 13 رمضان 40 ہجری کو۔

اَرْبَعِینَ

163 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ هَارُونَ الْقَزَّازُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: تُوُفِّيَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ سَنَةً

حضرت امام جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا' آپ کی عمر اُس وقت 63 سال تھی۔

164 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: تُوُفِّيَ عَلِيٌّ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا' اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی۔

165 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ صُبَيْحٍ، قَالَ: قَالَ هِشَامُ بْنُ الْكَلْبِيِّ، عَنْ عَوَانَةَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: لَمَّا ضَرَبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلْجَمٍ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَحُمِلَ اِلَى مَنْزِلِهِ، اَتَاهُ الْعُوَّادُ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، وَصَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: كُلُّ امْرِءٍ مُلَاقٍ مَا يَفِرُّ مِنْهُ فِي فِرَارِهِ، وَالْاَجَلُ مُسَاقُ النَّفْسِ، وَالْهَرَبُ مِنْ آفَاتِهِ كَمْ اَطْرَدْتُ الْاَيَّامَ اَبْحَثُهَا عَنْ مَكْنُونِ هَذَا الْاَمْرِ وَاَبَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، اِلَّا اِخْفَاءَهُ هَيْهَاتَ عِلْمٌ مَخْزُونٌ، اَمَّا وَصِيَّتِي اِيَّاكُمْ فَاللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، لَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَمُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُضَيِّعُوا سُنَّتَهُ، اَقِيمُوا هَذَيْنِ الْعَمُودَيْنِ، وَخَلَاكُمْ ذَمٌّ مَا لَمْ يُشَرَّدُوا، وَاُحْمِلَ كُلُّ امْرِءٍ مَجْهُودَهُ، وَخُفِّفَ عَنِ الْجَهَلَةِ بِرَبٍّ رَحِيمٍ، وَدِينٍ قَوِيمٍ وَاِمَامٍ عَلِيمٍ، كُنَّا فِي رِيَاحٍ

حضرت عوانہ بن حکم سے روایت ہے' فرماتے ہیں: جب عبدالرحمٰن بن ملجم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مارا اور آپ کو اُٹھا کر اپنے گھر لایا گیا تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی' نبی کریم ﷺ پر درود پڑھا پھر فرمایا: ہر آدمی جس چیز سے بھاگنے والا ہے اسی بھاگنے میں اس چیز سے ملنے والا ہے' موت' نفس کو ہانکنے والا ہے' اس کی آفات سے بھاگنا' میں نے دنوں کو کتنا دور کیا' جن کو میں اس کام کے پوشیدہ ہونے میں تلاش کر لیتا ہوں' اللہ نے اس کو چھپانے کو پسند نہ کیا' پوشیدہ علم دور ہو گیا' لیکن میری تمہیں وصیت یہ ہے کہ کسی کو اللہ کا شریک نہ بناؤ' محمد ﷺ کی سنت کو کسی حال میں ضائع نہ کرو' ان دونوں ستونوں کو کھڑا رکھو' وہ لوگ تمہاری بُرائی بیان نہ کریں' جو منتشر نہیں ہیں۔ ہر آدمی صرف اسی چیز کا ذمہ دار ہو گا جو اس نے کوشش کی ہے' ربِ رحیم' دین قویم اور جاننے والے امام سے جو لوگ جاہل ہیں' ان سے تخفیف

وَذَرِيِّ اَغْصَانٍ، وَتَحْتَ ظِلِّ غَمَامَةٍ اضْمَحَلَّ مَرْكَزُهَا فَيَحُطُّهَا عَانٍ، جَاوَرَكُمْ تُدْنِي اَيَّامًا تِبَاعًا، ثُمَّ هَوًى فَسَتُعْقَبُونَ مِنْ بَعْدِهِ جُثَّةً خَوَاءً سَاكِنَةً بَعْدَ حَرَكَةٍ كَاظِمَةً، بَعْدَ نُطُوقٍ، اِنَّهُ اَوْعَظُ لِلْمُعْتَبِرِينَ مِنْ نُطْقِ الْبَلِيغِ، وَدَاعِيكُمْ دَاعِي مُرْصَدٍ لِلتَّلَاقِ غَدًا تَرَوْنَ اَيَّامِي، وَيُكْشَفُ عَنْ سَرَائِرِي لَنْ يُحَابِيَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، اِلَّا اَنْ اَتَزَلَّفَهُ بِتَقْوًى فَيَغْفِرَ عَنْ فَرَطٍ مَوْعُودٍ عَلَيْكُمُ السَّلَامُ اِلَى يَوْمِ اللِّزَامِ اِنْ اَبْقَ، فَاَنَا وَلِيُّ دَمِي، وَاِنْ اَفْنَ فَالْفَنَاءُ مِيعَادِي، اَلْعَفْوُ لِي قُرْبَةٌ، وَلَكُمْ حَسَنَةٌ، فَاعْفُوا عَفَا اللّٰهُ عَنَّا وَعَنْكُمْ (اَلَا تُحِبُّونَ اَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ، وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ) (النور:22) ثُمَّ قَالَ:

(البحر الكامل)

عِشْ مَا بَدَا لَكَ، قَصْرُكَ الْمَوْتُ ... لَا مُرْتَحِلٌ عَنْهُ، وَلَا فَوْتُ

بَيْنَا غِنَى بَيْتٍ وَبَهْجَةِ ... زَالَ الْغِنَى وَتَقَوَّضَ الْبَيْتُ

• يَا لَيْتَ شِعْرِي مَا يُرَادُ بِنَا... وَلَقَلَّ مَا يُجْدِي تَلَيُّتُ

ہوگی' ہم آندھیوں' پتلی شاخوں اور بادلوں کے سایہ کے نیچے ہیں' جس کا مرکز کمزور ہے اور وہ گر جائے گا۔ وہ تمہارے پاس آئے گی' تمہیں ایسے دنوں کے قریب کر دے گی جو اتباع والے ہوں گے' پھر خواہشات ہیں' اس کے بعد تمہارا انجام ہے' حرکت جثہ ہے جبکہ اس سے پہلے حرکت بھی ہے' بولنا بھی ہے' بے شک یہ اُن لوگوں کے لیے نصیحت ہے جو بلاغت والی زبان سے عبرت حاصل کرنے والے ہیں۔ تمہیں ملاقات کے دن کے لیے بلانے والی ہے' جیسے گھات میں بیٹھا آدمی پکارتا ہے۔ میرے دنوں کو تم دیکھو گے' میری پوشیدہ چیزوں سے پردہ ہٹایا جائے گا' میرا رب مجھے اسی وقت پسند فرمائے گا جب میں تقویٰ لے کر اس کی بارگاہ میں حاضر ہوں گا' پس وہ فرطِ موعود کو بخش دے گا۔ قیامت کے دن تک تم سب لوگوں پر سلام! اگر میں دنیا پر باقی رہا تو اپنے خون کو خود ولی ہوں اور اگر دنیا سے کوچ کر گیا تو اس کا تو پہلے وعدہ کیا گیا ہے' معاف کرنا میرے نزدیک عبادت ہے اور تمہارے لیے نیکی ہے' پس معاف کرنے کو اپنی عادت بنانا' اللہ ہم تم سب کو معاف فرمائے' کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ ان کے بدلے اللہ تمہیں بخش دے اور اللہ بہت بخشنے والا' بہت رحم کرنے والا ہے۔ پھر فرمایا: (بحرِ کامل)

''زندہ رہ جب تک تیرے لیے زندگی ہے' تیری انتہاء موت ہے' نہ موت کو چھوڑ کر تُو کسی راستہ کا مسافر بن سکتا ہے اور نہ موت سے گم ہو سکتا ہے'

166 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، ثنا اَبُو اُمَيَّةَ عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّرَائِفِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ حَدِيثِ ابْنِ مُلْجَمٍ لَعَنَهُ اللّٰهُ وَاَصْحَابَهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مُلْجَمٍ وَالْبَرْكَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَمْرَو بْنَ بَكْرٍ التَّمِيمِيَّ، اجْتَمَعُوا بِمَكَّةَ فَذَكَرُوا اَمْرَ النَّاسِ، وَعَابُوا عَمَلَ وُلَاتِهِمْ، ثُمَّ ذَكَرُوا اَهْلَ النَّهَرِ فَتَرَحَّمُوا عَلَيْهِمْ، فَقَالُوا: وَاللّٰهِ مَا نَصْنَعُ بِالْبَقَاءِ بَعْدَهُمْ شَيْئًا، اِخْوَانُنَا الَّذِينَ كَانُوا دُعَاةَ النَّاسِ لِعِبَادَةِ رَبِّهِمُ الَّذِينَ كَانُوا لَا يَخَافُونَ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، فَلَوْ شَرَيْنَا اَنْفُسَنَا، فَاَتَيْنَا اَئِمَّةَ الضَّلَالَةِ فَالْتَمَسْنَا قَتْلَهُمْ، فَاَرَحْنَا مِنْهُمُ الْبِلَادَ وَثَاَرْنَا بِهِمْ اِخْوَانَنَا، قَالَ ابْنُ مُلْجَمٍ- وَكَانَ مِنْ اَهْلِ مِصْرَ- : اَنَا اَكْفِيكُمْ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، وَقَالَ الْبَرْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: اَنَا اَكْفِيكُمْ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ، وَقَالَ عَمْرُو بْنُ بَكْرٍ التَّمِيمِيُّ: اَنَا اَكْفِيكُمْ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، فَتَعَاهَدُوا وَتَوَاثَقُوا بِاللّٰهِ، لَا يَنْكُصُ رَجُلٌ مِنْهُمْ عَنْ صَاحِبِهِ الَّذِي تَوَجَّهَ اِلَيْهِ حَتَّى يَقْتُلَهُ، اَوْ يَمُوتَ دُونَهُ، فَاَخَذُوا اَسْيَافَهُمْ، فَسَمُّوهَا وَاتَّعَدُوا لِسَبْعَ

اب گھر اور رونق کی صورت میں خوشحالی ہے' مالداری ختم ہو جائے گی اور گھر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جائے گا'

اے کاش! میرے شعران سے ہم کیا مراد لیں' کم ہی کبھی میں نے نفع دیا''۔

حضرت اسماعیل بن راشد فرماتے ہیں: ابن ملجم (قاتلِ علی) پہ اللہ لعنت فرمائے اور اس کے ساتھیوں پر بھی! اس کی بات اس طرح ہے کہ عبدالرحمٰن بن ملجم' برک بن عبداللہ اور عمر بن بکر تمیمی مکہ میں اکٹھے ہوئے' اُنہوں نے لوگوں کے امر کا ذکر کیا اور ان کے حکمرانوں کے عمل کو عیدار بنایا' پھر نہروالوں کا تذکرہ کیا' ان پر انہیں رحم آیا تو کہنے لگے: قسم بخدا! ان کے بعد ہم کوئی چیز باقی رکھ کر کیا کریں گے' ہمارے وہ بھائی جو اپنے رب کی عبادت کی وجہ سے لوگوں کے لیے دعا گو ہیں' وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے' پس ہم اگر اپنی جانوں کو خرید یں' ہم گمراہی کے اماموں کے پاس آئیں' ان کے قتل کی راہ تلاش کریں' ملکوں اور شہروں کو ان سے راحت دلا دیں اور ان سے اپنے بھائیوں کا بدلہ لے لیں۔ ابن ملجم بولا وہ مصری تھا: میں علی بن ابوطالب کو کافی ہوں۔ برک بن عبداللہ نے کہا: میں معاویہ بن ابوسفیان کو بہت ہوں' اور عمرو بن بکر تمیمی نے کہا: میں عمرو بن عاص کے لیے کفایت کرتا ہوں۔ پس اُنہوں نے باہم معاہدہ کیا اور اللہ کے نام پر اس کو پکا

عَشْرَةَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ اَنْ يَثِبَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ عَلَى صَاحِبِهِ الَّذِي تَوَجَّهَ اِلَيْهِ، وَاَقْبَلَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ اِلَى الْمِصْرِ الَّذِي فِيهِ صَاحِبُهُ الَّذِي يَطْلُبُ، فَاَمَّا ابْنُ الْمُلْجَمِ الْمُرَادِيُّ، فَاَتَى اَصْحَابَهُ بِالْكُوفَةِ وَكَاتَمَهُمْ اَمْرَهُ كَرَاهِيَةَ اَنْ يُظْهِرُوا شَيْئًا مِنْ اَمْرِهِ، وَاَنَّهُ لَقِيَ اَصْحَابًا لَهُ مِنْ تَيْمِ الرَّبَابِ وَقَدْ قَتَلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مِنْهُمْ عِدَّةً يَوْمَ النَّهَرِ، فَذَكَرُوا قَتْلاهُمْ فَتَرَحَّمُوا عَلَيْهِمْ، قَالَ: وَلَقِيَ مِنْ يَوْمِهِ ذَلِكَ امْرَاَةً مِنْ تَيْمِ الرَّبَابِ يُقَالُ لَهَا قَطَامُ بِنْتُ شِخْنَةٍ وَقَدْ قَتَلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبَاهَا، وَاَخَاهَا يَوْمَ النَّهَرِ، وَكَانَتْ فَائِقَةَ الْجَمَالِ، فَلَمَّا رَآهَا الْتَبَسَتْ بِعَقْلِهِ وَنَسِيَ حَاجَتَهُ الَّتِي جَاءَ لَهَا، فَخَطَبَهَا، فَقَالَتْ: لَا اَتَزَوَّجُ حَتَّى تَشْتَفِيَ لِي، قَالَ: وَمَا تَشَائِينَ؟ قَالَتْ: ثَلَاثَةُ آلَافٍ، وَعَبْدٌ، وَقَيْنَةٌ، وَقَتْلُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: هُوَ مَهْرٌ لَكِ، فَاَمَّا قَتْلُ عَلِيٍّ فَمَا اَرَاكِ ذَكَرْتِيهِ لِي وَاَنْتِ تُرِيدِينَهُ؟ قَالَتْ: بَلَى، فَالْتَمِسْ غِرَّتَهُ فَاِنْ اَصَبْتَهُ شَفَيْتَ نَفْسَكَ وَنَفْسِي، وَنَفَعَكَ الْعَيْشُ مَعِي، وَاِنْ قُتِلْتَ فَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَزِبْرِجِهَا، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِي اِلَى هَذَا الْمِصْرِ اِلَّا قَتْلُ عَلِيٍّ، قَالَتْ: فَاِذَا اَرَدْتَ ذَلِكَ فَاَخْبِرْنِي حَتَّى اَطْلُبَ لَكَ مَنْ يَشُدُّ ظَهْرَكَ، وَيُسَاعِدُكَ عَلَى اَمْرِكَ، فَبَعَثَتْ اِلَى رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهَا مِنْ تَيْمِ الرَّبَابِ، يُقَالُ لَهُ: وَرْدَانُ، فَكَلَّمَتْهُ، فَاَجَابَهَا، وَاَتَى ابْنُ مُلْجَمٍ رَجُلًا مِنْ

کیا' ان میں سے کوئی آدمی اپنے ساتھی جس کی طرف اس نے منہ کیا ہے' سے پیچھے نہیں ہٹے گا یہاں تک کہ اسے قتل کر ڈالے یا اس کے سامنے خود مر جائے۔ اُنہوں نے اپنی تلواریں سنبھالیں' ان کو زہر میں بجھایا اور دل سے وعدہ کر لیا کہ ہر آدمی نے سترہ رمضان شریف کو اپنے مقرر کردہ آدمی پر حملہ کر دینا ہے اور ان میں سے ہر آدمی اس شہر کی طرف چل پڑا جس میں اس کا مطلوبہ بندہ تھا' لیکن ابن ملجم مرادی اپنے کوفی ساتھیوں کے پاس آیا' لیکن اپنے اس کام کو اُن سے پوشیدہ رکھا' اپنے کام میں سے کسی شی کو اُن پر ظاہر کرنے کو ناپسند کرتے ہوئے۔ وہ تیم الرباب قبیلہ کے اپنے دوستوں سے ملا جبکہ حضرت علی بن ابوطالب نہر کے دن ان میں سے کئی کو قتل کیا تھا' اُنہوں نے اپنے مقتولوں کا ذکر بھی کیا' ان پر رحم کا اظہار بھی کیا۔ راوی کا بیان ہے: وہ اسی دن ہی تیم الرباب قبیلے کی عورت قطام بنت شخنہ سے بھی ملا' جس کے باپ اور بھائی کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نہر کے دن قتل کیا تھا' وہ عورت انتہائی خوبصورت تھی' پس ابن ملجم نے جب اسے دیکھا تو وہ اس کی عقل سے چمٹ گئی۔ وہ جس کام کے لیے آیا تھا وہ کام بھول گیا اور اسے نکاح کی دعوت دے بیٹھا' اُس نے جواب دیا: میں ایک شرط پہ تجھ سے شادی کروں گی کہ تُو میرا دل ٹھنڈا کرے' میرے دشمن کو مار کر۔ اس نے کہا: تیری خواہش کیا ہے؟ اُس نے کہا: تین ہزار درہم' ایک غلام' ایک لونڈی اور قتلِ علی اور

اَشْجَعَ يُقَالُ لَهُ: شَبِيبُ بْنُ نَجْدَةَ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ لَكَ فِي شَرَفِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: قَتْلُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ، لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِدًّا، كَيْفَ تَقْدِرُ عَلَى قَتْلِهِ؟ قَالَ: اَكْمُنُ لَهُ فِي السَّحَرِ فَاِذَا خَرَجَ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ شَدَدْنَا عَلَيْهِ فَقَتَلْنَاهُ، فَاِنْ نَجَوْنَا شَفَيْنَا اَنْفُسَنَا وَاَدْرَكْنَا ثَارَنَا، وَاِنْ قُتِلْنَا فَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَزِبْرِجِ اَهْلِهَا، قَالَ: وَيْحَكَ لَوْ كَانَ غَيْرَ عَلِيٍّ كَانَ اَهْوَنَ عَلَيَّ، قَدْ عَرَفْتُ بَلَاءَهُ فِي الْاِسْلَامِ، وَسَابِقَتَهُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا اَجِدُنِي انْشَرِحُ لِقَتْلِهِ، قَالَ: اَمَا تَعْلَمُ اَنَّهُ قَتَلَ اَهْلَ النَّهَرِ الْعُبَّادَ الْمُصَلِّينَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَقَتَلَهُ بِمَا قَتَلَ مِنْ اِخْوَانِنَا، فَاَجَابَهُ فَجَاءُوا حَتَّى دَخَلُوا عَلَى قَطَامٍ وَهِيَ فِي الْمَسْجِدِ الْاَعْظَمِ مُعْتَكِفَةٌ فِيهِ، فَقَالُوا لَهَا: قَدْ اَجْمَعَ رَاْيُنَا عَلَى قَتْلِ عَلِيٍّ، قَالَتْ: فَاِذَا اَرَدْتُمْ ذَلِكَ فَاْتُونِي، فَجَاءَ، فَقَالَ: هَذِهِ اللَّيْلَةُ الَّتِي وَاعَدْتُ فِيهَا صَاحِبِي اَنْ يَقْتُلَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَّا صَاحِبَهُ، فَدَعَتْ لَهُمْ بِالْحَرِيرِ فَعَصَّبَتْهُمْ، وَاَخَذُوا اَسْيَافَهُمْ وَجَلَسُوا مُقَابِلَ السُّدَّةِ الَّتِي يَخْرُجُ مِنْهَا عَلِيٌّ، فَخَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَجَعَلَ يُنَادِي: الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، فَشَدَّ عَلَيْهِ شَبِيبٌ فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ، فَوَقَعَ السَّيْفُ بِعِضَادَةِ الْبَابِ - اَوْ بِالطَّاقِ - فَشَدَّ عَلَيْهِ ابْنُ مُلْجَمٍ فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ فِي قَرْنِهِ، وَهَرَبَ وَرْدَانُ حَتَّى دَخَلَ مَنْزِلَهُ، وَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي اُمِّهِ، وَهُوَ يَنْزِعُ الْحَرِيرَ

بس۔ اس نے کہا: یہ تیرا مہر ہوا' باقی علی کا قتل تو اس حوالے سے میرا خیال نہیں تھا کہ تُو مجھ سے اس کا ذکر کرے گی اور تُو دل سے اس کو چاہتی ہے؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! اس کی شکل تلاش کر! پس اگر تُو اس میں کامیاب ہوا تو اپنے آپ کو اور مجھے مطمئن کرے گا اور میری زندگی سے نفع اُٹھائے گا اور اگر تُو قتل ہوا تو اللہ کے نزدیک دنیا اور دنیا والوں کی زینت سے بہتر ہے۔ ابن ملجم نے کہا: اس شہر میں میرے آنے کی غرض ہی علی کا قتل ہے۔ اس عورت نے کہا: پس اس کام کا اگر تیرا واقعی ارادہ ہے تو مجھے بتا! یہاں تک کہ اس کام پر تیرا معاون و مددگار تلاش کروں' اس تیم الرباب میں سے اپنی قوم کے ایک آدمی وردان کی طرف پیغام بھیجا۔ عورت نے اس سے بات کی تو وہ مان گیا۔ ابن ملجم اشجع قبیلے کے ایک آدمی کی طرف آیا جس کا نام شبیب بن نجدہ تھا' اُس نے کہا: دنیا و آخرت میں تیرے لیے کیا بزرگی ہے؟ اس نے کہا: تیرا مطلب کیا ہے؟ اس نے کہا: قتلِ علی! اس نے کہا: تیری ماں تجھے روئے! تُو عجیب بات لایا ہے' تو اُن کے قتل پر کیسے قادر ہوگا؟ اس نے کہا: میں سحری کے وقت چھپ جاؤں گا' پس جب وہ صبح کی نماز کے لیے نکلیں گے تو ہم ان پر حملہ کر کے ان کو قتل کر دیں گے' پس اگر ہم نے نجات پائی تو ہم نے اپنے دلوں کو مطمئن کیا اور اپنا بدلہ لے لیا' اگر ہم قتل ہوئے تو اللہ کے ہاں دنیا اور اس کی زینت سے بہتر ہے۔ اس نے کہا: تُو ہلاک ہو! اگر علی کے علاوہ کوئی بھی

وَالسَّيْفَ عَنْ صَدْرِهِ، فَقَالَ: مَا هَذَا السَّيْفُ وَالْحَرِيرُ، فَأَخْبَرَهُ بِمَا كَانَ، فَلَهَبَ إِلَى مَنْزِلِهِ فَجَاءَ بِسَيْفِهِ فَضَرَبَهُ، حَتَّى قَتَلَهُ وَخَرَجَ شَبِيبٌ نَحْوَ بَوَابِ كِنْدَةَ، وَشَدَّ عَلَيْهِ النَّاسُ إِلَّا أَنَّ رَجُلًا مِنْ حَضْرَمَوْتَ يُقَالُ لَهُ: عُوَيْمِرٌ ضَرَبَ رِجْلَهُ بِالسَّيْفِ فَصَرَعَهُ وَجَثَمَ عَلَيْهِ الْحَضْرَمِيُّ، فَلَمَّا رَأَى النَّاسَ قَدْ قَبَلُوا فِي طَلَبِهِ، وَسَيْفُ شَبِيبٍ فِي يَدِهِ خَشِيَ عَلَى نَفْسِهِ فَتَرَكَهُ، فَنَجَا بِنَفْسِهِ وَنَجَا شَبِيبٌ فِي غِمَارِ النَّاسِ، وَخَرَجَ ابْنُ مُلْجَمٍ فَشَدَّ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ هَمْدَانَ يُكَنَّى: أَبَا آدَمَا فَضَرَبَ رِجْلَهُ وَصَرَعَهُ، وَتَأَخَّرَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَدَفَعَ فِي ظَهْرِ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ بْنِ أَبِي وَهْبٍ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ الْغَدَاةَ، وَشَدَّ عَلَيْهِ النَّاسُ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ، وَذَكَرُوا أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ حُنَيْفٍ قَالَ: وَاللَّهِ إِنِّي لَأُصَلِّي تِلْكَ اللَّيْلَةَ الَّتِي ضُرِبَ فِيهَا عَلِيٌّ فِي الْمَسْجِدِ الْأَعْظَمِ، قَرِيبًا مِنَ السُّدَّةِ فِي رِجَالٍ كَثِيرٍ مِنْ أَهْلِ الْمِصْرِ مَا فِيهِمْ إِلَّا قَائِمٌ وَرَاكِعٌ وَسَاجِدٌ وَمَا يَسْأَمُونَ مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ إِلَى آخِرِهِ، إِذْ خَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَجَعَلَ يُنَادِي: أَيُّهَا النَّاسُ، الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، فَمَا أَدْرِي أَتَكَلَّمَ بِهَذِهِ الْكَلِمَاتِ أَوْ نَظَرْتُ إِلَى بَرِيقِ السُّيُوفِ، وَسَمِعْتُ: الْحُكْمُ لِلَّهِ، لَا لَكَ يَا عَلِيُّ وَلَا لِأَصْحَابِكَ، فَرَأَيْتُ سَيْفًا، ثُمَّ رَأَيْتُ نَاسًا، وَسَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: لَا يَفُوتُكُمُ الرَّجُلُ، وَشَدَّ عَلَيْهِ النَّاسُ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ، فَلَمْ أَبْرَحْ حَتَّى أُخِذَ ابْنُ

ہوتا تو مجھ پر آسان تھا' میں اچھی طرح واقف ہوں کہ اسلام میں ان کی آزمائش نبی کریم ﷺ کے ساتھ ساتھ رہنا' میں اس کے قتل کے لیے انشراحِ صدر نہیں پاتا ہوں۔ اس نے کہا: کیا تُو یہ نہیں جانتا ہے کہ انہوں نے نہروالوں میں سے کیسے کیسے عابد اور نمازی قتل کیے؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! اس نے کہا: ان کا قتل بدلہ ہوگا' ہمارے ان بھائیوں کا جن کو اُنہوں نے قتل کیا۔ وہ ما گیا' پس وہ آئے یہاں تک کہ قطامہ کے گھر میں داخل ہوئے جبکہ وہ بڑی مسجد میں اعتکاف میں تھی' اُنہوں نے اس سے کہا: حضرت کے قتل پر ہم سب کی رائے ایک ہوگئی ہے' اس نے کہا: پس جب تم نے ارادہ کرلیا ہے تو میرے پاس آنا' پس ابن ملجم آیا' اُس نے کہا: آج وہ رات ہے جس میں میں نے اپنے ساتھیوں کو وعدہ دیا کہ ہم میں سے ہر ایک اپنے آدمی کو قتل کرے گا۔ اس عورت نے ان کے لیے ریشم منگوایا اور ان کے سینوں پر باندھ دیا' اُنہوں نے اپنی اپنی تلواریں پکڑیں اور اس دیوار کے مقابل بیٹھ گئے جس دروازے سے آپ رضی اللہ عنہ نے نکلنا تھا' پس حضرت علی رضی اللہ عنہ صبح کی نماز کے لیے باہر تشریف لائے' آپ آواز دینے لگے: نماز تیار ہے! نماز کے لیے چلو! پہلے شبیب نے حملہ کیا' اس نے تلوار کا ایک وار کیا تو اس کی تلوار طاق سے جا ٹکرائی' پھر اس کے بعد ابن ملجم نے حملہ کیا اُس نے آپ رضی اللہ عنہ کی کنپٹی پر تلوار ماری' جبکہ وردان بھاگ گیا یہاں تک کہ اپنے گھر جا داخل ہوا' اس

سنن علی بن ابی طالب ووفاته رضی الله عنه

مُلْجَمٍ فَأُدْخِلَ عَلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَدَخَلْتُ فِيمَنْ دَخَلَ مِنَ النَّاسِ، فَسَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: النَّفْسُ بِالنَّفْسِ، إِنْ هَلَكْتُ فَاقْتُلُوهُ كَمَا قَتَلَنِي، وَإِنْ بَقِيتُ رَأَيْتُ فِيهِ رَأْيِي، وَلَمَّا أُدْخِلَ ابْنُ مُلْجَمٍ عَلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، أَلَمْ أُحْسِنْ إِلَيْكَ؟ أَلَمْ أَفْعَلْ بِكَ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَمَا حَمَلَكَ عَلَى هَذَا؟ قَالَ: شَحَذْتُهُ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا، فَسَأَلْتُ اللّٰهَ أَنْ يَقْتُلَ بِهِ شَرَّ خَلْقِهِ، قَالَ لَهُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا أُرَاكَ إِلَّا مَقْتُولًا بِهِ، وَمَا أُرَاكَ إِلَّا مِنْ شَرِّ خَلْقِ اللّٰهِ، وَكَانَ ابْنُ مُلْجَمٍ مَكْتُوفًا بَيْنَ يَدَيِ الْحَسَنِ، إِذْ نَادَتْهُ أُمُّ كُلْثُومٍ بِنْتُ عَلِيٍّ وَهِيَ تَبْكِي: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ، إِنَّهُ لَا بَأْسَ عَلَى أَبِي، وَاللّٰهُ مُخْزِيكَ، قَالَ: فَعَلَامَ تَبْكِينَ؟ وَاللّٰهِ لَقَدِ اشْتَرَيْتُهُ بِأَلْفٍ، وَسَمَّمْتُهُ بِأَلْفٍ، وَلَوْ كَانَتْ هَذِهِ الضَّرْبَةُ لِجَمِيعِ أَهْلِ الْمِصْرِ مَا بَقِيَ مِنْهُمْ أَحَدٌ سَاعَةً، وَهَذَا أَبُوكِ بَاقِيًا حَتَّى الْآنَ، فَقَالَ عَلِيٌّ لِلْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: إِنْ بَقِيتُ رَأَيْتُ فِيهِ رَأْيِي، وَإِنْ هَلَكْتُ مِنْ ضَرْبَتِي هَذِهِ فَاضْرِبْهُ ضَرْبَةً، وَلَا تُمَثِّلْ بِهِ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْهَى عَنِ الْمُثْلَةِ وَلَوْ بِالْكَلْبِ الْعَقُورِ وَذَكَرَ أَنَّ جُنْدُبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ دَخَلَ عَلَى عَلِيٍّ يَسْأَلُ بِهِ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، إِنْ فَقَدْنَاكَ وَلَا نَفْقِدُكَ فَنُبَايِعُ الْحَسَنَ؟ قَالَ: مَا آمُرُكُمْ، وَلَا أَنْهَاكُمْ أَنْتُمْ أَبْصَرُ، فَلَمَّا قُبِضَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعَثَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَى ابْنِ مُلْجَمٍ، فَأُدْخِلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ

کی ماں کے بیٹوں میں سے ایک اس کے پاس آیا' وہ اپنے سینے سے ریشم اور تلوار اُتار رہا تھا۔ اُس نے پوچھا: یہ تلوار اور ریشم کیا ہے؟ اس نے ساری خبر دی' وہ اپنے گھر جا کر اپنی تلوار لایا اور اس کا سر قلم کر دیا۔ شبیب کندہ قبیلہ کے دروازوں کی طرف نکلا اور لوگوں نے اس پر حملہ کر دیا مگر حضرموت کے ایک عویمر نامی آدمی نے اس کی ٹانگ پر تلوار مار کر اُسے گرا دیا اور حضرمی نے اسے قابو کر لیا۔ پس جب لوگوں نے یہ صورتِ حال دیکھی تو وہ اس کی تلاش میں چلے۔ شبیب کی تلوار اس کے ہاتھ میں تھی' اسے اپنی جان پر خوف ہوا تو اسے چھوڑ کر اپنی جان بچالی اور لوگوں کی بھیڑ میں شبیب کو بھاگ جانے کا موقع مل گیا۔ ابن ملجم وہاں سے نکلا تو ایک ہمدانی نے اس پر حملہ کیا جس کی کنیت ابوادماتھی' اُس نے اس کی ٹانگ پر تلوار مار کر اسے گرا دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹ گئے (اُنہوں نے نماز نہیں پڑھائی) آپ رضی اللہ عنہ نے جعدہ بن ہبیرہ بن ابووہب کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر اُنہیں آگے کیا' پس اُنہوں نے لوگوں کو صبح کی نماز پڑھائی' اس کے بعد لوگوں نے ابن ملجم پر ہر طرف سے حملہ کر دیا۔ راویوں نے ذکر کیا ہے کہ محمد بن حنیف کا قول ہے: قسم بخدا! میں نے اس رات میں جس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ پر وار ہوا' بڑی مسجد میں اس دیوار کے قریب نماز پڑھ رہا تھا' مصر کے بہت سارے لوگوں کے اندر ہی (میں نے دیکھا) ان میں سے کوئی قیام میں ہے' کوئی رکوع میں تو کوئی سجود میں' وہ

لَهُ ابْنُ مُلْجَمٍ: هَلْ لَكَ فِي خَصْلَةٍ؟ إِنِّي وَاللّٰهِ مَا اَعْطَيْتُ اللّٰهَ عَهْدًا إِلَّا وَفَّيْتُ بِهِ، إِنِّي كُنْتُ اَعْطَيْتُ اللّٰهَ عَهْدًا اَنْ اَقْتُلَ عَلِيًّا، وَمُعَاوِيَةَ اَوْ اَمُوتَ دُونَهُمَا، فَإِنْ شِئْتَ خَلَّيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ، وَلَكَ اللّٰهَ عَلَيَّ إِنْ لَمْ اَقْتُلْهُ اَنْ آتِيَكَ حَتّٰى اَضَعَ يَدِي فِي يَدِكَ، فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَا وَاللّٰهِ اَوْ تُعَايِنُ النَّارَ، فَقَدَّمَهُ فَقَتَلَهُ، ثُمَّ اَخَذَهُ النَّاسُ فَاَدْرَجُوهُ فِي بَوَارِي، ثُمَّ اَحْرَقُوهُ بِالنَّارِ، وَقَدْ كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا أُلْفِيَنَّكُمْ تَخُوضُونَ دِمَاءَ الْمُسْلِمِينَ، تَقُولُونَ: قُتِلَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ، قُتِلَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ، اَلَا لَا يُقْتَلُ بِي إِلَّا قَاتِلِي، وَاَمَّا الْبَرْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَعَدَ لِمُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَخَرَجَ بِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَشَدَّ عَلَيْهِ بِسَيْفِهِ وَاَدْبَرَ مُعَاوِيَةُ هَارِبًا، فَوَقَعَ السَّيْفُ فِي اِلْيَتِهِ، فَقَالَ: إِنَّ عِنْدِي خَبَرًا مُشْرُكَ بِهِ، فَإِنْ اَخْبَرْتُكَ اَنَافِعِي ذٰلِكَ عِنْدَكَ؟ قَالَ: وَمَا هُوَ؟ قَالَ: إِنَّ اَخًا لِي قَتَلَ عَلِيًّا فِي هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، قَالَ: فَلَعَلَّهُ لَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ؟ قَالَ: بَلٰى، إِنَّ عَلِيًّا يَخْرُجُ لَيْسَ مَعَهُ اَحَدٌ يَحْرُسُهُ، فَاَمَرَ بِهِ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُتِلَ، فَبَعَثَ إِلَى السَّاعِدِيِّ وَكَانَ طَبِيبًا، فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَقَالَ: إِنْ ضَرْبَتَكَ مَسْمُومَةٌ، فَاخْتَرْ مِنِّي إِحْدَى خَصْلَتَيْنِ: إِمَّا اَنْ اَحْمِيَ حَدِيدَةً فَاَضَعَهَا مَوْضِعَ السَّيْفِ، وَإِمَّا اَسْقِيَكَ شَرْبَةً تَقْطَعُ مِنْكَ الْوَلَدَ، وَتَبْرَأُ مِنْهَا، فَإِنَّ ضَرْبَتَكَ مَسْمُومَةٌ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: اَمَّا النَّارُ فَلَا صَبْرَ لِي عَلَيْهَا، وَاَمَّا انْقِطَاعُ الْوَلَدِ فَإِنَّ فِي

ساری رات رات کے پہلے حصہ سے آخری حصہ تک عبادت میں مصروف رہے۔ جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ صبح کی نماز کے لیے تشریف لائے تو آپ نے (اپنی عادت کے مطابق) نداء دینا شروع کی: الصلوٰۃ الصلوٰۃ! میں صحیح طور پر اندازہ نہیں کر پا رہا ہوں کہ کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ کلمات کہے (اور میں نے سنے) یا میں نے تلواروں کی چمک کو دیکھا اور اُدھر میں نے کانوں سے سنا: حکم اللہ کے لیے ہے' تیرے لیے نہیں ہے' اے علی! آپ فرمانے لگے: آدمی تم سے جانے نہ پائے' لوگوں نے ہر طرف سے اس پر حملہ کر دیا' یہی صورتِ حال رہی یہاں تک کہ ابن ملجم گرفتار ہوا' اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں لایا گیا' میں بھی وہاں جانے والے لوگوں میں گھس گیا' میں نے حضرت علی کو فرماتے ہوئے سنا: جان کے بدلے جان ہے! اگر میں شہید ہو جاؤں تو اسے اسی طریقے سے قتل کرنا' جس طریقے سے اس نے مجھے شہید کیا اور اگر میں زندہ باقی رہا تو میں اپنی رائے قائم کروں گا۔ پس جب ابن ملجم کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ کے دشمن! کیا میں نے تجھ سے اچھا سلوک نہیں کیا؟ کیا میں نے تیرا وہ کام نہ کیا؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! آپ کی ساری باتیں درست ہیں۔ آپ نے فرمایا: تو پھر تجھے کس چیز نے اس کام کی حرص دلائی؟ اُس نے کہا: میں نے چالیس دن اپنی تلوار کو زہر میں بجھایا اور اللہ سے سوال کیا کہ میں اس

يَزِيدَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ، وَوَلَدِهِمَا مَا تَقَرُّ بِهِ عَيْنَيَّ، فَسَقَاهُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ الشَّرْبَةَ، فَبَرَأَ فَلَمْ يُولَدْ بَعْدُ لَهُ، فَأَمَرَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِالْمَقْصُورَاتِ، وَقِيَامِ الشُّرَطِ عَلَى رَأْسِهِ، وَقَالَ عَلِيٌّ لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ: أَيْ بَنِيَّ أُوصِيكُمَا بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ عِنْدَ مَحِلِّهَا، وَحُسْنِ الْوُضُوءِ، فَإِنَّهُ لَا يُقْبَلُ صَلَاةٌ إِلَّا بِطَهُورٍ، وَأُوصِيكُمْ بِغَفْرِ الذَّنْبِ، وَكَظْمِ الْغَيْظِ، وَصِلَةِ الرَّحِمِ، وَالْحِلْمِ عَنِ الْجَهْلِ، وَالتَّفَقُّهِ فِي الدِّينِ، وَالتَّثَبُّتِ فِي الْأَمْرِ، وَتَعَاهُدِ الْقُرْآنِ، وَحُسْنِ الْجِوَارِ، وَالْأَمْرِ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَاجْتِنَابِ الْفَوَاحِشِ، قَالَ: ثُمَّ نَظَرَ إِلَى مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ فَقَالَ: هَلْ حَفِظْتَ مَا أَوْصَيْتُ بِهِ أَخَوَيْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنِّي أُوصِيكَ بِمِثْلِهِ، وَأُوصِيكَ بِتَوْقِيرِ أَخَوَيْكَ لِعِظَمِ حَقِّهِمَا عَلَيْكَ، وَتَزْيِينِ أَمْرِهِمَا، وَلَا تَقْطَعْ أَمْرًا دُونَهُمَا، ثُمَّ قَالَ لَهُمَا: أُوصِيكُمَا بِهِ، فَإِنَّهُ شَقِيقُكُمَا، وَابْنُ أَبِيكُمَا، وَقَدْ عَلِمْتُمَا أَنَّ أَبَاكُمَا كَانَ يُحِبُّهُ، ثُمَّ أَوْصَى فَكَانَتْ وَصِيَّتُهُ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، هٰذَا مَا أَوْصَى بِهِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَوْصَى أَنَّهُ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، أَرْسَلَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ، وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ، ثُمَّ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ

کے ساتھ اس کی مخلوق میں سے سب سے بُرے آدمی کو قتل کروں گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: میں تجھے اس کے ساتھ مقتول خیال کرتا ہوں اور میرا خیال ہے کہ تُو ہی اللہ کی مخلوق میں سے سب سے بُرا ہے۔ ابن ملجم کا کندھا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے سامنے تھا جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیٹی حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا نے اُسے آواز دی اس حال میں کہ آپ رو رہی تھیں: اے اللہ کے دشمن! میرے باپ پر تو کوئی حرج نہیں (وہ تو شہید ہوئے) لیکن اللہ تجھے ضرور رسوا فرمائے گا۔ اُس نے کہا: تُو کس چیز پر روتی ہے؟ قسم ہے! میں نے اس تلوار کو ہزار کے بدلے خریدا' ہزار زہر لگانے پہ خرچ کیا' اگر اس کی یہ ضرب تمام مصریوں کے لیے ہوتی تو ان میں سے ایک بھی باقی نہ رہتا' یہ تیرا باپ ہے جو ابھی باقی ہے۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر میں زندہ رہا تو میں اس میں اپنی رائے سے فیصلہ کروں گا اور میں اس ایک ضرب سے دنیا سے چلا گیا تو اسے ایک ہی وار سے مارنا' اس کا مثلہ نہ کرنا کیونکہ میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا کہ آپ مثلہ سے منع فرماتے تھے' اگرچہ باؤلے کتے کا ہی کیوں نہ ہو۔ اور ذکر ہے کہ حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آ کر پوچھنے لگے' کہا: اے امیرالمؤمنین! اگر آپ ہم سے جدا ہو جائیں' اللہ کرے جدا نہ ہوں! تو ہم حضرت امام حسن کی بیعت کر

الْعَالَمِينَ، لَا شَرِيكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ أُوصِيكُمَا يَا حَسَنُ، وَيَا حُسَيْنُ، وَجَمِيعَ أَهْلِي وَوَلَدِي، وَمَنْ بَلَغَهُ كِتَابِي بِتَقْوَى اللَّهِ رَبِّكُمْ، وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ، وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا، وَلَا تَفَرَّقُوا، فَإِنِّي سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ صَلَاحَ ذَاتِ الْبَيْنِ أَعْظَمُ مِنْ عَامَّةِ الصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ وَانْظُرُوا إِلَى ذَوِي أَرْحَامِكُمْ فَصِلُوهُمْ يُهَوِّنُ اللَّهُ عَلَيْكُمُ الْحِسَابَ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الْأَيْتَامِ لَا يَضِيعُنَّ بِحَضْرَتِكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الصَّلَاةِ فَإِنَّهَا عَمُودُ دِينِكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الزَّكَاةِ فَإِنَّهَا تُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ عَزَّ وَجَلَّ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ فَأَشْرِكُوهُمْ فِي مَعَايِشِكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الْقُرْآنِ فَلَا يَسْبِقَنَّكُمْ بِالْعَمَلِ بِهِ غَيْرُكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي بَيْتِ رَبِّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَخْلُوَنَّ مَا بَقِيتُمْ، فَإِنَّهُ إِنْ تُرِكَ لَمْ تُنَاظَرُوا، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي أَهْلِ ذِمَّةِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَا يُظْلَمُنَّ بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي جِيرَانِكُمْ فَإِنَّهُمْ وَصِيَّةُ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا زَالَ جِبْرِيلُ يُوصِينِي بِهِمْ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُمْ وَاللَّهَ اللَّهَ فِي أَصْحَابِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِنَّهُ وَصِيٌّ بِهِمْ، وَاللَّهَ اللَّهَ فِي الضَّعِيفَيْنِ: نِسَائِكُمْ، وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ، فَإِنَّ آخِرَ مَا تَكَلَّمَ بِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ قَالَ:

لیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نہ میں تمہیں حکم دیتا ہوں نہ منع کرتا ہوں' تم زیادہ بصیرت والے ہو۔

جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کا وصال باکمال ہوا تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے ابن ملجم کی طرف آدمی بھیجا' اسے لایا گیا تو آپ سے ابن ملجم نے کہا: کیا تیری کوئی عادت ہے؟ بے شک میں زندگی میں جو بھی اللہ سے وعدہ کیا اسے پورا کیا' میں نے اللہ سے وعدہ کیا کہ علی کو شہید کر کے رہوں گا اور معاویہ کو بھی نہ چھوڑوں گا' یا ان دونوں کے مقابلے میں مر جاؤں گا' پس اگر آپ چاہیں تو میرے اور ان کے درمیان سے ہٹ جائیں' آپ کو اختیار ہے مجھ پر اگر میں قتل نہ ہوا تو آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا ہاتھ آپ کے ہاتھ میں دے دوں گا۔ تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: نہیں! قسم بخدا! تُو ضرور آگ دیکھے گا۔ آپ نے آگے بڑھ کر ایک ہی وار سے اسے قتل کر دیا' پھر لوگوں نے اسے پکڑ کر بنجر زمین میں ڈالا' پھر اسے آگ سے جلا دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا تھا: اے بنی عبدالمطلب! مسلمانوں کے خون میں گھستا ہوا تمہیں نہ پاؤں' تم کہتے پھرو! امیر المؤمنین ہو گئے! امیر المؤمنین شہید ہو گئے! خبردار! میرے بدلے میں صرف میرا قاتل ہی قتل کیا جائے گا۔ باقی رہا معاملہ برک بن عبداللہ کا تو وہ حضرت امیر معاویہ کی تاڑ میں جا بیٹھا' پس آپ صبح کی نماز کے لیے اپنے گھر سے باہر نکلے تو اس نے تلوار کے ساتھ حملہ کیا' حضرت امیر معاویہ تیزی سے

اُوصِيكُمْ بِالضَّعِيفَيْنِ: النِّسَاءُ، وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، لَا تَخَافُنَّ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، يَكْفِكُمْ مَنْ اَرَادَكُمْ وَبَغَى عَلَيْكُمْ، وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا كَمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ، وَلَا تَتْرُكُوا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ، فَيُوَلِّيَ اَمْرَكُمْ شِرَارَكُمْ، ثُمَّ تَدْعُونَ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ، عَلَيْكُمْ بِالتَّوَاصُلِ، وَالتَّبَاذُلِ، وَاِيَّاكُمْ وَالتَّقَاطُعَ، وَالتَّدَابُرَ، وَالتَّفَرُّقَ، وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَى، وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ، وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ، حَفِظَكُمُ اللّٰهُ مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ، وَحَفِظَ فِيكُمْ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ وَاَقْرَاُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ، ثُمَّ لَمْ يَنْطِقْ اِلَّا بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهَ حَتَّى قُبِضَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ، فِي سَنَةِ اَرْبَعِينَ وَغَسَّلَهُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، وَكُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ، وَكَبَّرَ عَلَيْهِ الْحَسَنُ تِسْعَ تَكْبِيرَاتٍ، وَوَلِيَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَمَلَهُ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، وَكَانَ ابْنُ مُلْجَمٍ قَبْلَ اَنْ يَضْرِبَ عَلِيًّا قَاعِدًا فِي بَنِي بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، اِذْ مُرَّ عَلَيْهِ بِجَنَازَةِ اَبْجَرَ بْنِ جَابِرٍ الْعِجْلِيِّ اَبِي حَجَّارٍ، وَكَانَ نَصْرَانِيًّا وَالنَّصَارَى حَوْلَهُ، وَاُنَاسٌ مَعَ حَجَّارٍ بِمَنْزِلَتِهِ فِيهِمْ، يَمْشُونَ فِي جَانِبٍ، اَمَامَهُمْ شَقِيقُ بْنُ ثَوْرٍ السُّلَمِيُّ، فَلَمَّا رَآهُمْ قَالَ: مَا هَؤُلَاءِ؟ فَاُخْبِرَ، ثُمَّ اَنْشَاَ يَقُولُ:

(البحر الطويل)

لَئِنْ كَانَ حَجَّارُ بْنُ اَبْجَرَ مُسْلِمًا ... لَقَدْ

پیچھے ہٹ گئے' تلوار ان کی پچھلی طرف لگی تو اُس نے کہا: بے شک میرے پاس خوشخبری ہے' آپ کو سناؤں! پس اگر میں تجھے وہ خبر دوں تو کیا تیرے پاس کوئی فائدہ پا سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ اُس نے کہا: بے شک میرے ایک بھائی بندہ نے آج رات حضرت علی کو شہید کر دیا ہے' آپ نے فرمایا: ممکن ہے وہ اس پر قادر نہ ہوا ہو؟ اُس نے کہا: کیوں نہیں! حضرت علی اس حال میں نکلتے ہیں کہ ان کے ساتھ محافظ نہیں ہوتے جو ان کی حفاظت کریں۔ پس حضرت امیر معاویہ نے حکم دیا تو اسے قتل کر دیا گیا' پس آپ نے ساعدی طبیب کی طرف آدمی بھیجا' پس اُس نے آپ کو دیکھ کر کہا: اگر تو آپ پر زہر والا وار ہوا ہے تو میری طرف سے دو کاموں میں سے ایک کرنا پڑے گا' یا تو میں لوہے کی سلاخ کو گرم کرتا ہوں اور اسے تلوار لگنے کی جگہ رکھوں گا' یا پھر میں آپ کو ایک ایسا شربت پلاؤں گا جس کو پینے کے بعد آپ کی اولاد ہونے کا سلسلہ منقطع ہو جائے گا' لیکن آپ کی یہ تکلیف ختم ہو جائے گی کیونکہ آپ کا وار زہر والا ہے۔ تو حضرت امیر معاویہ نے اس سے کہا: آگ تو مجھ سے برداشت نہ ہو گی' باقی رہی بات اولاد منقطع ہونے کی تو (یار! سچ پوچھتا ہے تو) میرے بیٹے یزید' عبداللہ اور ان دونوں کی اولاد میں میری آنکھوں کی ٹھنڈک نہیں ہے۔ پس طبیب نے اسی رات آپ کو شربت پلا دیا' پس آپ ٹھیک ہو گئے لیکن اس کے بعد آپ کی اولاد نہیں ہوئی' اس کے بعد حضرت امیر معاویہ

بُوعِدَتْ مِنْهُ جِنَازَةُ اَبْجَرِ
وَاِنْ كَانَ حَجَّارُ بْنُ اَبْجَرَ كَافِرًا... فَمَا مِثْلُ هَذَا مِنْ كُفُورٍ بِمُنْكَرِ
اَتَرْضَوْنَ هَذَا اِنَّ قِسًّا وَمُسْلِمًا... جَمِيعًا لَدَى نَعْشٍ فَيَا قُبْحَ مَنْظَرِ
وَقَالَ ابْنُ اَبِي عَيَّاشٍ الْمُرَادِيُّ:
(البحر الطويل)
وَلَمْ اَرَ مَهْرًا سَاقَهُ ذُو سَمَاحَةٍ... كَمَهْرِ قَطَامِ بَيِّنًا غَيْرَ مُعْجَمِ
ثَلَاثَةُ آلَافٍ، وَعَبْدٌ، وَقَيْنَةٌ... وَضَرْبُ عَلِيٍّ بِالْحُسَامِ الْمُصَمَّمِ
وَلَا مَهْرَ اَغْلَى مِنْ عَلِيٍّ وَاِنْ غَلَا... وَلَا قَتْلَ اِلَّا دُونَ قَتْلِ ابْنِ مُلْجَمِ
وَقَالَ اَبُو الْاَسْوَدِ الدُّوَلِيُّ:
(البحر الوافر)
اَلَا اَبْلِغْ مُعَاوِيَةَ بْنَ حَرْبٍ... وَلَا قَرَّتْ عُيُونُ الشَّامِتِينَا
اَفِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ فَجَعْتُمُونَا... بِخَيْرِ النَّاسِ طُرًّا اَجْمَعِينَا
قَتَلْتُمْ خَيْرَ مَنْ رَكِبَ الْمَطَايَا... وَخَيْسَهَا وَمَنْ رَكِبَ السَّفِينَا
وَمَنْ لَبِسَ النِّعَالَ وَمَنْ حَذَاهَا... وَمَنْ قَرَاَ الْمَثَانِيَ وَالْمِئِينَا
لَقَدْ عَلِمَتْ قُرَيْشٌ حَيْثُ كَانَتْ... بِاَنَّكَ

نے محلات میں رہنے والیوں پر اور اپنے سر پر محافظ کھڑے کیے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو فرمایا: اے میرے بیٹو! میں تمہیں اللہ سے ڈرنے' اپنے وقت پر نماز قائم کرنے' درست جگہ زکوٰۃ دینے اور اچھا وضو کرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ وضو کے بغیر نماز قبول نہیں' گناہ معاف کرنے' غصہ پی جانے' صلہ رحمی' جہالت کے رویے کو برداشت کرنے' دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرنے' ہر معاملے میں ثابت قدم رہنے' قرآن کا دَور کرنے' پڑوسیوں سے نیک سلوک کرنے' نیکی کا حکم دینے' بُرائی سے منع کرنے اور فحش کاموں کو چھوڑ دینے کی وصیت کرتا ہوں۔ راوی کا بیان ہے: پھر آپ نے محمد بن حنفیہ کی طرف دیکھ کر فرمایا: کیا تم نے وہ وصیتیں یاد کر لیں جو میں نے تیرے دونوں بھائی کو کی ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: ہاں! آپ نیف رمایا: میں تجھے بھی انہیں کی مثل وصیت کرتا ہوں اور میں تجھے اپنے دونوں بھائیوں کی عزت کرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ ان دونوں کا حق بڑا ہے' ان دونوں کے مقابلے میں کوئی حکم لاگو نہ کرنا۔ پھر ان دونوں سے فرمایا: میں تم دونوں کو اس کے حوالے سے وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ تمہارا سگا بھائی اور تمہارے باپ کا بیٹا ہے اور تمہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ تمہارے باپ کو اس سے محبت ہے' پھر آپ نے وصیتیں فرمائیں اور آپ کی وصیت ہے: اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے!

خَيْرُهَا حَسَبًا وَدِينًا

وَاَمَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي بَكْرٍ فَقَعَدَ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَحِمَهُ اللّٰهُ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ الَّتِي ضُرِبَ فِيهَا مُعَاوِيَةُ، فَلَمْ يَخْرُجْ وَكَانَ اشْتَكَى بَطْنَهُ، فَاَمَرَ خَارِجَةَ بْنَ اَبِي حَبِيبٍ، وَكَانَ صَاحِبَ شُرْطَتِهِ، وَكَانَ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، فَخَرَجَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، فَشَدَّ عَلَيْهِ وَهُوَ يَرَى اَنَّهُ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ فَضَرَبَهُ بِالسَّيْفِ فَقَتَلَهُ، فَاُخِذَ وَاُدْخِلَ عَلَى عَمْرٍو، فَلَمَّا رَآهُمْ يُسَلِّمُونَ عَلَيْهِ بِالْاِمْرَةِ قَالَ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ، قَالَ: فَمَنْ قَتَلْتُ؟ قَالُوا: خَارِجَةَ، قَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ يَا فَاسِقُ مَا ضَمَّدْتُ غَيْرَكَ، قَالَ عَمْرٌو: اَرَدْتَنِي، وَاللّٰهُ اَرَادَ خَارِجَةَ، فَقَدَّمَهُ فَقَتَلَهُ، فَبَلَغَ ذَلِكَ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَكَتَبَ اِلَيْهِ:

(البحر الطويل)

وَقَتْلُكَ وَاَسْبَابُ الْاُمُورِ كَثِيرَةٌ... مَنِيَّةُ شَيْخٍ مِنْ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ

فَيَا عَمْرُو مَهْلًا اِنَّمَا اَنْتَ عَمُّهُ ... وَصَاحِبُهُ دُونَ الرِّجَالِ الْاَقَارِبِ

نَجَوْتَ وَقَدْ بَلَّ الْمُرَادِيُّ سَيْفَهُ ... مِنَ ابْنِ اَبِي شَيْخِ الْاَبَاطِحِ طَالِبِ

وَيَضْرِبُنِي بِالسَّيْفِ آخَرُ مِثْلُهُ... فَكَانَتْ عَلَيْهِ تِلْكَ ضَرْبَةَ لَازِبِ

وَاَنْتَ تُنَاغِي كُلَّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ... بِمِصْرِكَ بَيْضًا كَالظِّبَاءِ الشَّوَارِبِ

یہ حضرت علی کا وصیت نامہ ہے: آپ نے وصیت فرمائی کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں' اللہ نے آپ کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ رسول بنا کر بھیجا تا کہ اسے تمام دینوں پر غالب کر دے' اگرچہ مشرک اسے ناپسند کریں' پھر بے شک میری نماز اور دوسری عبادتیں حج و قربانی وغیرہ اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ' سارے جہانوں کے پالنے والے کے لیے ہے' اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی توحید کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں' اے حسن و حسین! میں تم دونوں کو وصیت کرتا ہوں بلکہ تمام گھر والوں اور اپنی تمام اولاد کو اور جس تک یہ خط پہنچے کہ تقویٰ اختیار کرو اور تم ضرور مسلمان ہی مرنا اور سب مل کر اللہ کی رسّی یعنی قرآن مضبوطی سے تھام لو اور آپس میں پھٹ نہ جاؤ کیونکہ میں نے ابوالقاسم ﷺ سے سنا: کثرتِ نماز اور روزہ سے اپنی ذات کی اصلاح بڑا کام ہے' اپنے قریبی رشتہ داروں کا خیال رکھو' ان سے صلہ رحمی کرو' اللہ تمہارا حساب آسان کر دے گا' یتیموں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو' تمہارے سامنے وہ ذلیل نہ ہوں' اللہ سے ڈر کر نماز ادا کرنا کیونکہ یہ تمہارے دین کا ستون ہے' اللہ کا خوف کرنا' زکوٰۃ دینا کیونکہ یہ رب غصے کو ٹھنڈا کرتی ہے' فقراء اور مساکین کے حوالے سے اللہ سے ڈرو' ان کو اپنی معاش میں شریک کرو' اللہ سے ڈرو' قرآن پڑھو' اس پر عمل کرنے میں دوسرے تم سے

وَكَانَ الَّذِي ذَهَبَ بِنَعْيِهِ سُفْيَانُ بْنُ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ الزُّهْرِيُّ، وَقَدْ كَانَ الْحَسَنُ بَعَثَ قَيْسَ بْنَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَلَى تَقْدِمَتِهِ فِي اثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا، وَخَرَجَ مُعَاوِيَةُ حَتَّى نَزَلَ اِيلِيَاءَ فِي ذَلِكَ الْعَامِ، وَخَرَجَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، حَتَّى نَزَلَ فِي الْقُصُورِ الْبِيضِ فِي الْمَدَائِنِ، وَخَرَجَ مُعَاوِيَةُ حَتَّى نَزَلَ مَسْكَنًا وَكَانَ عَلَى الْمَدَائِنِ عَمُّ الْمُخْتَارِ لِابْنِ اَبِي عُبَيْدٍ، وَكَانَ يُقَالُ لَهُ: سَعْدُ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ لَهُ الْمُخْتَارُ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ: هَلْ لَكَ فِي الْغِنَى وَالشَّرَفِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: تُوثِقُ الْحَسَنَ وَتَسْتَأْمِنُ بِهِ اِلَى مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: عَلَيْكَ لَعْنَةُ اللّٰهِ، اَاَثِبُ عَلَى ابْنِ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُوثِقُهُ؟ بِئْسَ الرَّجُلُ اَنْتَ، فَلَمَّا رَاَى الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَفَرُّقَ النَّاسِ عَنْهُ بَعَثَ اِلَيْهِ مُعَاوِيَةُ يَطْلُبُ الصُّلْحَ، فَبَعَثَ اِلَيْهِ مُعَاوِيَةُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَامِرٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَمُرَةَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ فَقَدِمَا عَلَى الْحَسَنِ بِالْمَدَائِنِ، فَاَعْطَيَاهُ مَا اَرَادَ وَصَالَحَاهُ، ثُمَّ قَامَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي النَّاسِ، وَقَالَ: يَا اَهْلَ الْعِرَاقِ، اِنَّهُ مِمَّا يُسْخِءُ بِنَفْسِي عَنْكُمْ ثَلَاثٌ: قَتْلُكُمْ اَبِي، وَطَعْنُكُمْ اِيَّايَ، وَانْتِهَابُكُمْ مَتَاعِي، وَدَخَلَ فِي طَاعَةِ مُعَاوِيَةَ رَحِمَهُمَا اللّٰهُ، وَدَخَلَ الْكُوفَةَ فَبَايَعَهُ النَّاسُ

آگے نہ نکل جائیں' جہاد کرنا' اللہ کی راہ میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے' اللہ اللہ! تمہارے رب سے گھر کے بارے میں وصیت کرتا ہوں' جب تک تم زندہ ہو اسے خالی نہ چھوڑنا کیونکہ اسے چھوڑا گیا تو تم ایک دوسرے کا منہ نہ دیکھ سکو گے' تمہارے نبی نے جن کو ذمی کا درجہ دیا ہے' ان کے حق میں بھی اللہ سے ڈرتے رہنا' تمہارے سامنے ان پر ظلم نہ ہونے پائے' اپنے پڑوسیوں کے حق میں اللہ کے حکموں پر عمل کرتے رہنا کیونکہ ان کے حوالے سے تمہارے نبی کی وصیت ہے۔ فرمایا: ان کے حوالے سے حضرت جبریل مجھے مسلسل وصیت کرتے رہے (جب بھی آتے تھے) یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ اللہ انہیں وراثت میں حصہ دار بنا دے گا۔ اپنے نبی کے صحابہ کے بارے میں اللہ کا خوف کرو کیونکہ یہ بھی تمہارے نبی کا حکم ہے' دو کمزور ضعیفوں کے حوالے سے اللہ سے ڈرو: (۱) تمہاری بیویاں (۲) تمہاری ملکیت میں غلام اور لونڈیاں' نماز نماز! اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خوف نہ کھاؤ' (اگر تم نے ایسا کیا اور) جس نے تمہیں نقصان پہنچانے کا ارادہ کیا اور تمہارے خلاف بغاوت کی تو اللہ اسے تمہاری طرف سے کافی ہو گا' لوگوں سے اچھی بات کرو جیسے اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے' لوگوں کو نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنے کا کام کرنا نہ چھوڑو' ورنہ تمہارے برے لوگوں کو تمہارا حکمران بنا دے گا' پھر تم پکارو گے لیکن تمہاری پکار نہیں سنی جائے گی'

باہم صلہ رحمی اور وقت آنے پر ایک دوسرے پر خرچ کرنے کا عمل نہ چھوڑو' ہاں! باہم قطع تعلقی اور خرچ کرنے سے پیچھے ٹھہرنے سے بچو' گروہ بندی سے پرہیز کرو' نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو' گناہ اور دشمنی پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو' اللہ سے ڈرو کیونکہ وہ سخت سزا دینے والا ہے' گھر والوں کے حوالے سے اللہ تمہاری حفاظت فرمائے اور اس نے تمہارے اندر تمہارے نبی کی حفاظت فرمائی۔ میں تم سب کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں اور تم سب پر سلام کہتا ہوں' پھر آپ کی زبان پر لا الٰہ الا اللہ کا ورد جاری ہوا یہاں تک کہ جان' جانِ آفریں کے حوالے کر دی۔ رمضان المبارک کا مہینہ تھا' چالیس ہجری تھی' حضرات امام حسن و حسین اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم نے آپ کو غسل دیا' تین کپڑوں میں آپ کو کفن دیا گیا جن میں سلی ہوئی قمیص نہیں تھی' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے سات تکبیریں پڑھیں' چھ ماہ تک حضرت امام حسن امیر المؤمنین رہے۔ ابن ملجم' حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے سے پہلے ایک دن بنی بکر بن وائل قبیلہ میں بیٹھا ہوا تھا' اسی دوران اسکے پاس سے ابوحجاز اجر بن جابر عجلی کا جنازہ گزرا' جبکہ وہ نصرانی تھا' عیسائی اس کے گرداگرد تھے' لوگوں میں اس کی قدر و منزلت کی وجہ سے حجاز کے ساتھ دیگر ایک طرف چل رہے تھے' شقیق بن ثور سلمی ان سب کے سامنے تھا' پس ابن ملجم نے انہیں دیکھا تو کہا: یہ کون ہیں؟ بس اسے بتایا گیا' پھر اس نے

کہنا شروع کیا: (بحر لمبی ہے:) شعر:

''اگر حجاز بن ابجر مسلمان ہوتا تو ابجر کا جنازہ اس سے دور کر دیا جاتا'

اور اگر حجار بن ابجر کافر ہوتا تو بُرائی سے انکار کی صورت' اس طرح نہ ہوتی'

کیا تم اس بات پر خوش ہو کہ عیسائیوں کا راہنما اور مسلمان اکٹھے میت کے پاس موجود ہوں' پس یہ کتنا بُرا منظر ہے''۔

اور ابن عیاش مرادی نے کہا: (لمبی بحر:)

''اور نہیں دیکھا کوئی مہر جس کو درگزر کرنے والے نے چلایا ہو' قطام کا مہر ہے جو بیان کر دیا گیا ہو اور اُس میں ابہام نہ ہو'

یعنی تین ہزار روپے' ایک غلام' ایک باندی اور کاٹ دار تلوار سے حضرت علی کا قتل'

کوئی مہر علی سے زیادہ مہنگا نہیں ہو سکتا خواہ کتنا ہی مہنگا کیوں نہ ہو اور کوئی قتل' ابن ملجم کے قتل سے کم درجہ نہیں ہے''۔

حضرت ابوالاسود دؤلی نے کہا: (بحر وافر:)

''خبردار! حضرت امیر معاویہ کو بات پہنچا دو اور ہماری تکلیف پر خوش ہونے والوں کی آنکھیں ٹھنڈی نہ ہوں'

عزت و حرمت والے مہینے میں کیا تم نے ہمیں تکلیف پہنچائی اور ایسی ہستی کے سبب جو تمام لوگوں سے بلند تھے'

تم نے ان لوگوں میں سے بہترین کو شہید کیا' جنہوں نے اچھی سواریوں پر سواری کی اور کشتیوں پر سوار ہوئے'

جن لوگوں نے نعلین پہنے' جن لوگوں نے جوتے بنائے اور جن لوگوں نے قرآن کی مثانی اور سورتیں تلاوت کیں (ان سب سے بہتر)'

قریش نے اچھی طرح جان لیا جہاں وہ ہیں کہ آپ (اے علی!) حسب (شرافت) اور دین میں ان سب سے افضل ہیں''۔

باقی رہا معاملہ عمرو بن ابوبکر کا تو وہ اسی رات جس میں حضرت امیر معاویہ کو ضرب لگی' حضرت عمرو بن عاص کی گھات میں بیٹھا لیکن ان کے پیٹ میں تکلیف تھی' اُنہوں نے حضرت خارجہ بن ابوحبیب کو حکم دیا جو ان کی پولیس کے انچارج تھے' ان کا تعلق بنوعامر بن لوی قبیلہ سے تھا' پس وہ لوگوں کو نماز پڑھانے نکلے تو اس نے اُن پر حملہ کیا' اس کا خیال تھا کہ یہ عمرو بن عاص ہیں' اس نے تلوار کا وار کر کے ان کا کام تمام کر دیا (وہ شہید ہو گئے)۔ پس لوگ اسے پکڑ کر حضرت عمرو کے پاس لائے' پس جب اس نے دیکھا کہ لوگ اسے امیر امیر کہہ کر سلام کر رہے ہیں تو اس نے پوچھا: یہ شخص کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: حضرت عمرو بن عاص! اس نے کہا: تو میں نے کس آدمی کو قتل کیا؟ اُنہوں نے کہا: حضرت خارجہ کو! وہ بولا: قسم بخدا! اے فاسق! میرے دل میں تو تیرے علاوہ کسی کے لیے کینہ نہ تھا۔ حضرت

عمرو بن عاص نے فرمایا: تُو نے میرا ارادہ کیا، اللہ نے حضرت خارجہ کا ارادہ فرمایا (اللہ کا ارادہ سبقت لے گیا) پس آپ نے آگے بڑھ کر اسے قتل کر دیا۔ پس یہ خبر حضرت معاویہ کو پہنچی تو آپ نے لکھا: (لمبی بحر:)

''لوَی بن غالب کے شیخ کی موت نے تجھے بچا لیا حالانکہ کاموں کے اسباب بہت زیادہ ہوتے ہیں'

پس اے عمرو! ٹھہرو! تم اس کے چچا ہو اور اس کے دیگر رشتہ داروں کے مقابلے میں اس کے ساتھی ہو'

آپ نے نجات پائی جبکہ مرادی نے اپنی تلوار کو ایک آدمی کے خون سے تر کیا' جو کہ ابو شیخ الاباطح کے بیٹے طالب ہیں'

اور (اِدھر) اسی جیسا ایک دوسرا آدمی میرے اوپر بھی وار کرتا ہے' پس اس پر یہ وار' اُچک جانے والی ضرب کی طرح ہے'

اور تُو ہر روز و شب اپنے شہر میں پینے والے ہرنوں کی مانند سفید لوگوں سے راز کی باتیں کرتا ہے''۔

اور وہ آدمی جوان کی موت کی خبر لے کر گیا' اس کا نام سفیان بن عبد شمس بن ابو وقاص تھا جبکہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اس کی پیشی کے لیے بارہ ہزار کے لشکر میں قیس بن سعد بن عبادہ کو بھیجا' حضرت امیر معاویہ شام سے نکل کر اسی سال ایلیاء آ گئے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نکلے یہاں تک کہ آپ نے مدائن کے شہر میں قصورِ ابیض میں نزولِ اجلال فرمایا' حضرت امیر معاویہ وہاں سے نکل کر اپنی رہائش گاہ پر

آئے' اس وقت مدائن پر ابوعبید کا بیٹا مختار کا چچا مقرر تھا' اسے سعد بن مسعود کہا جاتا تھا' پس مختار نے اس سے کہا حالانکہ ان دنوں ابھی بچہ تھا: کیا تجھے کسی مالداری اور مرتبے کی ضرورت نہیں ہے؟ اُس نے کہا: اس کا کیا مطلب ہے؟ مختار نے کہا: حضرت امام حسن کو قید کر کے حضرت امیر معاویہ کی خدمت میں پیش کرو۔ سعد نے اسے جواب دیا: تیرے اوپر اللہ کی لعنت ہو! (تیرا کیا مطلب ہے؟) میں رسول اللہ ﷺ کے نواسے پر حملہ کر کے اسے بیڑیوں میں جکڑ دوں؟ کتنا بُرا آدمی ہے تُو۔ پس جب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اُمت محمدیہ میں انتشار بڑھ رہا ہے تو حضرت امیر معاویہ کی طرف آدمی بھیج کر صلح کا مطالبہ کیا۔ حضرت امیر معاویہ نے عبداللہ بن عامر اور عبداللہ بن سمرہ بن حبیب بن شمس کو حضرت امام کی خدمت میں بھیجا' آپ مدائن میں تھے' وہ دونوں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے' حضرت امام کی خدمت میں وہ سب کچھ پیش کرنے کا وعدہ کیا جس کا آپ نے ارادہ فرمایا اور ان دونوں نے حضرت امیر معاویہ کے نمائندے کے طور پر آپ سے صلح کر لی۔ پھر امام حسن رضی اللہ عنہ اُٹھ کر لوگوں میں تشریف لے گئے اور فرمایا: اے عراقیو! تین چیزوں کی وجہ سے میں تم سے الگ ہوتا ہوں: (۱) تم نے میرے باپ کو قید کیا (۲) مجھے طعنے دیئے (۳) میرا مال لوٹا۔ اس کے بعد آپ نے حضرت امیر معاویہ کی طاعت قبول کر لی' امیر معاویہ کوفہ تشریف

لائے اور لوگوں نے آپ کی بیعت کی۔

167 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ: دَعَاهُمْ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى الْبَيْعَةِ، فَجَاءَ فِيهِمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلْجَمٍ، وَقَدْ كَانَ رَآهُ قَبْلَ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: مَا يُحْبَسُ اَشْقَاهَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيُخْضِبَنَّ هٰذِهِ مِنْ هٰذِهِ، وَتَمَثَّلَ بِهٰذَيْنِ الْبَيْتَيْنِ:

(البحر الهزج)

اَشُدُّ حَيَازِيمَكَ لِلْمَوْ ... تِ فَاِنَّ الْمَوْتَ آتِيكَ

وَلَا تَجْزَعْ مِنَ الْمَوْتِ... اِذَا حَلَّ بِوَادِيكَ

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو بیعت کے لیے بلوایا' لوگ آئے تو ان میں عبدالرحمٰن بن ملجم بھی تھا' آپ عبدالرحمٰن کو دو مرتبہ پہلے دیکھ چکے تھے۔ پھر آپ نے فرمایا: تمہاری بدبختی کب تک چھپی رہے گی' اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس سے قتل کیا جاؤں گا' آپ نے پھر یہ دو شعر پڑھے:

''تم موت کے لیے تیار ہو جاؤ! کیونکہ موت نے آنا ہے' موت سے چھٹکارہ نہیں ہے' جب آئے گی''۔

حضرت ابوقلابہ بنی عامر کے قبیلہ کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' حضرت ایوب نے فرمایا: مجھے حضرت ابوقلابہ نے بیان کیا: وہ آدمی زندہ ہے' ان سے ملو' ان سے آپ حدیث سنیں۔ حضرت ایوب فرماتے ہیں کہ میں عامری سے ملا' مجھے حدیث بیان کی کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک گھڑسوار قافلہ بھیجا' اس نے ہمارے پڑوسی کے اونٹوں پر حملہ کیا' اس کو لے گیا اس کو لے کر چلا۔ میرے والد یا میرے چچا یا کسی قریبی نے کہا: وہ اس معاملہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' وہ فرماتے ہیں کہ میں آپ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! کیونکہ اللہ عزوجل نے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور نماز بھی آدھی فرض کی ہے اور حاملہ کو بھی روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے۔ آپ نے اونٹوں کے متعلق حکم دیا کہ ان کو واپس کر دے۔ یہ حدیث جب بھی بیان کرتے تو افسوس کرتے' کہتے: میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

764 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمَكِّيِّ، ثنا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالُوا: ثنا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَجُلٍ مِنْ بَنِي كَعْبٍ قَالَ: اَغَارَتْ عَلَيْنَا خَيْلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: اجْلِسْ فَاَصِبْ مِنْ طَعَامِنَا هَذَا فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي صَائِمٌ، قَالَ: اجْلِسْ اُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الصَّوْمِ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ شَطْرَ - اَوْ نِصْفَ - الصَّلَاةِ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَوَضَعَ الصَّوْمَ - اَوِ الصِّيَامَ - عَنِ الْمُسَافِرِ، وَالْمَرِيضِ، وَالْحَامِلِ وَاللّٰهِ لَقَدْ قَالَهَا جَمِيعًا، اَوْ اِحْدَاهَا، فَلُمْتُ نَفْسِي اَلَّا اَكُونَ اَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ بنی کعب کے ایک آدمی نے کہا: حضور ﷺ کے ایک گھڑسوار قافلہ نے ہمارے اوپر غارت کی ہے' میں آپ ﷺ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: بیٹھو! میں تمہیں نماز اور روزہ کے بارے بتاتا ہوں' بے شک اللہ عزوجل نے مسافر' بیمار اور حاملہ عورت کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور نماز بھی آدھی فرض کی ہے تو بعد میں افسوس کرتے' کہتے: میں حضور ﷺ کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

765 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ ابْنِ سَوَادَةَ الْقُشَيْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَغَارَتْ عَلَيْنَا خَيْلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: اجْلِسْ فَاَصِبْ مِنْ طَعَامِنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے ایک گھڑسوار قافلہ نے ہمارے اوپر حملہ کیا' میں آپ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: بیٹھو! ابھی میں نماز اور روزے کے متعلق تجھے بتاتا ہوں' اللہ نے مسافر کو آدھی نماز معاف کی ہے'

انس بن مالک القشیری یکنی ابا امیة ویقال ابو مية.....

764- أخرج نحوه الترمذی فی سننه جلد 3 صفحه 94 رقم الحديث: 715 عن أبی هلال عن عبد الله سوادة عن أنس بن مالك رجل من بنی كعب به .

فَقُلْتُ: اِنِّی صَائِمٌ، فَقَالَ: اجْلِسْ اُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الصِّيَامِ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ شَطْرَ الصَّلَاةِ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَوَضَعَ الصِّيَامَ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَعَنِ الْمُرْضِعِ فَلُمْتُ نَفْسِی اَلَّا اَكُونَ اَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسافر اور دودھ پلانے والی عورت کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے' میں نے اپنے آپ کو ملامت کیا کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

766 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِیِّ، ثنا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: هَلُمَّ فَقَالَ: اِنِّی صَائِمٌ، فَقَالَ: هَلُمَّ اُحَدِّثْكَ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصِّيَامَ، وَشَطْرَ الصَّلَاةِ

حضرت زرارہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کھانا تناول فرمارہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھاؤ! اس نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: آؤ! میں تمہیں بتاتا ہوں کہ اللہ عزوجل نے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور آدھی نماز معاف کی ہے۔

اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ الْاَنْصَارِیُّ عَمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے چچا حضرت انس بن نضر انصاری رضی اللہ عنہ

767 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ، ثنا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ النَّضْرِ، عَمَّتَهُ لَطَمَتْ جَارِيَةً وَكَسَرَتْ سِنَّهَا، فَعَرَضُوا عَلَيْهِمُ الْاَرْشَ فَاَبَوْا، فَطَلَبُوا الْعَفْوَ، فَاَبَوْا، فَاَتَوُا النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَهُمْ بِالْقِصَاصِ، فَجَاءَ اَخُوهَا اَنَسُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ربیع بنت نضر نے (میری پھوپھی) اپنی لونڈی کو تھپڑ مارا تو اس کے دانت ٹوٹ گئے' اسے اس کی دیت دی گئی تو اس نے لینے سے انکار کر دیا' ان سے معافی مانگی تو اُنہوں نے انکار کر دیا' وہ لوگ حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ نے قصاص کا حکم دے دیا۔ بنو ربیع

767- أخرجه البخاری فی صحيحه جلد 2 صفحه 961 رقم الحديث: 2556 عن محمد بن عبد الله عن حميد عن أنس به .

النَّضْرِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتُكْسَرُ سِنُّ الرُّبَيِّعِ؟ لَا، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَا تُكْسَرُ سِنُّهَا، فَقَالَ: يَا اَنَسُ، كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ، فَعَفَا الْقَوْمُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

کے بھائی حضرت انس بن نضر آئے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ربیع کے دانت توڑیں گے؟ ایسا نہیں ہو سکتا! قسم اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! اس کے دانت نہیں توڑے جائیں گے۔ آپ نے فرمایا: اے انس! اللہ کی کتاب میں قصاص کا حکم ہے۔ لوگوں نے معاف کر دیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے بندوں میں سے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ پر قسم اُٹھائیں تو اللہ عزوجل قسم پوری کرتا ہے۔

768 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ عَمَّهُ اَنَسَ بْنَ النَّضْرِ غَابَ عَنْ قِتَالِ بَدْرٍ، فَقَالَ: غِبْتُ عَنْ اَوَّلِ قِتَالِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُشْرِكِينَ، لَئِنْ اَشْهَدَنِي اللّٰهُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَا اَصْنَعُ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ لَقِيَ الْمُشْرِكِينَ، وَهُزِمَ النَّاسُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعْتَذِرُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هَؤُلَاءِ - يَعْنِي الْمُسْلِمِينَ - وَاَبْرَاُ اِلَيْكَ مِمَّا جَاءَ بِهِ هَؤُلَاءِ - يَعْنِي الْمُشْرِكِينَ - ثُمَّ اَخَذَ السَّيْفَ فَلَقِيَ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ، فَقَالَ: اَيْ سَعْدُ اِنِّي لَاَجِدُ رِيحَ الْجَنَّةِ دُونَ اُحُدٍ فَمَضَى فَقُتِلَ، فَمَا عُرِفَ حَتَّى عَرَفَتْهُ اُخْتُهُ مِنْ حُسْنِ بَنَانِهِ، وَاِذَا بِهِ بِضْعٌ وَثَمَانُونَ مِنْ طَعْنَةٍ بِرُمْحٍ، وَضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ، وَرَمْيَةٍ بِسَهْمٍ

768 - حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے چچا حضرت انس بن نضر بدر کی جنگ میں شریک نہیں ہوئے' میرے چچا نے کہا: میں اس جنگ میں شریک نہیں ہو سکا' حضور ﷺ نے مشرکوں کو مارا ہے' اگر اللہ عزوجل نے مجھے حضور ﷺ کے ساتھ کسی جنگ کا موقع دیا تو اللہ بھی دیکھے گا کہ میں کیا کرتا ہوں' جب اُحد کا دن تھا تو مشرکوں سے لڑائی ہوئی' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کسی وجہ سے شکست کا شکار ہونے لگے' حضرت انس بن نضر نے کہا: اے اللہ! جو اُنہوں نے کیا ہے' میں اس سے معذور ہوں' جو مشرکین لے کر آئے ہیں' ان سے بَری ہوں' پھر تلوار پکڑ کر حضرت سعد بن معاذ سے مل کر کہا: اے سعد! میں اُحد کی طرف سے جنت کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں۔ آپ چلے اور شہید ہو گئے (مشرکوں نے آپ کا مثلہ کر دیا تھا) اس لیے آپ کا لاشہ نہ پہچانا جا سکا۔ آپ کی بہن نے آپ کو پوروں

انس بن النضر الانصاری عم انس بن مالک رضی اللہ عنہ

768- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد4صفحه1487 رقم الحدیث: 3822 عن محمد بن طلحة بن مصرف عن حمید عن أنس به .

سے پہچانا' آپ کے جسم پر اسّی سے زیادہ نیزہ' تلوار اور تیر کے زخم تھے۔

اَنَسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ اَوْسٍ الْاَنْصَارِیُّ

حضرت انس بن معاذ بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ

769 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مِنَ الْاَنْصَارِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: اَنَسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ اَوْسِ بْنِ عَبْدِ عَمْرٍو

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو خندق کے دن شریک ہوئے' ان ناموں میں سے ایک نام حضرت انس بن معاذ بن اوس بن عبد عمرو ہے۔

اَنَسُ بْنُ اَوْسٍ الْاَنْصَارِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ

770 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: اَنَسُ بْنُ اَوْسٍ

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جسر کے دن انصار اور بنی عبد اشہل میں سے جو شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام حضرت انس بن اوس کا ہے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اُنَيْسٌ

یہ باب ہے جس کا نام اُنیس ہے

اُنَيْسُ بْنُ اَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيُّ، وَيُقَالُ اُنَيْسٌ يُكَنَّى

حضرت اُنس بن ابو مرثد غنوی رضی اللہ عنہ' آپ کو اُنیس بھی کہا جاتا ہے' آپ کی

اَبَا زَيْدٍ

771 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي السَّلُولِيُّ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ سَهْلُ بْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ اَنَّهُمْ سَارُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ . يَكْتُبُ تَمَامَهُ مِنْ بَابِ السِّينِ، سَهْلُ بْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ يُكْتَبُ مِنْ بَابِ الزَّاي، زَيْدُ بْنُ رَافِعٍ قِصَّةُ الرَّجْمِ

کنیت ابوزید ہے

حضرت سہل بن حنظلیہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ خیبر کے دن چل رہے تھے۔ اس کے بعد باقی حدیث ذکر کی' مکمل حدیث باب السین میں لکھی گئی ہے سہل بن حنظلیہ کے نام سے اور باب زاء میں زید بن رافع کے نام سے رجم والے واقعہ میں۔

اُنَيْسُ بْنُ جُنَادَةَ الْغِفَارِيُّ اَخُو اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

772 - حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الْمَلِكِ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا اَبُو طَرِفَةَ عَبَّادُ بْنُ الرَّيَّانِ اللَّخْمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ رُوَيْمٍ اللَّخْمِيَّ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ لُدَيْنٍ، قَاضِي النَّاسِ مَعَ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا لَيْلَى الْاَشْعَرِيَّ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي اَبُو ذَرٍّ، قَالَ: اِنَّ اَوَّلَ مَا دَعَانِي اِلَى الْاِسْلَامِ اَنَّا كُنَّا قَوْمًا عُرُبًا فَاَصَابَتْنَا السَّنَةُ، فَحَمَلَتْ اُمِّي وَاَخِي، وَكَانَ اسْمُهُ اُنَيْسًا اِلَى اَصْهَارٍ لَنَا بِاَعْلَى

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت انیس بن جنادہ غفاری رضی اللہ عنہ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے جس شی نے مجھے اسلام کی دعوت دی' وہ یہ تھی کہ ہم دیہاتی لوگ تھے' ہم کو فاقہ پہنچا تو میں نے اپنی امی اور اپنے بھائی کو اُٹھایا' بھائی کا نام انیس تھا' نجد کی اونچی جگہ' جب ہم ان کے پاس پہنچے تو انہوں نے ہماری عزت کی' جب یہ قبیلہ سے ایک آدمی نے دیکھا تو وہ میرے خالو کے پاس گیا' اس نے کہا: آپ کو معلوم ہے کہ انیس آپ کے اہل خانہ کی مخالفت کرتا ہے؟ اس نے یہ بات اپنے دل میں رکھ لی' میں اونٹ چرا کر ان کی

772- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 383 رقم الحديث: 5457' وأورده الطبراني في الأوسط جلد 1 صفحه 23 رقم الحديث: 60 عن عامر بن لدين عن أبي ليلى الأشعري عن أبي ذر به .

نَجْدٍ، فَلَمَّا حَلَلْنَا بِهِمْ اَكْرَمُونَا، فَلَمَّا رَاَى ذٰلِكَ رَجُلٌ مِنَ الْحَيِّ مَشٰى اِلٰى خَالِي، فَقَالَ: تَعْلَمُ اَنَّ اُنَيْسًا يُخَالِفُكَ اِلٰى اَهْلِكَ؟ فَحَزَّ فِي قَلْبِهِ، فَانْصَرَفَ مِنْ رَعِيَّةِ اِبِلِي، فَوَجَدْتُهُ كَئِيبًا يَبْكِي، فَقُلْتُ: مَا بُكَاؤُكَ يَا خَالُ؟ فَاَعْلَمَنِي الْخَبَرَ، فَقُلْتُ: حَجَزَ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ، اِنَّا نَعَافُ الْفَاحِشَةَ، وَاِنْ كَانَ الزَّمَانُ قَدْ اَحَلَّ بِنَا، وَلَقَدْ كَدَّرْتَ عَلَيْنَا صَفْوَ مَا اَبْدَاتَنَا بِهِ، وَلَا سَبِيلَ اِلَى اجْتِمَاعٍ، فَاحْتَمَلْتُ اُمِّي وَاَخِي حَتّٰى نَزَلْنَا بِحَضْرَةِ مَكَّةَ، فَقَالَ اَخِي: اِنِّي مُدَافِعٌ رَجُلًا شَاعِرًا، فَقُلْتُ: لَا تَفْعَلْ، فَخَرَجَ بِهِ اللَّجَّاجُ حَتّٰى دَافَعَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ صِرْمَتَهُ اِلٰى صِرْمَتِهِ، وَايْمُ اللّٰهِ لَدُرَيْدٌ يَوْمَئِذٍ اَشْعَرُ مِنْ اَخِي، فَتَقَاضَيَا اِلٰى خَنْسَاءَ، فَفَضَّلَتْ اَخِي عَلٰى دُرَيْدٍ وَذَاكَ اَنَّ دُرَيْدًا خَطَبَهَا اِلٰى اَبِيهَا، فَقَالَتْ: شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا حَاجَةَ لِي فِيهِ، فَحَقَدَتْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ، فَضَمَمْنَا صِرْمَتَهُ اِلٰى صِرْمَتِنَا، فَكَانَتْ لَنَا هَجْمَةٌ، قَالَ: ثُمَّ اَتَيْتُ مَكَّةَ فَابْتَدَاْتُ بِالصَّفَا فَاِذَا عَلَيْهَا رِجَالَاتُ قُرَيْشٍ، وَقَدْ بَلَغَنِي اَنَّ بِهَا صَابِئًا، اَوْ مَجْنُونًا، اَوْ شَاعِرًا، اَوْ سَاحِرًا، فَقُلْتُ: اَيْنَ هٰذَا الَّذِي تَزْعُمُونَهُ؟ قَالُوا: هَا هُوَ ذَاكَ حَيْثُ تَرَى، فَانْقَلَبْتُ اِلَيْهِ فَوَاللّٰهِ مَا جُزْتُ عَنْهُمْ قَيْسَ حَجَرٍ حَتّٰى اَكَبُّو عَلٰى كُلِّ عَظْمٍ وَحَجَرٍ وَمَدَرٍ، فَضَرَّجُونِي بِدَمِي، فَاَتَيْتُ الْبَيْتَ فَدَخَلْتُ بَيْنَ السُّتُورِ وَالْبِنَاءِ، وَصَوَّمْتُ فِيهِ ثَلَاثِينَ يَوْمًا لَا اَكُلُ وَلَا اَشْرَبُ اِلَّا مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، حَتّٰى اِذَا كَانَتْ لَيْلَةٌ قَمْرَاءُ اُضْحِيَانُ،

طرف گیا۔ وہ پریشان رو رہے تھے' میں نے کہا: اے خالو! آپ کو کس نے رُلایا ہے؟ مجھے انہوں نے معاملہ بتایا تو میں نے کہا: اللہ عزوجل نے اس سے روک دیا ہے' ہم تو بے حیائی ناپسند کرتے ہیں' اگرچہ زمانہ ہم پر مسلط ہو گیا ہے تو ہم کو گدلا کر دیا جس صفائی پر ہم ابتداء سے تھے۔ بُرائی اور اچھائی جمع نہیں ہو سکتی' میں نے اپنی امی اور بھائی کو اُٹھایا یہاں تک کہ ہم مکہ کے پاس آ کر اُترے۔ میرے بھائی نے کہا: ایک شاعر نے شعر بازی کا مقابلہ رکھا ہوا تھا' میرا بھائی شاعر تھا۔ میں نے کہا: آپ ایسا نہ کریں ان کو لجاج نامی آدمی لے کر نکلا' یہاں تک کہ درید بن صمہ کو ایک دوسرے سے شعر بازی میں ہوتا ہے' اللہ کی قسم! درید ان دنوں میرے بھائی سے زیادہ شاعر تھا۔ اور خنساء کے متعلق جھگڑے۔ خنساء نے میرے بھائی کو اختیار کیا' درید نے مقابلہ کیا۔ اس وجہ سے کہ درید نے اپنے والد کے لیے نکاح کا پیغام دیا تھا۔ خنساء نے کہا: وہ بہت بزرگ ہے' اس کو کوئی ضرورت نہیں ہے' وہ اس سے نفرت کرتی تھی' ہم نے اس کو ایک طرف سے دوسری کی طرف پھیر دیا۔ اس نے ہم کو جواب دیا: پھر میں مکہ آیا تو میں نے صفاء سے ابتداء کی۔ وہاں قریش کے چند مرد تھے' خبر پہنچی کہ وہاں ستارہ پرست یا مجنون یا شاعرہ یا جادوگر ہے۔ میں نے کہا: وہ کہاں ہے جو گمان کرتا ہے؟ انہوں نے کہا: وہ یہاں ہی ہے' جس جگہ آپ دیکھ رہے ہیں۔ میں اس کی طرف پلٹا۔ اللہ کی قسم! انہوں نے مجھے پتھر مارا جس

اَقْبَلَتِ امْرَاَتَانِ مِنْ خُزَاعَةَ فَطَافَتَا بِالْبَيْتِ، ثُمَّ ذَكَرَتَا اِسَافَ، وَنَائِلَةَ، وَهُمَا وَثَنَانِ كَانُوا يَعْبُدُونَهُمَا، فَاَخْرَجْتُ رَاْسِي مِنْ تَحْتِ السُّتُورِ، فَقُلْتُ: احْمِلَا اَحَدَهُمَا عَلَى صَاحِبِهِ، فَغَضِبَتَا، ثُمَّ قَالَتَا: اَمْ وَاللّٰهِ لَوْ كَانَتْ رِجَالُنَا حُضُورًا مَا تَكَلَّمْتَ بِهٰذَا، ثُمَّ وَلَّتَا، فَخَرَجْتُ اَقْفُو آثَارَهُمَا حَتّٰى لَقِيَتَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اَنْتُمَا، وَمِنْ اَيْنَ اَنْتُمَا، وَمِنْ اَيْنَ جِئْتُمَا، وَمَا جَاءَ بِكُمَا فَاَخْبَرَتَاهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ: اَيْنَ تَرَكْتُمَا الصَّابِءَ؟ فَقَالَتَا: تَرَكْنَاهُ بَيْنَ السُّتُورِ وَالْبِنَاءِ ـ فَقَالَ لَهُمَا: هَلْ قَالَ لَكُمَا شَيْئًا؟ قَالَتَا: نَعَمْ، كَلِمَةً تَمْلَاُ الْفَمَ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ انْسَلَّتَا، وَاَقْبَلْتُ حَيْثُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عِنْدَ ذٰلِكَ ـ فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ، وَمِمَّنْ اَنْتَ، وَمِنْ اَيْنَ اَنْتَ، وَمِنْ اَيْنَ جِئْتَ، وَمَا جَاءَ بِكَ؟ فَاَنْشَاْتُ اُعْلِمُهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ: مِنْ اَيْنَ كُنْتَ تَاْكُلُ وَتَشْرَبُ؟ فَقُلْتُ: مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّهُ طَعَامُ طُعْمٍ وَمَعَهُ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِي اَنْ اُعَشِّيَهُ، قَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي، وَاَخَذَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِيَدِي حَتّٰى وَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَابِ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ دَخَلَ اَبُو بَكْرٍ بَيْتَهُ، ثُمَّ اَتَى بِزَبِيبٍ مِنْ زَبِيبِ الطَّائِفِ، فَجَعَلَ يُلْقِيهِ لَنَا قَبْضًا قَبْضًا وَنَحْنُ نَاْكُلُ مِنْهُ حَتّٰى تَمَلَّانَا

سے میں خون سے لت پت ہوگیا' میں مسجد کے پاس آیا تو میں کعبہ کے پردوں کے درمیان داخل ہوا' وہاں میں تیس دن ٹھہرا' میں نے سوائے آبِ زم زم کے نہ کھایا نہ پیا یہاں تک کہ چاند والی راتیں آئیں تو قبیلہ خزاعہ سے دو عورتیں آئیں' دونوں نے خانہ کعبہ کا طواف کیا' پھر دونوں نے اساف اور نائلہ کا ذکر کیا' یہ دونوں بتوں کے نام ہیں۔ دونوں کی عبادت کی جاتی تھی' میں نے پردوں کے نیچے سے اپنا سر نکالا۔ میں نے کہا: ان دونوں میں سے ایک اپنے ساتھی کو اُٹھائے۔ دونوں عورتوں کو غصہ آیا' پھر دونوں نے کہا: بہرحال اللہ کی قسم! اگر ہمارے مرد موجود ہوتے تو یہ گفتگو نہ کرتا۔ پھر وہ لوٹنے لگیں' میں نکلا اور دونوں کے پیچھے چلا۔ دونوں رسول اللہ ﷺ سے ملیں۔ آپ نے فرمایا: تم دونوں کون ہو؟ کس قبیلہ سے ہو؟ کہاں سے آئی ہو: کون سی شی لائی ہے آپ کی؟ دونوں نے بتایا' آپ نے فرمایا: دونوں اس بے دین کو کہاں چھوڑ کر آئی ہو؟ دونوں نے کہا: ہم اسے کعبہ کے پردوں کے درمیان چھوڑ کر آئی ہیں۔ آپ نے دونوں سے فرمایا: کیا اس نے ہم دونوں کو کہا ہے کوئی شی؟ ان دونوں نے کہا: جی ہاں! ایسی بات کہ جس سے ہمارا منہ بند ہوگیا ہے۔ حضور ﷺ نے تبسم فرمایا' پھر دونوں چلی گئیں' میں پلٹا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ کو سلام کیا جو آپ کے پاس تھا' آپ نے فرمایا: کون ہے اور کس قبیلہ سے تعلق ہے؟ کہاں سے آئے ہو؟ کیسے آئے ہو؟

مِنْهُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ . فَقَالَ: اَمَا اِنَّهُ قَدْ رُفِعَتْ لِي اَرْضٌ وَهِيَ ذَاتُ مَاءٍ لَا اَحْسَبُهَا اِلَّا تِهَامَةَ، فَاخْرُجْ اِلَى قَوْمِكَ فَادْعُهُمْ اِلَى مَا دَخَلْتَ فِيهِ قَالَ: فَخَرَجْتُ حَتَّى اَتَيْتُ اُمِّي وَاَخِي فَاَعْلَمْتُهُمَا الْخَبَرَ، فَقَالَا: مَا بِنَا رَغْبَةٌ عَنِ الدِّينِ الَّذِي دَخَلْتَ فِيهِ فَاَسْلَمَا، ثُمَّ خَرَجْنَا حَتَّى اَتَيْنَا الْمَدِينَةَ فَاَعْلَمْتُ قَوْمِي، فَقَالُوا: اِنَّا قَدْ صَدَّقْنَاكَ، وَلَكِنْ نَلْقَى مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَنَاهُ، فَقَالَتْ لَهُ غِفَارٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا ذَرٍّ اَعْلَمَنَا مَا اَعْلَمْتَهُ، وَقَدْ اَسْلَمْنَا وَشَهِدْنَا اَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَقَدَّمَتْ اَسْلَمُ وَخُزَاعَةُ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا قَدْ رَغِبْنَا وَدَخَلْنَا فِيمَا دَخَلَ فِيهِ اِخْوَانُنَا وَحُلَفَاؤُنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا ثُمَّ اَخَذَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِيَدِي، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا اَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: هَلْ كُنْتَ تَاْلَهُ فِي جَاهِلِيَّتِكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، لَقَدْ رَاَيْتُنِي اَقُومُ عِنْدَ الشَّمْسِ وَلَا اَزَالُ مُصَلِّيًا حَتَّى يُؤْذِيَنِي حَرُّهَا، فَاَخِرَّ كَاَنِّي خِفَاءٌ، فَقَالَ لِي: فَاَيْنَ كُنْتَ تَوَجَّهُ؟ قُلْتُ: لَا اَدْرِي اِلَّا حَيْثُ وَجَّهَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى اَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْاِسْلَامَ

میں نے آپ کو بتایا' آپ نے فرمایا: اتنی دیر کیا کھاتے پیتے رہے ہو؟ میں نے عرض کی: آبِ زمزم! آپ نے فرمایا: آبِ زمزم کھانے کا کھانا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے۔ حضرت ابوبکر نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں! رات کے کھانے کی دعوت کی۔ آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چلے۔ حضرت ابوبکر نے میرا ہاتھ پکڑا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ابوبکر کے دروازے پر کھڑے ہوئے۔ پھر حضرت ابوبکر اپنے گھر داخل ہوئے' آپ طائف کی کشمش لائے' ہم کو ایک ایک مٹھی دینے لگے' ہم اس سے کھاتے رہے یہاں تک کہ ہمارا پیٹ بھر گیا۔ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! میں نے عرض کی: لبیک! آپ نے فرمایا: میرے سامنے کھجور والی زمین ظاہر ہوگئی ہے' میرا خیال ہے کہ وہ تہامہ ہے' تم اپنی قوم کے پاس جاؤ' ان کو اس دین کی دعوت دو جس میں تم داخل ہوئے ہو۔ میں نکلا یہاں تک کہ اپنی امی اور بھائی کے پاس آیا' دونوں کو بتایا تو دونوں نے کہا: جی ہاں! دین میں آپ داخل ہوئے ہیں ہم کو اس سے رغبت ہے۔ ہم مسلمان ہوئے پھر ہم نکلے یہاں تک کہ مدینہ آئے' میں نے اپنی قوم کو بتایا تو انہوں نے کہا: ہم آپ کی تصدیق کرتے ہیں لیکن ہم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کریں گے' جب ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو ہم نے آپ سے ملاقات کی۔ بنوغفار نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوذر نے ہم کو بتایا جو آپ

نے بتایا ہے' ہم مسلمان ہوئے' ہم نے گواہی دی ہے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں' پھر قبیلہ اسلم اور خزاعہ والے آگے بڑھے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو شوق تھا اور ہم اس میں داخل ہوئے' جس میں ہمارے بھائی اور پیچھے آنے والے داخل ہوئے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قبیلہ اسلم والوں کو سلامتی عطا فرما! قبیلہ غفار والوں کی اللہ نے مغفرت فرما دی ہے۔ پھر حضرت ابوبکر نے میرا ہاتھ پکڑا' فرمایا: اے ابوذر! میں نے عرض کی: اے ابوبکر! لبیک! آپ نے فرمایا: تو جاہلیت میں سخت تھا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! میں سورج کی گرمی میں کھڑا ہو جاتا' میں مسلسل نماز پڑھتا رہا یہاں تک کہ مجھے گرمی نے تکلیف دی' میں گرا' گویا میں کپڑے کا پردہ ہوں۔ حضرت ابوبکر نے مجھے فرمایا: آپ نے منہ کس طرف کیا تھا؟ میں نے عرض کی: مجھے معلوم نہیں مگر جس طرف اللہ نے میرا منہ پھیر دیا یہاں تک کہ مجھے اسلام لانے کی توفیق دی۔

اُنَيْسُ بْنُ عَتِيكِ بْنِ عَامِرٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَيُقَالُ اَوْسٌ

حضرت اُنیس بن عتیک بن عامر انصاری رضی اللہ عنہ' آپ کو اوس بھی کہا جاتا ہے

773 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ جِسْرِ الْمَدَائِنِ مِنَ الْاَنْصَارِ، مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ ثُمَّ بَنِي زَعُورَاءَ:

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عبدالاشہل اور بنی زعوراء میں سے جسر مدائن کے دن جو شہید کیے گئے' ان کے ناموں میں سے انیس بن عتیک بن عامر بھی ہے۔

اُنَيْسُ بْنُ عَتِيكِ بْنِ عَامِرٍ

774 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زَعُورَاءَ: اَوْسُ بْنُ عَتِيكِ بْنِ عَامِرٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عبداشہل اور بنی زعوراء میں سے جسر کے دن جو شہید کیے گئے' ان کے ناموں میں سے انیس بن عتیک بن عامر بھی ہے۔

اُنَيْسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

حضرت انیس بن معاذ بن قیس انصاری بدری رضی اللہ عنہ

775 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي قَيْسِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ: اُنَيْسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار بنی عمرو بن مالک بن نجار اور بنی قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن عمرو بن مالک میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں حضرت اُنیس بن معاذ بن قیس بھی ہیں۔

اُنَيْسُ بْنُ قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت اُنیس بن قتادہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

776 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ: اُنَيْسُ بْنُ قَتَادَةَ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی زریق میں سے جو لوگ شریک ہوئے' اُن ناموں میں حضرت اُنیس بن قتادہ کا بھی نام ہے۔

776م - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ اُنَيْسُ بْنُ قَتَادَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ بدر کی جنگ میں انصار اور قبیلہ اوس میں سے جو شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام اُنیس بن قتادہ کا بھی ہے۔

اَنَسَةُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ آذَنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهِدَ بَدْرًا

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام انسہ رضی اللہ عنہ' آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر میں شریک ہونے کی اجازت دی تھی

777 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، قَالَ: كَانَ يَاْذَنُ عَلَيْهِ مَوْلَاهُ، يَعْنِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت شباب عصفری فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے غلام کو (جنگ بدر) میں شریک ہونے کی اجازت دی تھی۔

778 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: اَنَسَةُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ بدر میں جو لوگ شریک ہوئے' اُن ناموں میں ایک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام انسہ بھی تھے۔

779 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: اَنَسَةُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ بدر میں جو لوگ شریک ہوئے' اُن ناموں میں ایک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام انسہ بھی تھے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اِيَاسٌ

یہ باب ہے جن کا نام ایاس ہے

اِيَاسُ بْنُ عَبْدٍ الْمُزَنِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ایاس بن عبدالمزنی رضی اللہ عنہ

780 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدٍ الْمُزَنِيِّ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْمَاءِ

حضرت ایاس بن مزنی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے تھے فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانی کی بیع سے منع کیا۔

781 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدٍ الْمُزَنِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْمَاءِ

حضرت ایاس بن عبدالمزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانی کی بیع سے منع کیا۔

اِيَاسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ

حضرت ایاس بن عبداللہ بن ابوذباب رضی اللہ عنہ

782 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ،

حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت

780- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد**2**صفحه**51** رقم الحديث: **2287**، وأحمد في مسنده جلد**3**صفحه**417**، جلد**4**صفحه**138** كلاهما عن عمرو بن دينار عن أبي المنهال عن اياس بن عبد المزني به .

782- أخرجه ابن حبان في صحيحه جلد **9** صفحه**499** رقم الحديث: **4189**، والبيهقي في سننه الكبرى جلد **7** صفحه**304** رقم الحديث: **14552**، جلد**7**صفحه**305** رقم الحديث: **14558**، والنسائي في السنن الكبرى جلد**5**صفحه**371** رقم الحديث: **9167**، وابن ماجه في سننه جلد**1**صفحه**638** رقم الحديث: **1985** كلهم عن الزهري عن عبد الله بن عبد الله بن عمر عن اياس بن أبي ذباب به .

اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَضْرِبُوا اِمَاءَ اللّٰهِ قَالَ: فَذَئِرَ النِّسَاءُ، وَسَاءَتْ اَخْلَاقُهُنَّ عَلَى اَزْوَاجِهِنَّ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَئِرَ النِّسَاءُ، وَسَاءَتْ اَخْلَاقُهُنَّ عَلَى اَزْوَاجِهِنَّ مُنْذُ نَهَيْتَ عَنْ ضَرْبِهِنَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاضْرِبُوهُنَّ فَضَرَبَ النَّاسُ النِّسَاءَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ، فَاَتَى نِسَاءٌ كَثِيرٌ يَشْتَكِينَ الضَّرْبَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اَصْبَحَ: لَقَدْ اَطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّيْلَةَ سَبْعُونَ امْرَاَةً كُلُّهُنَّ يَشْتَكِينَ مِنَ الضَّرْبِ، وَايْمُ اللّٰهِ، لَا تَجِدُونَ اُولَئِكَ خِيَارَكُمْ

ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو نہ مارو! میں نے عرض کی: عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں۔ حضرت عمر نے کہا: یارسول اللہ! عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں' جب سے آپ نے ان کو مارنے سے منع کیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم مارلیا کرو' عورتوں کو مردوں نے مارنا شروع کر دیا' بہت زیادہ عورتیں مار کا اثر لے کر آئیں' جب صبح ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آلِ محمد کے پاس تیس عورتیں آئی ہیں سب نے مارنے کی شکایت کی ہے' اللہ کی قسم! تم میں سے کسی کو انہیں مارنے کا اختیار نہیں ہے۔

783 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَثنا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالُوا: اَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَضْرِبُوا اِمَاءَ اللّٰهِ فَجَاءَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ ذَئِرَ النِّسَاءُ عَلَى اَزْوَاجِهِنَّ مُنْذُ نَهَيْتَ عَنْ ضَرْبِهِنَّ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَضَرَبُوا، فَاَطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيرٌ سَبْعُونَ امْرَاَةً، كُلُّهُنَّ يَشْتَكِي زَوْجُهَا، وَلَا

حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو نہ مارو! میں نے عرض کی: عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں۔ حضرت عمر نے کہا: یارسول اللہ! عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں' جب سے آپ نے ان کو مارنے سے منع کیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم مارلیا کرو' عورتوں کو مردوں نے مارنا شروع کر دیا' بہت زیادہ عورتیں مار کا اثر لے کر آئیں' جب صبح ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آلِ محمد کے پاس تیس عورتیں آئی ہیں سب نے مارنے کی شکایت کی ہے' اللہ کی قسم! تم

تَجِدُ أُولَئِكَ خِيَارَكُمْ

784 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عِيسَى بْنُ سَالِمٍ الشَّاشِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَضْرِبُوا اِمَاءَ اللّٰهِ فَتَرَكُوا ضَرْبَهُنَّ، فَجَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ ذَئِرَ النِّسَاءُ عَلَى اَزْوَاجِهِنَّ، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضَرْبِهِنَّ، فَاَطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيرٌ، فَلَمَّا اَصْبَحَ، قَالَ: لَقَدْ طَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ اللَّيْلَةَ سَبْعُونَ امْرَاَةً كُلُّهُنَّ يَشْتَكِي الضَّرْبَ، وَايْمُ اللّٰهِ مَا اَحْسَبُ اُولَئِكَ خِيَارَكُمْ

میں سے کسی کو انہیں مارنے کا اختیار نہیں ہے۔

حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو نہ مارو! میں نے عرض کی: عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں۔ حضرت عمر نے کہا: یارسول اللہ! عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہوگئے ہیں' جب سے آپ نے ان کو مارنے سے منع کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم مارلیا کرو' عورتوں کو مردوں نے مارنا شروع کر دیا' بہت زیادہ عورتیں مار کا اثر لے کر آئیں' جب صبح ہوئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: آلِ محمد کے پاس تیس عورتیں آئی ہیں سب نے مارنے کی شکایت کی ہے' اللہ کی قسم! تم میں سے کسی کو انہیں مارنے کا اختیار نہیں ہے۔

اِيَاسُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْمُزَنِيُّ

حضرت ایاس بن معاویہ مزنی رضی اللہ عنہ

785 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْمُزَنِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا بُدَّ مِنْ صَلَاةٍ بِلَيْلٍ، وَلَوْ نَاقَةً، وَلَوْ حَلْبَ شَاةٍ، وَمَا كَانَ بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ فَهُوَ مِنَ اللَّيْلِ

حضرت ایاس بن معاویہ مزنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کی نماز ضروری ہے' اگر چہ اونٹنی پر ہو' اگر چہ بکری کا دودھ نکالنے کی مقدار ہو' نمازِ عشاء کے بعد جو نماز ہے وہ رات کی نماز ہے۔

اِيَاسُ بْنُ ثَعْلَبَةَ

حضرت ایاس بن ثعلبہ

اَبُو اُمَامَةَ الْبَلَوِیُّ

786 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِی الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِیُّ، وَیَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ الْعَلَّافُ، قَالَا: ثنا سَعِیدُ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ الْمُنِیبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ، اَخْبَرَنِی اَبِی، قَالَ: انْصَرَفْتُ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاِذَا بِرَجُلٍ عَلَیْهِ ثِیَابٌ بِیضٌ، وَقَمِیصٌ وَرِدَاءٌ، فَقَالَ لِی: اَخْبَرَنِی جَدُّكَ اَبُو اُمَامَةَ بْنُ ثَعْلَبَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِیمَانِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِیمَانِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِیمَانِ

ابوامامہ بلوی رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن منیب بن عبداللہ بن ابوامامہ بن ثعلبہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بتایا کہ میں مسجد سے نکلا' وہاں ایک آدمی تھا اُس پر سفید کپڑے اور قمیص اور چادر تھی' مجھے کہا کہ مجھے تمہارے دادا ابوامامہ بن ثعلبہ نے حضور ﷺ کے حوالہ سے بتایا کہ آپ نے فرمایا: سادگی ایمان سے ہے' سادگی ایمان سے ہے' سادگی ایمان سے ہے۔

787 - حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ السَّمَیْدَعِ الْاَنْطَاكِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ الصُّورِیُّ، ثنا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَیَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیزِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ حَكِیمِ بْنِ حِزَامٍ، اَنَّ اَبَا الْمُنِیبِ بْنَ اَبِی اُمَامَةَ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ لَقِیَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، حَدَّثَنِی اَبُوكَ، قَالَ: كُنَّا فِی مَجْلِسٍ نَتَذَاكَرُ فِیهِ الدُّنْیَا، فَخَرَجَ عَلَیْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: الْبَذَاذَةُ مِنَ الْاِیمَانِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت ابومنیب بن ابوامامہ بتاتے ہیں کہ وہ حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک سے ملے' فرمایا: مجھے آپ کے والد نے بتایا کہ ہم ایک مجلس میں تھے' اس میں ہم دنیا کا ذکر کر رہے تھے کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے' آپ نے فرمایا: سادگی ایمان سے ہے۔ یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

788 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنَا سَعِیدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِی الْحُسَامِ، حَدَّثَنِی صَالِحُ بْنُ كَیْسَانَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِی اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِیهِ، اَنَّهُ كَانَ یَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْبَذَاذَةَ

حضرت عبداللہ بن ابوامامہ بن ثعلبہ نے اپنے والد کے حوالہ سے بتایا کہ حضور ﷺ فرمایا کرتے تھے: سادگی ایمان سے ہے' سادگی ایمان سے ہے۔

مِنَ الْإِيمَانِ، إِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْإِيمَانِ

789 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَاصِمِ بْنِ عَنْبَسَةَ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَاكَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْإِيمَانِ ، يَعْنِي التَّقَشُّفَ

حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک فرماتے ہیں کہ میں نے آپ کے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: سادگی ایمان سے ہے۔

790 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَهُمْ بِالْخُرُوجِ إِلَى بَدْرٍ، وَاَجْمَعَ الْخُرُوجَ مَعَهُ فَقَالَ لَهُ خَالُهُ اَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ: اَقِمْ عَلَى اُمِّكَ يَا ابْنَ اُخْتٍ، فَقَالَ اَبُو اُمَامَةَ: بَلْ اَنْتَ اَقِمْ عَلَى اُخْتِكَ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ اَبَا اُمَامَةَ بِالْمُقَامِ عَلَى اُمِّهِ، وَخَرَجَ بِاَبِي بُرْدَةَ، فَقَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ تُوُفِّيَتْ، فَصَلَّى عَلَيْهَا

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر کی طرف نکلتے ہوئے بتایا کہ آپ کے پاس نکلنے والے جمع ہوئے' مجھے میرے خالو ابو بردہ بن نیار نے کہا: اے میری بہن کے بیٹے! اپنی والدہ کے پاس رہیں! حضرت ابوامامہ نے کہا: آپ اپنی بہن کے پاس رہیں۔ اس کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں ہوا تو آپ نے ابوامامہ کو اپنی والدہ کے پاس ٹھہرنے کا حکم دیا۔ ابو بردہ آپ کے ساتھ نکلے' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو میری والدہ کا وصال ہو گیا تھا' آپ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

791 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْاَسْلَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ الْبَلَوِيُّ، وَكَانَ اسْمُهُ اِيَاسَ بْنَ ثَعْلَبَةَ قَدْ

حضرت عبداللہ بن منیب بن عبداللہ بن ابوامامہ بلوی جن کا نام ایاس بن ثعلبہ ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابی ہیں' یہ اپنے دادا عبداللہ بن ابوامامہ سے' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم کو چھوٹے سے پیالہ سے وضو کرنے کا حکم دیتے تھے' ہم ایک دوسرے کو

صَحِبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی اُمَامَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَوَضَّاَ مِنَ الْغَمَرِ، وَلَا يُؤْذِی بَعْضُنَا بَعْضًا

تکلیف نہیں دیتے تھے۔

792 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِيهِ اَبِی اُمَامَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ الْقُرْفُصَاءَ

حضرت عبداللہ بن منیب اپنے دادا' وہ اپنے والد ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سرین پر بیٹھ کر رانوں کو پیٹ سے ملاتے' دونوں ہاتھوں کو پنڈلیوں پر رکھ کر حلقہ بناتے۔

793 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِی الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِی مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطِيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ، اَنَّهُ قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُو اُمَامَةَ بْنُ ثَعْلَبَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ، وَمَنْ حَلَفَ عِنْدَ مِنْبَرِی هَذَا بِيَمِينٍ كَاذِبَةٍ يَسْتَحِلُّ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِغَيْرِ حَقٍّ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ، وَلَا عَدْلٌ، وَمَنْ اَحْدَثَ فِی مَدِينَتِی هَذِهِ حَدَثًا اَوَى مُحْدِثًا، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا، وَلَا عَدْلًا

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے آقا کے علاوہ کوئی اور آقا بنایا' اس پر اللہ اور اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو' اس کے نہ فرض اور نہ ہی نفل قابلِ قبول ہوں گے اور جس نے میرے اس شہر میں کوئی بدعت ایجاد کی یا بدعتی کو پناہ دی' اس پر اللہ اور اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو' اس سے بھی نہ فرض اور نہ نفل قابلِ قبول ہوگا۔

794 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِیُّ، اَنْبَا

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

794- اخرجه مسلم فی صحيحه جلد 1 صفحه 122 رقم الحديث: 137' والدارمی فی سننه جلد 2 صفحه 345 رقم

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِي الْحُسَامِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ مَعْبَدَ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَخْبَرَهُ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ ثَعْلَبَةَ، يَقُولُ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ، فَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ: وَاِنْ شَيْءٌ يَسِيرٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِنْ قَضِيبًا مِنْ اَرَاكٍ

کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ تھوڑی سی شی ہو؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اگرچہ وہ پیلو کی مسواک ہو۔

795 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا مَالِكٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ، حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، وَاَوْجَبَ لَهُ النَّارَ قَالُوا: وَاِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيرًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاِنْ كَانَ قَضِيبًا مِنْ اَرَاكٍ قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ تھوڑی سی شی ہو؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اگرچہ وہ پیلو کی مسواک ہو۔ آپ نے یہ بات تین بار فرمائی۔

796 - حَدَّثَنَا اَبُو عَرُوبَةَ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو الْمُعَافَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ

الحديث: **2603** كلاهما عن معبد بن كعب عن عبد الله عن أبي أمامة به .

عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَطَعَ بِيَمِينِهِ حَقَّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، وَاَوْجَبَ لَهُ النَّارَ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: وَاِنْ شَيْئًا يَسِيرًا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِنْ قَضِيبًا مِنْ اَرَاكٍ

تھوڑی سی شی ہو؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر چہ وہ پیلو کی مسواک ہو۔

797 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَخَاهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ، يُحَدِّثُ، اَنَّ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ ثَعْلَبَةَ الْحَارِثِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَقْتَطِعُ رَجُلٌ حَقَّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، وَاَوْجَبَ لَهُ النَّارَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَاِنْ كَانَ يَسِيرًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: وَاِنْ كَانَ سِوَاكًا مِنْ اَرَاكٍ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر چہ تھوڑی سی شی ہو؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر چہ وہ اراک کی مسواک ہو۔

798 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْاَيْلِيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ اَخَاهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اُمَامَةَ الْحَارِثِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَقْتَطِعُ رَجُلٌ حَقَّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَاَوْجَبَ لَهُ النَّارَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاِنْ شَيْئًا يَسِيرًا؟ قَالَ: وَاِنْ كَانَ سِوَاكًا مِنْ اَرَاكٍ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر چہ تھوڑی سی شی ہو؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر چہ وہ پیلو کی مسواک ہو۔

799 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَاصِمِ بْنِ عَنْبَسَةَ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَاكَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينٍ كَاذِبَةٍ كَانَتْ نُكْتَةً سَوْدَاءَ فِي قَلْبِهِ، لَا يُغَيِّرُهَا شَيْءٌ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آپ کے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے کسی مسلمان کا مال جھوٹی قسم اُٹھا کر لیا' اس کے دل میں سیاہ نکتہ بن جاتا ہے' قیامت کے دن تک اس میں کسی شی کی کمی نہیں ہوگی۔

اِيَاسُ بْنُ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ایاس بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ

800 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ عَوْفٍ: اِيَاسُ بْنُ اَوْسٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی معاویہ بن عوف کے قبیلہ میں سے جو شہید ہوئے' ان ناموں میں سے حضرت ایاس بن اوس بھی ہیں۔

801 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّبِيتِ: اِيَاسُ بْنُ اَوْسٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی معاویہ بن عوف کے قبیلہ میں سے جو شہید ہوئے' ان ناموں میں سے حضرت ایاس بن اوس بھی ہیں۔

اِيَاسُ بْنُ وَذَقَةَ الْاَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ایاس بن وذقہ انصاری رضی اللہ عنہ

802 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَالِمِ بْنِ عَوْفٍ: اِيَاسُ بْنُ وَذَقَةَ

کہ انصار اور بنی سالم بن عوف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایاس بن وذقہ ہیں۔

اِيَاسُ بْنُ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت ایاس بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ

803 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ اَبِي الدُّمَيْكِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، اَخُو بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، اَخِي بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ اَبُو الْحَيْسَرِ اَنَسُ بْنُ رَافِعٍ مَكَّةَ وَمَعَهُ فِتْيَةٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ فِيهِمْ اِيَاسُ بْنُ مُعَاذٍ، يَلْتَمِسُونَ الْحِلْفَ مِنْ قُرَيْشٍ عَلَى قَوْمِهِمْ مِنَ الْخَزْرَجِ، سَمِعَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُمْ فَجَلَسَ اِلَيْهِمْ، فَقَالَ: هَلْ لَكُمْ اِلَى خَيْرٍ مِمَّا جِئْتُمْ لَهُ؟ قَالُوا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: اَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَنِي اِلَى الْعِبَادِ اَدْعُوهُمْ اِلَى اَنْ يَعْبُدُوهُ وَلَا يُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْكِتَابَ ثُمَّ شَرَعَ لَهُمُ الْاِسْلَامَ وَتَلَا عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَقَالَ اِيَاسُ بْنُ

حضرت محمود بن لبید بنی عبداشہل کے بھائی سے روایت ہے کہ جب ابوحیسر انس بن رافع مکہ آئے تو ان کے ساتھ بنی عبداشہل کا گروہ تھا' ان میں حضرت ایاس بن معاذ بھی تھے' قریش سے نکل کر اپنی قوم خزرج کے پاس جانا چاہتے تھے' اس تلاش میں تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی بات سن لی۔ آپ ان کے پاس آئے' ان کے پاس بیٹھے' آپ نے انہیں فرمایا: کیا تمہارے پاس ایسی بھلائی ہے جو میں لے کر آیا ہوں؟ اُنہوں نے کہا: وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں' مجھے بندوں کی طرف بھیجا گیا ہے کہ میں ان کو اللہ کی عبادت کی دعوت دوں' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اللہ عزوجل نے مجھ پر کتاب نازل فرمائی ہے۔ پھر آپ نے ان کے سامنے اسلام کے احکامات واضح کیے' قرآن کی تلاوت سنائی۔ حضرت ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا' یہ اُس وقت نوعمر تھے: اے میری قوم!

803- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه198 رقم الحديث: 4831' ونحوه البخاري في التاريخ الكبير جلد1 صفحه 422 رقم الحديث: 1417 كلاهما عن محمود بن لبيد به' وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6 صفحه36 عن محمود بن لبيد .

مُعَاذٍ وَكَانَ غُلَامًا حَدَثًا: اَیْ قَوْمِی، هَذَا وَاللّٰهِ خَیْرٌ مِمَّا جِئْتُمْ لَهُ، قَالَ: فَاَخَذَ اَبُو الْحَیْسَرِ اَنَسُ بْنُ رَافِعٍ حِفْنَةً مِنَ الْبَطْحَاءِ، فَضَرَبَ بِهَا فِی وَجْهِ اِیَاسٍ، وَقَالَ: دَعْنَا مِنْكَ فَلَعَمْرِی، لَقَدْ جِئْنَا لِغَیْرِ هَذَا، قَالَ: فَصَمَتَ اِیَاسٌ، وَقَامَ عَنْهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَانْصَرَفُوا اِلَی الْمَدِینَةِ، فَكَانَتْ وَقْعَةُ بُعَاثَ بَیْنَ الْاَوْسِ وَالْخَزْرَجِ، ثُمَّ لَمْ یَلْبَثْ اِیَاسُ بْنُ مُعَاذٍ اَنْ هَلَكَ قَالَ مَحْمُودُ بْنُ لَبِیدٍ: فَاَخْبَرَنِی مَنْ حَضَرَهُ مِنْ قَوْمِهِ عِنْدَ مَوْتِهِ اَنَّهُمْ لَمْ یَزَالُوا یَسْمَعُونَهُ یُهَلِّلُ اللّٰهَ، وَیُكَبِّرُهُ، وَیَحْمَدُهُ، وَیُسَبِّحُهُ حَتَّی مَاتَ، فَمَا كَانُوا یَشُكُّونَ اَنْ قَدْ مَاتَ مُسْلِمًا، لَقَدْ كَانَ اسْتَشْعَرَ الْاِسْلَامَ فِی ذَلِكَ الْمَجْلِسِ حِینَ سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا سَمِعَ

900 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ ثُمَّ مِنْ بَنِي مَخْزُومِ بْنِ نُقْطَةَ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ: اَلْاَرْقَمُ بْنُ اَبِي الْاَرْقَمِ، وَاسْمُ اَبِي الْاَرْقَمِ عَبْدُ مَنَافٍ، وَيُكْنَى اَبَا خِنْدِفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَخْزُومٍ

حضرت ارقم بن ابوارقم مخزومی بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ قریش اور بنی مخزوم بن نقطہ بن مرہ بن کعب میں سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے' اُن کے ناموں میں سے ارقم بن ابوارقم کا بھی ہے' ابوارقم کا نام عبدمناف ہے' کنیت ابوخندف بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہے۔

901 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: اَلْاَرْقَمُ بْنُ اَبِي

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ جو بدر میں شریک ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ارقم بن ابوارقم کا بھی ہے۔

902 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَرْقَمِ، عَنْ جَدِّهِ الْاَرْقَمِ، وَكَانَ بَدْرِيًّا، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آوَى فِي دَارِهِ عِنْدَ الصَّفَا حَتَّى تَكَامَلُوا اَرْبَعِينَ رَجُلًا مُسْلِمِينَ، وَكَانَ آخِرُهُمْ اِسْلَامًا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَمَّا كَانُوا اَرْبَعِينَ خَرَجُوا اِلَى الْمُشْرِكِينَ، قَالَ: جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُوَدِّعَهُ وَاَرَدْتُ الْخُرُوجَ اِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ قُلْتُ: اُرِيدُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، قَالَ: وَمَا يُخْرِجُكَ اِلَيْهِ، اَفِي تِجَارَةٍ؟ قُلْتُ: لَا، وَلٰكِنِّي اُصَلِّي فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ هٰهُنَا خَيْرٌ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ ثَمَّ

حضرت عثمان بن عبداللہ بن ارقم اپنے دادا ارقم جو کہ بدری ہیں' سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنے گھر صفاء کے پاس پناہ دی تھی یہاں تک کہ چالیس مسلمان مکمل ہوئے' ان میں سے سب سے آخر میں اسلام لانے والے حضرت عمر بن خطاب ہیں' جب چالیس ہو گئے تو مشرکین کی طرف نکلے۔ راوی کا بیان ہے: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا تاکہ آپ سے اجازت لوں' میرا ارادہ بیت المقدس جانے کا تھا' پس رسول کریم ﷺ نے مجھ سے پوچھا: کہاں کا ارادہ ہے؟ میں نے عرض کی: میں بیت المقدس جانا چاہتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہاں کوئی کام ہے' کیا تجارت کے سلسلے کا کام ہے؟ میں نے عرض کی: کوئی دنیاوی کام نہیں ہے لیکن میں بیت المقدس میں جا کر نماز ادا کروں گا' یہاں (مسجد نبوی میں) نماز پڑھنا' وہاں کی ایک ہزار نماز سے بہتر ہے۔

903 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ التُّسْتَرِيُّ، قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَرْقَمَ بْنِ اَبِي الْاَرْقَمِ الْمَخْزُومِيِّ، عَنْ اَبِيهِ الْاَرْقَمِ، وَكَانَ مِنْ

حضرت ارقم کا تعلق صحابہ کرام سے تھا' فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک وہ آدمی جو جمعہ کے دن لوگوں کی گردنوں کو پھلانگتا ہے اور ان کو ایک دوسرے سے جدا کرتا ہے' وہ جہنم میں اپنی کمر کھینچنے والے کی طرح ہوگا۔

902- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه576 رقم الحديث: 6130 .

903- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3صفحه576 رقم الحديث: 6132 عن عمار بن سعد عن عثمان بن الأرقم عن أبيه به .

اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الَّذِي يَتَخَطَّى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَيُفَرِّقُ بَيْنَهُمْ، كَالْجَارِّ قُصْبَهُ فِي النَّارِ

904 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْجَعْدِ الْوَشَّاءُ، ثنا اَبُو مُصْعَبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ جَدِّهِ عُثْمَانَ بْنِ الْاَرْقَمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ: ضَعُوا مَا كَانَ مَعَكُمْ مِنَ الْاَنْفَالِ

حضرت یحییٰ بن عمران اپنے دادا عثمان بن ارقم سے' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر کے دن فرمایا: رکھ دو جو تمہارے پاس مالِ غنیمت ہے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اِبْرَاهِيمُ اَبُو رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبْرَاهِيمُ، وَيُقَالُ: اسْمُهُ اَسْلَمُ

یہ باب ہے جس کا نام ابراہیم ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ابورافع ابراہیم' ان کا نام اسلم بھی ہے

905 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَاتَ اَسْلَمُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ قَتْلِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَةَ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ

حضرت ہارون بن عبداللہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت اسلم' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد 35 ہجری میں فوت ہوئے۔

906 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، اَنَّ اسْمَ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمُ

حضرت عبداللہ بن محمد بن نمیر سے روایت ہے کہ اہل مدینہ میں سے ایک آدمی نے ہمیں حدیث بیان کی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام ابورافع نام اسلم تھا۔

وَمَا رَوَى ابْنُ

وہ حدیث جو حضرت عبداللہ بن

عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

عباس رضی اللہ عنہما' حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

907 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ، يَقُولُ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَكُنْتُ قَدْ اَسْلَمْتُ، وَاَسْلَمَتْ اُمُّ الْفَضْلِ، وَاَسْلَمَ الْعَبَّاسُ، وَكَانَ يَكْتُمُ اِسْلَامَهُ مَخَافَةَ قَوْمِهِ، وَكَانَ اَبُو لَهَبٍ قَدْ تَخَلَّفَ عَنْ بَدْرٍ وَبَعَثَ مَكَانَهُ الْعَاصَ بْنَ هِشَامٍ، وَكَانَ لَهُ عَلَيْهِ دَيْنٌ، فَقَالَ لَهُ: اكْفِنِي هَذَا الْغَزْوَ، وَاَتْرُكُ لَكَ مَا عَلَيْكَ، فَفَعَلَ، فَلَمَّا جَاءَ الْخَبَرُ، وَكَبَتَ اللّٰهُ اَبَا لَهَبٍ، وَكُنْتُ رَجُلًا ضَعِيفًا اَنْحِتُ هَذِهِ الْاَقْدَاحَ فِي حُجْرَةٍ، وَمَرَّ بِي، فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَجَالِسٌ فِي الْحُجْرَةِ اَنْحِتُ اَقْدَاحِي وَعِنْدِي اُمُّ الْفَضْلِ، اِذِ الْفَاسِقُ اَبُو لَهَبٍ يَجُرُّ رِجْلَيْهِ- اُرَاهُ قَالَ: حَتَّى جَلَسَ عِنْدَ طُنُبِ الْحُجْرَةِ - فَكَانَ ظَهْرُهُ اِلَى ظَهْرِي، فَقَالَ النَّاسُ: هَذَا اَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ، فَقَالَ اَبُو لَهَبٍ: هَلُمَّ اِلَيَّ يَا ابْنَ اَخِي، فَجَاءَ اَبُو

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں حضرت عباس بن عبدالمطلب کا غلام تھا' میں اور حضرت اُم الفضل' حضرت عباس اسلام لا چکے تھے' لیکن حضرت عباس اپنا ایمان اپنی قوم سے چھپاتے تھے' ابولہب بدر میں شریک نہیں ہوا تو اُس نے اپنی جگہ عاص بن ہشام کو بھیجا تھا' عاص نے ابولہب کا قرض دینا تھا' ابولہب نے کہا: اس غزوہ میں آپ میری نمائندگی کریں' جو آپ کے ذمہ قرض ہے' میں اس کو چھوڑ دوں گا۔ عاص نے ایسے کیا' جب خبر آئی کہ اللہ نے ابولہب کو ذلیل کر دیا' میں ایک کمزور سا آدمی تھا' ایک چھوٹے سے کمرے میں بیٹھ کر یہ پیالے بنایا کرتا تھا' وہ میرے پاس سے گزرا۔ قسم بخدا! میں اسی کمرہ میں بیٹھ کر اپنے پیالے بنا رہا تھا۔ حضرت اُم فضل بھی میرے پاس تھیں جبکہ فاسق ابولہب اپنی ٹانگیں گھسیٹتا ہوا آ گیا۔ راوی کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ حضرت ابورافع نے یہ بات بھی کی کہ حجرہ کی طنابوں کے پاس آ کر بیٹھ گیا' پس اس کی پیٹھ' میری پیٹھ کی طرف تھی تو

وما روی ابن عباس عن ابی رافع

907- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه363 رقم الحديث: 5403' جلد3 صفحه365 رقم الحديث: 5406 عن عكرمة عن ابن عباس عن أبي رافع به .

سُفْيَانَ حَتَّى جَلَسَ عِنْدَهُ، فَجَاءَ النَّاسُ فَقَامُوا عَلَيْهِمَا، فَقَالَ: يَا ابْنَ اَخِي كَيْفَ كَانَ اَمْرُ النَّاسِ؟ قَالَ: لَا شَيْءَ، وَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ لَقِينَاهُمْ فَمَنَحْنَاهُمْ اَكْتَافَنَا يَقْتُلُونَنَا كَيْفَ شَاءُوا، وَيَاْسِرُونَنَا كَيْفَ شَاءُوا وَايْمُ اللّٰهِ، لَمَا لُمْتُ النَّاسَ، قَالَ: وَلِمَ؟ فَقَالَ: رَاَيْتُ رِجَالًا بِيضًا عَلَى خَيْلٍ بُلْقٍ لَا وَاللّٰهِ مَا تَلِيقُ شَيْئًا وَلَا يَقُومُ لَهَا شَيْءٌ، قَالَ: فَرَفَعْتُ طُنُبَ الْحُجْرَةِ، فَقُلْتُ: تِلْكَ وَاللّٰهِ الْمَلَائِكَةُ، فَرَفَعَ اَبُو لَهَبٍ يَدَهُ فَلَطَمَ وَجْهِي، وَثَاوَرْتُهُ فَاحْتَمَلَنِي، فَضَرَبَ بِيَ الْاَرْضَ حَتَّى نَزَلَ عَلَيَّ، فَقَامَتْ اُمُّ الْفَضْلِ فَاحْتَجَزَتْ، فَاَخَذَتْ عَمُودًا مِنْ عُمُدِ الْحُجْرَةِ فَضَرَبَتْهُ بِهِ، فَفَلَقَتْ فِي رَاْسِهِ شَجَّةً مُنْكَرَةً، وَقَالَتْ: اَيَ عَدُوَّ اللّٰهِ، اسْتَضْعَفْتَهُ اِنْ رَاَيْتَ سَيِّدَهُ غَائِبًا عَنْهُ؟ فَقَامَ ذَلِيلًا، فَوَاللّٰهِ مَا عَاشَ اِلَّا سَبْعَ لَيَالٍ حَتَّى ضَرَبَهُ اللّٰهُ بِالْعَدَسَةِ فَقَتَلَتْهُ، فَلَقَدْ تَرَكَهُ ابْنَاهُ لَيْلَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثَةً مَا يَدْفِنَاهُ حَتَّى انْتَنَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ لِابْنَيْهِ: اَلَا تَسْتَحِيَانِ، اِنَّ اَبَاكُمَا قَدْ انْتَنَ فِي بَيْتِهِ؟ فَقَالَا: اِنَّا نَخْشَى هَذِهِ الْقُرْحَةَ، وَكَانَتْ قُرَيْشٌ يَتَّقُونَ الْعَدَسَةَ كَمَا يُتَّقَى الطَّاعُونُ، فَقَالَ رَجُلٌ: انْطَلِقَا فَاَنَا مَعَكُمَا، قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا غَسَّلُوهُ اِلَّا قَذْفًا بِالْمَاءِ عَلَيْهِ مِنْ بَعِيدٍ، ثُمَّ احْتَمَلُوهُ فَقَذَفُوهُ فِي اَعْلَى مَكَّةَ اِلَى جِدَارٍ، وَقَذَفُوا عَلَيْهِ الْحِجَارَةَ

لوگوں نے کہا: وہ دیکھو ابوسفیان بن حارث آ گئے تو ابولہب نے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! ادھر آؤ۔ ابوسفیان بھی آ کر اس کے پاس بیٹھ گیا' پس لوگ بھی آ کر ان دونوں کے پاس (تماشائیوں کی طرح) کھڑے ہو گئے۔ ابولہب نے کہا: اے بھائی کے کے بیٹے! بتاؤ! لوگوں کا معاملہ کیسے رہا؟ کہا: لاشی (بتانے کے قابل نہیں) قسم بخدا! ہوا یہ کہ ہماری ان سے مڈبھیڑ ہوئی' پس ہم نے اپنے کندھے ان کے سامنے کر دیئے' انہوں نے جیسے چاہا ہمیں قتل کرتے رہے' جیسے چاہا قیدی بناتے رہے' قسم بخدا! میں اپنے لوگوں کو ملامت نہیں کرتا۔ ابولہب نے کہا: کیوں؟ اس نے کہا: میں نے سفید رنگ کے آدمی' ابلق گھوڑوں پر سوار دیکھے' قسم بخدا! وہ کسی شے سے ملتے جلتے نہیں تھے' (وہ کوئی جداگانہ مخلوق تھی) نہ کسی شی کو ان کے لیے بطور مثال پیش کیا جا سکتا ہے۔ راوی کا بیان ہے: میں نے حجرے کی طنابیں اُٹھا کر کہا: قسم بخدا! وہ فرشتے تھے۔ یہ سن کر ابولہب کو اتنا غصہ آیا کہ ہاتھ اُٹھا کر مجھے تھپڑ رسید کیا' میرے دل میں اس سے بدلہ لینے کا جذبہ بیدار ہوا (کیونکہ میں مسلمان ہو چکا تھا) میں اس سے لڑنے لگا' اس نے مجھے زمین سے اوپر اٹھایا اور زمین پر دے مارا یہاں تک کہ میرے اوپر چڑھ بیٹھا۔ (یہ دیکھ کر) اُم فضل کھڑی ہوئیں' وہ رکاوٹ بنیں۔ میں نے حجرہ کی چوب اُٹھا کر اسے دے ماری اور اس کا سر پھوڑ دیا' اسے بہت سارا زخم ہو گیا۔ حضرت اُم فضل بولیں: اے اللہ

کے دشمن! تُو نے اسے کمزور سمجھا' اس کے سردار کو غائب پایا؟ پس وہ اُٹھا اس حال میں کہ وہ ذلیل وخوار تھا۔ قسم بخدا! ابھی سات راتیں گزری تھیں اللہ نے اسے جسم کے دانوں سے مار دیا' اس کے دونوں بیٹوں نے اسے دو یا تین رات اسی حال میں پڑا رہنے دیا' اسے دفن نہیں کیا۔ ایک قریشی آدمی نے اس کے بیٹوں کو شرم دلائی کہ تمہارا باپ گھر پڑا پھول گیا ہے؟ ان دونوں نے کہا: ہم اس بیماری سے بڑا ڈرتے ہیں' یہ ہے بھی حقیقت کہ قریش دانوں کی بیماری سے اس طرح ڈرتے تھے جس طرح طاعون سے ڈرا جاتا ہے' پس ایک آدمی نے کہا: چلو! میں تمہارے ساتھ ہوں۔ حضرت ابورافع فرماتے ہیں: قسم بخدا! انہوں نے اسے غسل تک نہ دیا' بس دور سے کھڑے ہو کر اس پر پانی پھینک دیا' انہوں نے اسے اُٹھا کر مکہ کے اوپر والی طرف ایک دیوار کے پاس پھینک دیا اور بڑا سا پتھر اس پر پھینک دیا (گویا اس طرح اس کی قبر بنائی)۔

عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ

حضرت عطاء بن یسار' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

908 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، اَنَا مَالِكٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضور ﷺ کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی سے جوان اونٹ لیا' آپ کے پاس زکوٰۃ کے اونٹ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں اس آدمی کا جوان

908- أخرجه النسائی فی المجتبیٰ جلد **7** صفحه **291** رقم الحدیث: **4617** عن زید بن أسلم عن عطاء بن یسار عن أبی رافع به .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اسْتَسْلَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكْرًا فَجَاءَتْهُ إِبِلُ الصَّدَقَةِ، قَالَ أَبُو رَافِعٍ: فَأَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْ أَقْضِيَ الرَّجُلَ بَكْرَهُ، فَقُمْتُ، فَلَمْ أَجِدْ فِي الْإِبِلِ إِلَّا جَمَلًا خِيَارًا رَبَاعِيًّا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْطِهِ إِيَّاهُ، فَإِنَّ خِيَارَ الْمُسْلِمِينَ أَحْسَنُهُمْ قَضَاءً

اونٹ واپس کردوں۔ میں کھڑا ہوں' میں نے اونٹوں میں خوبصورت اور بہتر چار سالہ پایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو دے دو کیونکہ مسلمانوں میں بہتر وہ ہے جو قرض ادا کرنے میں اچھا ہو۔

909 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اسْتَسْلَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ رَجُلٍ بَكْرًا، وَقَالَ: إِذَا جَاءَتِ الصَّدَقَةُ قَضَيْنَاكَ فَلَمَّا جَاءَتِ الصَّدَقَةُ، قَالَ لِأَبِي رَافِعٍ: اقْضِ هَذَا بَكْرَهُ فَنَظَرَ فِيهَا فَلَمْ يَجِدْ إِلَّا رَبَاعِيًا فَصَاعِدًا، فَرَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ: أَعْطِهِ، فَإِنَّ خَيْرَ النَّاسِ أَحْسَنُهُمْ قَضَاءً

حضور ﷺ کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی سے جوان اونٹ لیا' آپ کے پاس زکوٰۃ کے اونٹ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں اس آدمی کا جوان اونٹ واپس کردوں۔ میں کھڑا ہوں' میں نے اونٹوں میں خوبصورت اور بہتر چار سالہ پایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو دے دو کیونکہ مسلمانوں میں بہتر وہ ہے جو قرض پورا پورا دینے میں اچھا ہو۔

سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ

حضرت سلیمان بن یسار' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

910 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، وَعَارِمٌ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، وَمُوسَى بْنُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے احرام کھولنے کے بعد شادی کی اور رخصتی بھی اسی حالت میں

910- أخرجه الدارمي في سننه جلد 2 صفحه 59 رقم الحديث: 1825' وأحمد في مسنده جلد 6 صفحه 392 رقم الحديث: 27241 كلاهما عن ربيعة عن سليمان بن يسار عن أبي رافع به .

هَارُونَ، قَالَا: ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ حَلَالًا، وَبَنَى بِهَا حَلَالًا، وَكُنْتُ الرَّسُولَ بَيْنَهُمَا

ہوئی' ان دونوں کے درمیان پیغام رساں' میں تھا۔

911 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: لَمْ يَاْمُرْنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَنْزِلَ ثَمَّ - يَعْنِي الْاَبْطَحَ - وَلٰكِنْ اَنَا ضَرَبْتُ قُبَّتَهُ فَجَاءَ فَنَزَلَ قَالَ سُفْيَانُ: وَكَانَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيثِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْنَا قَالَ لَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ: اذْهَبُوا اِلَى هٰذَا فَسَلُوهُ عَنْ هٰذَا الْحَدِيثِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وادیٔ ابطح میں اُترنے کا حکم نہیں دیا تھا لیکن میں نے وہاں خیمہ لگایا تھا' آپ تشریف لائے' آپ اُترے۔ حضرت سفیان فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن دینار یہ حدیث حضرت صالح بن کیسان کے حوالے سے بیان کرتے: جب ہمارے پاس آئے تو ہمیں حضرت عمرو بن دینار نے فرمایا: ان کی طرف جاؤ اور ان سے اس حدیث کے متعلق پوچھو۔

عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت علی بن حسین' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

912 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: لَمَّا وَلَدَتْ فَاطِمَةُ حَسَنًا رَضِيَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے ہاں حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تو حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں اپنے بیٹے کا عقیقہ نہ کروں! آپ نے فرمایا: نہیں!

اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا اَعُقُّ عَنِ ابْنِي؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنِ احْلِقِي رَاْسَهُ وَتَصَدَّقِي بِوَزْنِ شَعْرِهِ وَرِقًا - اَوْ قَالَ: فِضَّةً - عَلَى الْمَسَاكِينِ فَلَمَّا وَلَدَتْ حُسَيْنًا فَعَلَتْ بِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَقَالَ مُوسَى بْنُ دَاوُدَ فِي حَدِيثِهِ: عَلَى الْاَوْفَاضِ وَالْمَسَاكِينِ

بلکہ اس کے سر کے بال اتارو اور اس کے بالوں کے وزن کے برابر چاندی مساکین پر صدقہ کرو۔ جب حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت ہوئی تو حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے ایسے ہی کیا۔ حضرت موسیٰ بن داؤد نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا: کمزور اور مساکین پر صدقہ کرو۔

913 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِي الْحُسَامِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِينَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ اَرَادَتْ اَنْ تَعُقَّ عَنْهُ بِكَبْشٍ عَظِيمٍ، فَاَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَا تَعُقِّي عَنْهُ بِشَيْءٍ، وَلٰكِنِ احْلِقِي شَعْرَ رَاْسِهِ، ثُمَّ تَصَدَّقِي بِوَزْنِهِ مِنَ الْوَرِقِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى الْاَوْفَاضِ ثُمَّ وَلَدَتِ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فَصَنَعَتْ بِهِ كَذٰلِكَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی جس وقت حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں ولادت ہوئی تو حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا نے ارادہ کیا کہ بہت بڑے مینڈھے کے ساتھ عقیقہ کریں۔ آپ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آئیں، آپ نے فرمایا: کسی شی سے عقیقہ نہ کرو بلکہ اس کے سر کے بال اتارو، پھر چاندی کے ساتھ وزن کر کے وہ چاندی کمزور اور مساکین پر صدقہ کر دو۔ پھر آئندہ سال حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی ولادت ہوئی تو آپ کے ساتھ بھی ایسے ہی کیا گیا۔

914 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَفِظَ مَا بَيْنَ فَقْمَيْهِ وَفَخِذَيْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کی، وہ جنت میں داخل ہو گیا۔

915 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ضَحَّى اشْتَرَى كَبْشَيْنِ سَمِينَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ، حَتَّى اِذَا خَطَبَ النَّاسَ وَصَلَّى اَتَى بِاَحَدِهِمَا وَهُوَ قَائِمٌ فِي مُصَلَّاهُ فَذَبَحَهُ بِنَفْسِهِ بِالْمُدْيَةِ، ثُمَّ يَقُولُ: هَذَا عَنْ اُمَّتِي جَمِيعًا، مَنْ شَهِدَ لَكَ بِالتَّوْحِيدِ، وَشَهِدَ لِي بِالْبَلَاغِ ثُمَّ يُؤْتَى بِالْآخَرِ فَيَذْبَحُهُ هُوَ بِنَفْسِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ هَذَا عَنْ مُحَمَّدٍ، وَآلِ مُحَمَّدٍ فَيُعْطِيهِمْ جَمِيعًا الْمَسَاكِينَ، وَاَكَلَ هُوَ وَاَهْلُهُ مِنْهُمَا

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب قربانی کرنے کا ارادہ کرتے تو آپ دو موٹے سینگوں والے خوبصورت مینڈھے خریدتے' جب آپ لوگوں کو خطبہ اور نماز پڑھا لیتے تو ان میں سے کسی ایک کے پاس آتے' وہ عیدگاہ میں ہوتا' آپ خود اُسے چھری کے ساتھ ذبح کرتے' پھر فرماتے: یہ میری ساری اُمت کی طرف سے ہے! جس نے توحید اور میرے پیغام کی گواہی دی۔ پھر دوسرا لایا جاتا تو اُس کو بھی آپ خود ذبح کرتے' پھر عرض کرتے: اے اللہ! یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آلِ محمد کی طرف سے ہے۔ سارے مساکین کو اور خود اور گھر والوں کو کھلاتے۔

916 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، اَنَّ اَبَا رَافِعٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ضَحَّى اَتَى بِكَبْشَيْنِ سَمِينَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ مُوجَبَيْنِ، حَتَّى اِذَا خَطَبَ النَّاسَ وَسَلَّمَ وَفَرَغَ اَتَى بِاَحَدِهِمَا وَهُوَ قَائِمٌ فِي مُصَلَّاهُ فَذَبَحَهُ بِنَفْسِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ هَذَا عَنْ اُمَّتِي، مَنْ شَهِدَ لَكَ بِالتَّوْحِيدِ، وَلِي بِالْبَلَاغِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب قربانی کرنے کا ارادہ کرتے تو آپ دو موٹے سینگوں والے خوبصورت مینڈھے خریدتے' جب آپ لوگوں کو خطبہ اور نماز پڑھا لیتے تو ان میں سے کسی ایک کے پاس آتے' وہ عیدگاہ میں ہوتا' آپ خود اُسے چھری کے ساتھ ذبح کرتے' پھر فرماتے: یہ میری ساری اُمت کی طرف سے ہے! جس نے توحید اور میرے پیغام کی گواہی دی۔ پھر دوسرا لایا جاتا تو اُس کو بھی آپ خود ذبح کرتے' پھر عرض کرتے: اے اللہ! یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آلِ محمد کی طرف سے ہے۔ سارے

915- أخرجه أحمد في مسنده جلد 6 صفحه 391 رقم الحديث: 27234' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 9 صفحه 268,259' والحاكم في مستدركه جلد 2 صفحه 425 رقم الحديث: 3478 كلهم عن عبد الله بن محمد عن علي بن الحسين عن أبي رافع به .

ثُمَّ يُؤْتَى بِالْآخَرِ فَيَذْبَحُهُ هُوَ بِنَفْسِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ مُحَمَّدٍ، وَآلِ مُحَمَّدٍ وَيَأْكُلُ هُوَ وَاَهْلُهُ مِنْهُمَا، وَيُطْعِمُهُمَا جَمِيعًا لِلْمَسَاكِينِ، فَمَكَثْنَا سِنِينَ لَيْسَ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ رَجُلٌ يُضَحِّي قَدْ كَفَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْمُؤْنَةَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مساکین کو اور خود اور گھر والوں کو کھلاتے' ہم دو سال ٹھہرے' بنی ہاشم کے کسی آدمی کے پاس قربانی کے لیے کوئی شی نہیں ہوتی تھی تو اللہ عزوجل رسول اللہ ﷺ کی مدد کے ساتھ ان کی کفایت کرتا تھا۔

917 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْخَشَّابُ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يُضَحِّيَ اشْتَرَى كَبْشَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ، فَاِذَا صَلَّى وَخَطَبَ دَعَا بِاَحَدِهِمَا وَهُوَ فِي مُصَلَّاهُ فَذَبَحَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ اُمَّتِي جَمِيعًا مَنْ شَهِدَ لَكَ بِالتَّوْحِيدِ، وَشَهِدَ لِي بِالْبَلَاغِ ثُمَّ اَتَى الْآخَرَ فَذَبَحَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب قربانی کرنے کا ارادہ کرتے تو آپ دو مینڈھے سینگوں والے خوبصورت خریدتے' جب نماز اور خطبہ دے کر فارغ ہوتے تو ان میں سے کسی ایک کو عیدگاہ میں لایا جاتا' آپ اس کو خود ذبح کرتے' پھر عرض کرتے: اے اللہ! یہ میری ساری اُمت کی طرف سے ہے جو توحید و رسالت کی گواہی دیتی ہوگی۔ پھر دوسرا لایا جاتا تو آپ اُس کو بھی خود ذبح کرتے' پھر عرض کرتے: اے اللہ! یہ محمد ﷺ اور آلِ محمد کی طرف سے ہے۔

918 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحَّى بِكَبْشَيْنِ اَمْلَحَيْنِ اَقْرَنَيْنِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ دو سینگوں والے خوبصورت مینڈھوں کی قربانی کرتے تھے۔

919 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، نا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کی عادت مبارک تھی کہ جب مؤذن اذان

بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ، قَالَ كَمَا يَقُولُ، فَاِذَا قَالَ: حَیَّ عَلَی الصَّلَاةِ، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

دیتا تو آپ وہی کلمات پڑھتے جو مؤذن پڑھتا' جب مؤذن حی علی الصلاۃ پڑھتا تو آپ جواباً پڑھتے: لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔

920 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا مَيْفَعُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْهَمْدَانِیُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَنْ لَا يُدَعَ فِی الْمَدِينَةِ دَيْنٌ غَيْرَ دَيْنِ الْاِسْلَامِ اِلَّا اُخْرِجَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حکم دیا کہ مدینہ سے غیر مسلم کو نکال دیا جائے۔

921 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا يَحْيَی الْحِمَّانِیُّ، قَالَا ثنا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِی اُذُنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِينَ وُلِدَا، وَاَمَرَ بِهِ ، وَاللَّفْظُ لِلْحِمَّانِیِّ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن و حسین کے کان میں اذان دی جس وقت ان کی ولادت مبارک ہوئی اور ان کے متعلق حکم دیا کہ (ان کے بال اُتار کر چاندی کے برابر صدقہ کرو)۔ یہ الفاظ حمانی کے ہیں۔

سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

922 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِیُّ، ثنا

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے کتوں کو مارنے کا حکم دیا' میں نکلا' جو بھی

921- أخرجه الترمذی فی سننه جلد4صفحه97 رقم الحديث: 1514 عن أبی رافع به .

اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی اُوَيْسٍ، قَالَا: ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طَحْلَاءَ، عَنْ اَبِی الرِّجَالِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: بَعَثَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْتُلُ الْكِلَابَ، فَخَرَجْتُ اَقْتُلُ كُلَّمَا لَقِيتُ حَتَّى جِئْتُ الْعَصِيَّةَ، فَاِذَا كَلْبٌ حَوْلَ بَيْتٍ فَاَرَغْتُهُ لِاَقْتُلَهُ، فَنَادَتْنِی امْرَاَةٌ مِنَ الْبَيْتِ، فَقَالَتْ: مَا تُرِيدُ؟ قُلْتُ: بَعَثَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْتُلُ الْكِلَابَ، فَقَالَتْ: ارْجِعْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبِرْهُ اَنِّی امْرَاَةٌ قَدْ ذَهَبَ بَصَرِی، وَاَنَّهُ يُؤْذِنُنِی بِالَّتِی، وَيَطْرُدُ عَنِّی السَّبُعَ، فَرَجَعْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: ارْجِعْ فَاقْتُلْهُ فَرَجَعْتُ فَقَتَلْتُهُ

(کتا) مجھے ملتا میں اُسے مارتا' جب مقامِ عصیہ کے پاس آیا تو وہاں گھر کے اردگرد ایک کتا پھرتا ہوا دیکھا' میں نے اس کو مارنے کا ارادہ کیا تو مجھے گھر سے ایک عورت نے آواز دی' اُس نے کہا: تُو کیا چاہتا ہے؟ میں نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے کتوں کو مارنے کے لیے بھیجا ہے۔ اُس عورت نے کہا: واپس جاؤ اور رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آپ کو بتاؤں کہ ایک عورت جس کی آنکھ کی بینائی نہیں ہے' آنے والی چیزیں مجھے تکلیف دیتی ہیں اور یہ درندے مجھ سے دور کرتا ہے۔ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے آپ کو یہ سب بتایا تو آپ نے فرمایا: واپس جاؤ اور اس کو مار دو! میں واپس آیا اور اس کو مار دیا۔

عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

923 - حَدَّثَنَا اَبُو عَقِيلٍ اَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِیُّ، ثنا اَبُو الْاَصْبَغِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَلِیٍّ الْحَرَّانِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ الْحَرَّانِیُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ شَيْبَةَ بْنِ نَصَّاحٍ، مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: وَقَعَ اِلَیَّ كِتَابٌ فِيهِ اسْتِفْتَاحُ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے پاس ایک خط آیا' اُس میں لکھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز کے لیے اللہ اکبر کہنے کا ارادہ کرتے تھے تو آپ پڑھتے: ''اِنِّی وَجَّهْتُ الٰی آخرہٖ''۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اِذَا كَبَّرَ قَالَ: اِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ حَنِيفًا، وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، اِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، لَا شَرِيكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ، وَبِحَمْدِكَ اَنْتَ رَبِّي وَاَنَا عَبْدُكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي، فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا، فَاِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ ثُمَّ يَقْرَاُ

عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ اللَّخْمِيُّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

حضرت علی بن رباح لخمی، حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

924 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ شَرِيكٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رَافِعٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَكَتَمَ عَلَيْهِ غُفِرَ لَهُ اَرْبَعِينَ كَبِيرَةً، وَمَنْ حَفَرَ لِاَخِيهِ قَبْرًا حَتَّى يَجُنَّهُ فَكَاَنَّمَا اَسْكَنَهُ مَسْكَنًا مَرَّةً حَتَّى يُبْعَثَ

حضرت علی بن رباح فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے میت کو غسل دیا' اس کے عیب کو چھپایا تو اس کے چالیس کبیرہ گناہ معاف کیے جائیں گے' جس نے اپنے بھائی کی قبر کھودی' اس میں دفن کرنے کے لیے تو گویا اُس نے اس کو ایسا ٹھکانہ دیا ایک مرتبہ اُٹھنے تک۔

يَزِيدُ بْنُ زِيَادٍ مَوْلَى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما

924- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 505 رقم الحديث: 1307' جلد 1 صفحه 516 رقم الحديث: 1340 عن شرحبيل بن شريك عن علي بن رباح عن أبي رافع به .

ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

کے غلام یزید بن زیاد' حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

925 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ اَبِی خَالِدٍ الدَّالَانِیِّ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ زِیَادٍ، عَنْ اَبِی رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَاَنْ یَهْدِیَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى یَدَیْكَ رَجُلًا خَیْرٌ لَكَ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَیْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تمہارے ذریعے کسی ایک آدمی کو ہدایت دیدے تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے' ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع اور غروب ہو۔

عبید اللہ بن ابی رافع عن ابیہ

عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

926 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِیِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا اَبُو نُعَیْمٍ، ثنا سُفْیَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِیهِ، قَالَ: رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِی اُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ بِالصَّلَاةِ حِینَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبیداللہ بن رافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے کان میں اذان دی' جس وقت حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں آپ کی ولادت ہوئی۔

927 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا عَفَّانُ

حضرت ابن ابورافع اپنے والد سے روایت

927- اخرجه ابو داؤد فی سننه جلد2 صفحه123 رقم الحدیث: 1650' واحمد فی مسنده جلد 6 صفحه8 رقم الحدیث: 23914' جلد6 صفحه10 رقم الحدیث: 23923 کلاهما عن الحکم عن ابن ابی رافع عن ابیه .

بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِی مَخْزُومٍ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَقَالَ: اصْحَبْنِی كَيْمَا تُصِيبَ مِنْهَا قُلْتُ: حَتَّى آتِیَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاٰتِيَهُ فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: اِنَّ مَوْلَى الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ، وَاِنَّا لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

کرتے ہیں' جو رسول اللہ ﷺ کے غلام تھے' اُنہوں نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے بنی مخزوم میں سے ایک آدمی کو زکوٰۃ لینے پر مامور فرمایا' مجھے بھی ایسے ہی حصہ دیا گیا جس طرح دوسروں کو ملا۔ میں نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آؤں گا۔ میں آپ کے پاس آیا' میں نے آپ سے دریافت کیا' آپ نے فرمایا: قوم کا غلام اُن میں شامل ہوتا ہے' ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔

928 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِیُّ، قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِیُّ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا مِنْ بَنِی مَخْزُومٍ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ اَوْسَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ

حضرت ابن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بنی مخزوم کے ایک آدمی کو صدقہ لینے کے لیے بھیجا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ سے کم وسق میں زکوٰۃ نہیں ہے اور پانچ سے کم اونٹ اور پانچ سے کم اوقیہ میں بھی زکوٰۃ نہیں ہے۔

929 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِی، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِیُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلَى

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے ہو گا' میری حدیث اس کے سامنے پیش کی جائے گی' جس کا میں نے حکم دیا ہو گا' یا جس سے میں نے منع کیا ہو گا تو

929- أخرجه الترمذی فی سننه جلد**5**صفحه**37** رقم الحديث: **2663**' وأبو داؤد فی سننه جلد**4**صفحه**200** رقم الحديث: **4605**' ونحوه البخاری فی التاريخ الكبير جلد **7**صفحه**288** رقم الحديث: **1228** كلهم عن سالم أبی النضر عن ابن أبی رافع عن أبيه به .

اَرِيكَتِهِ يَاْتِيهِ الْاَمْرُ مِمَّا اَمَرْتُ بِهِ اَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُولُ: لَا نَدْرِي، مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ

وہ کہے گا: ہم نہیں جانتے ہیں' جو ہم کتاب اللہ میں بات پاتے ہیں' ہم اس کو مانتے ہیں۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، وَسَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَالِمٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَحْوَهُ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

930 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، زَادَ الْقَعْنَبِيُّ فِي حَدِيثِهِ: وَمَرَّتَيْنِ وَمَرَّةً

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنے اعضاءِ وضو کو تین تین مرتبہ دھویا۔ قعنبی نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا ہے کہ آپ نے دو مرتبہ اور ایک مرتبہ بھی دھویا ہے۔

931 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكٍ الْفَزَارِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ کا رنگ مبارک چمک رہا تھا' چہرۂ مبارک پر خوشی کے آثار تھے' آپ نے فرمایا: میں نے اپنے رب کو بڑی اچھی صورت میں دیکھا ہے' مجھے فرمایا: اے محمد! کیا آپ جانتے ہیں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُشْرِقَ اللَّوْنِ، فَعُرِفَ السُّرُورُ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَ: رَأَيْتُ رَبِّي فِي أَحْسَنِ صُورَةٍ، فَقَالَ لِي: يَا مُحَمَّدُ، أَتَدْرِي فِيمَ يَخْتَصِمُ الْمَلَأُ الْأَعْلَى؟ فَقُلْتُ: يَا رَبِّ، فِي الْكَفَّارَاتِ، قَالَ: وَمَا الْكَفَّارَاتُ؟ قُلْتُ: إِبْلَاغُ الْوُضُوءِ أَمَاكِنَهُ عَلَى الْكَرَاهِيَاتِ، وَالْمَشْيُ عَلَى الْأَقْدَامِ إِلَى الصَّلَوَاتِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ

کہ یہ ملاءِ اعلیٰ کے فرشتے کیوں جھگڑ رہے ہیں؟ میں نے عرض کی: اے رب! یہ کفارات میں جھگڑ رہے ہیں۔ کہا: کفارات سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: تکلیف کے وقت وضو کرنا اور نمازوں کے لیے مسجد کی طرف چل کر جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔

932 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي، ثنا لُوَيْنٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ بِالْإِثْمِدِ وَهُوَ صَائِمٌ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ حالتِ روزہ میں اثمد سرمہ لگاتے تھے۔

933 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَ عَقْرَبًا وَهُوَ يُصَلِّي

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بچھو کو حالتِ نماز میں مارا۔

934 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: لَمَّا قَتَلَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ أُحُدٍ أَصْحَابَ اللِّوَاءِ، قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُحد کے دن لوا والوں کو قتل کیا تو حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یا رسول اللہ! بے شک یہی غمگساری ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ

عبید اللہ بن ابی رافع عن ابیہ

933- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 395 رقم الحديث: 1247 عن محمد بن عبيد الله بن أبي رافع عن أبيه عن جده به

السَّلَامُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ هٰذِهِ لَهِيَ الْمُوَاسَاةُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ قَالَ جِبْرِيلُ: وَاَنَا مِنْكُمَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ

مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ دونوں سے ہوں۔

935 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ پیر اور جمعرات کو روزہ رکھتے تھے۔

936 - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْرُجُ اِلَى الْعِيدَيْنِ مَاشِيًا وَيُصَلِّي بِغَيْرِ اَذَانٍ، وَلَا اِقَامَةٍ، ثُمَّ يَرْجِعُ مَاشِيًا فِي طَرِيقٍ آخَرَ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ عیدین کے لیے نکلتے پیدل چل کر بغیر اذان اور اقامت کے' پھر پیدل چل کر دوسرے راستے سے واپس آتے تھے۔

937 - وَبِاِسْنَادِهِ قَالَ: ذَبَحْنَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَاقًا فَاَكَلَ، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ، وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً، وَلَمْ يَتَمَضْمَضْ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کے لیے چھ ماہ کا دنبہ ذبح کیا' آپ نے تناول فرمایا اور وضو نہیں کیا اور نہ پانی کو چھوا اور نہ کلی فرمائی۔

938 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: ذَبَحْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً بِشِظَاظٍ وَشَوَيْتُهُ، فَاَكَلَ وَلَمْ يَتَمَضْمَضْ، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت محمد بن ابورافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے لیے بکری ذبح کی' اس کو بھونا' آپ نے تناول فرمایا اور آپ نے کلی اور وضو نہیں کیا۔

939 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُرِّيُّ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے'

الْقَنْطَرِيُّ، ثنا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَلِيًّا مَبْعَثًا، فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ عَنْكَ رَاضُونَ

وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا' جب واپس آئے تو حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ اور اس کا رسول اور جبریل آپ سے خوش ہیں۔

940 - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: مَنْ اَحَبَّهُ فَقَدْ اَحَبَّنِي، وَمَنْ اَحَبَّنِي فَقَدْ اَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اَبْغَضَهُ فَقَدْ اَبْغَضَنِي، وَمَنْ اَبْغَضَنِي فَقَدْ اَبْغَضَ اللّٰهَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا: جس نے علی سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی' جس نے مجھ سے محبت کی اُس نے اللہ سے محبت کی' جس نے علی سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا اور جس نے مجھ سے بغض رکھا اُس نے اللہ سے بغض رکھا۔

941 - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَنْتَ وَشِيعَتُكَ تَرِدُونَ عَلَيَّ الْحَوْضَ رُوَاءً مَرْوِيِّينَ، مُبَيَّضَةً وُجُوهُكُمْ، وَاِنَّ عَدُوَّكَ يَرِدُونَ عَلَيَّ ظِمَاءً مُقَبَّحِينَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تُو اور تجھ سے محبت کرنے والے میرے حوض پر پیش کیے جائیں گے' سیر ہوئے ہوں گے' تمہارے چہرے سفید ہوں گے' تیرے دشمن میرے پاس پیش کیے جائیں گے' وہ پیاسے ہوں گے' قبیح ہوں گے۔

942 - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَمَا تَرْضَى اَنَّكَ اَخِي وَاَنَا اَخُوكَ؟

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تُو خوش نہیں کہ تُو میرا بھائی ہے اور میں تیرا بھائی ہوں۔

943 - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اِنَّ اَوَّلَ اَرْبَعَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ اَنَا وَاَنْتَ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، وَذَرَارِينَا خَلْفَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: چار افراد سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے' میں اور تُو اور

ظُهُورِنَا، وَأَزْوَاجُنَا خَلْفَ ذَرَارِينَا، وَشِيعَتُنَا عَنْ اِيمَانِنَا وَعَنْ شَمَائِلِنَا

حسن و حسین' ہماری جملہ اولاد ہماری پشت پیچھے ہوگی اور ہماری بیویاں ہماری اولاد کے پیچھے ہوں گی اور ہم سے محبت کرنے والے' ہمارے دائیں اور بائیں جانب ہوں گے۔

944 - وَبِاِسْنَادِهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْلَا اَنْ يَقُولَ فِيكَ طَوَائِفُ مِنْ اُمَّتِي مَا قَالَتِ النَّصَارَى فِي عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، لَقُلْتُ فِيكَ الْيَوْمَ مَقَالًا لَا تَمُرُّ بِاَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ اِلَّا اَخَذَ التُّرَابَ مِنْ اَثَرِ قَدَمَيْكَ، يَطْلُبُونَ بِهِ الْبَرَكَةَ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر مجھے خوف نہ ہوتا کہ میری اُمت کے کچھ لوگ وہی نہ کہنا شروع کر دیں جو عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق کہا تھا تو آج تیرے متعلق ایسی بات کرتا کہ مسلمانوں میں سے کوئی بھی گزرتا تو تیرے قدموں کی مٹی پکڑتا اور اس کے ذریعے برکت طلب کرتا۔

945 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ الْاِثْنَيْنِ، وَصَلَّتْ خَدِيجَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ مِنْ آخِرِ النَّهَارِ، وَصَلَّى عَلِيٌّ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، فَمَكَثَ عَلِيٌّ يُصَلِّي مُسْتَخْفِيًا سَبْعَ سِنِينَ وَاَشْهُرًا قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ اَحَدٌ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پیر کی صبح نماز پڑھائی' حضرت خدیجہ نے پیر کے دن کے آخری حصے میں نماز پڑھی' حضرت علی نے بدھ کے دن نماز پڑھی' آپ سات سال اور چھ ماہ تک چھپ کر نماز پڑھتے رہے' آپ سے پہلے کوئی بھی نماز نہیں پڑھتا تھا۔

946 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک جگہ کے پاس سے گزرے' آپ نے فرمایا: اس حمالی والی جگہ کتنی اچھی ہے' اس جگہ حمام بنا تھا۔

عبید اللہ بن ابی رافع عن ابیہ

عَلَى مَوْضِعٍ، فَقَالَ: نِعْمَ مَوْضِعُ الْحَمَّامِ هَذَا، فَبَنَى فِيهِ حَمَّامٌ

947 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

حضرت محمد بن عبیداللہ بن رافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

948 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، ثنا عَوْنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَائِمٌ اَوْ يُوحَى اِلَيْهِ، وَاِذَا حَيَّةٌ فِي جَانِبِ الْبَيْتِ، فَكَرِهْتُ اَنْ اَقْتُلَهَا فَاُوقِظَهُ، فَاضْطَجَعْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْحَيَّةِ، فَاِنْ كَانَ شَيْءٌ كَانَ بِي دُونَهُ، فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَتْلُو هَذِهِ الْآيَةَ: (اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا) (المائدة: 55) الْآيَةَ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَرَآنِي اِلَى جَانِبِهِ، فَقَالَ: مَا اَضْجَعَكَ هَهُنَا؟ قُلْتُ: لِمَكَانِ هَذِهِ الْحَيَّةِ، قَالَ: قُمْ اِلَيْهَا فَاقْتُلْهَا فَقَتَلْتُهَا، فَحَمِدَ اللّٰهَ، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِي، فَقَالَ: يَا اَبَا رَافِعٍ سَيَكُونُ بَعْدِي قَوْمٌ يُقَاتِلُونَ عَلِيًّا، حَقًّا عَلَى اللّٰهِ جِهَادُهُمْ فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ جِهَادَهُمْ بِيَدِهِ فَبِلِسَانِهِ، فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ بِلِسَانِهِ فَبِقَلْبِهِ، لَيْسَ وَرَاءَ ذَلِكَ شَيْءٌ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ آرام کر رہے تھے' یا شاید آپ پر وحی نازل ہو رہی تھی' آپ کے گھر کے ایک کونے میں سانپ تھا' میں نے اس کو مارنا ناپسند کیا کہ کہیں آپ اُٹھ نہ جائیں' میں آپ کے اور سانپ کے درمیان لیٹ گیا' آپ کے اور سانپ کے درمیان میری ذات رکاوٹ تھی' آپ جب آرام کر کے اُٹھے تو آپ یہ آیت تلاوت کر رہے تھے: ''تمہارا مددگار اللہ اور اُس کا رسول اور ایمان والے ہیں''۔ آپ نے فرمایا: تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں! آپ نے مجھے ایک طرف دیکھا تو آپ نے فرمایا: آپ یہاں کیوں لیٹے ہیں؟ میں نے عرض کی: اس جگہ سانپ ہے' آپ نے فرمایا: اُٹھو! اس کو مارو! میں نے اس کو مارا تو آپ نے اللہ کی حمد کی' پھر میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: اے ابورافع! عنقریب میرے بعد کچھ لوگ ہوں گے' جو علی سے لڑیں گے اللہ کی طرف سے جہاد کرنا فرض ہوگا' جو جہاد کرنے کی طاقت نہ رکھے وہ زبان سے کرے' جو زبان سے بھی نہ

عبید اللہ بن ابی رافع عن ابیہ

کر سکے تو وہ دل سے کرے' اس کے نیچے کوئی درجہ نہیں ہے۔

949 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ حَرْمَلَةَ الْعَبْدِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَبِي رَافِعٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ وُضُوءَهُ لِلصَّلَاةِ حَرَّكَ خَاتَمَهُ فِي إِصْبَعِهِ

حضرت ابراہیم بن عبیداللہ بن ابورافع رسول اللہ ﷺ کے غلام اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز کے لیے وضو کرتے تو اپنی انگلی میں جو انگوٹھی ہوتی اُس کو حرکت دیتے۔

950 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: ذَبَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبْشًا، ثُمَّ قَالَ: هَذَا عَنِّي وَعَنْ أُمَّتِي

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک مینڈھا ذبح کیا' پھر فرمایا: یہ میری اور میری اُمت کی طرف سے ہے۔

951 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا طَنَّتْ أُذُنُ أَحَدِكُمْ فَلْيَذْكُرْنِي، وَلْيُصَلِّ عَلَيَّ، وَلْيَقُلْ: ذَكَرَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ مَنْ ذَكَرَنِي

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے کان کو تکلیف پہنچے تو وہ میرا ذکر کرے اور میری بارگاہ میں درود پڑھے اور اسے چاہیے کہ کہے: اللہ تعالیٰ نے میرا ذکر کرنے والے کو بھلائی کے ساتھ یاد کیا۔

الْمُغِيرَةُ بْنُ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ

حضرت مغیرہ بن ابورافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

952 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ

الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، اَخْبَرَنِي الْمُغِيرَةُ بْنُ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّهُ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ كَتِفَ شَاةٍ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَمَسَّ مَاءً

1170 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْبَدٍ اَوْ اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ، اَنَّ الْبَرَاءَ بْنَ مَعْرُورٍ: اَوْصَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثُلُثِ مَالِهِ، يَضَعُهُ حَيْثُ شَاءَ، فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى وَلَدِهِ

حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنے تہائی مال کی وصیت کی ہے' جہاں آپ چاہیں خرچ کر دیں' حضور ﷺ نے وہ مال ان کے بچوں کو واپس کر دیا۔

1171 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنِ

حضرت اُم مبشر فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت براء بن معرور رضی اللہ عنہ کی بیوی کو نکاح کا

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی سُفْیَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اُمِّ مُبَشِّرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ امْرَاَةَ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ فَقَالَتْ: اِنِّی شَرَطْتُ لِزَوْجِی، اَنْ لَا اَتَزَوَّجُ بَعْدَهُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا لَا یَصْلُحُ

پیغام بھیجا' اُس نے عرض کی: میں نے اپنے شوہر سے شادی کے وقت کہا تھا کہ میں اس کے بعد شادی نہیں کروں گی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ شرط لگانا درست نہیں ہے۔

بُدَیْلُ بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِیُّ

حضرت بدیل بن ورقاء خزاعی رضی اللہ عنہ

بدیل بن ورقاء الخزاعی

1172 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا سُلَیْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِیُّ، ثنا الْوَلِیدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِی سُلَیْمَانُ بْنُ مُوسَی، اَنَّ بُدَیْلَ بْنَ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، اَخْبَرَهُ قَالَ: اَخْبَرَنِی جَدِّی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ فِی حَفْلَةٍ یَوْمَ الْحُدَیْبِیَةِ خُزَاعَةَ، وَکَتَبَ اِلَیْهِمْ، وَاِلَی بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَسَرَوَاتِ بَنِی عَمْرٍو: سَلَامٌ عَلَیْکُمْ؛ فَاِنِّی اَحْمَدُ اِلَیْکُمُ اللّٰهَ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، اَمَّا بَعْدُ، فَاِنِّی لَمْ اَتِکُمْ بَالِکُمْ، وَلَمْ اَضَعْ فِی جَنْبِکُمْ، وَاِنَّ اَکْرَمَ اَهْلِ تِهَامَةَ عَلَیَّ لَاَنْتُمْ وَمَنْ تَبِعَکُمْ مِنَ الْمُطَیَّبِینَ، وَقَدْ اَخَذْتُ لِمَنْ هَاجَرَ مِنْکُمْ مِثْلَ مَا اَخَذْتُ لِنَفْسِی، وَلَوْ هَاجَرَ بِاَرْضِهِ غَیْرَ سَاکِنِ مَکَّةَ، وَاِنَّکُمْ غَیْرُ خَائِفِینَ مِنْ قِبَلِی، وَلَا مُخَوَّفِینَ هَذَا اَوْ نَحْوُهُ

حضرت بدیل بن ورقاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ حدیبیہ کے دن' ایک گروہ میں قبیلہ بنوخزاعہ کے پاس آئے' ان کی طرف جناب بدیل بن ورقاء اور بنی عمرو قبیلہ کے شریف لوگوں کی طرف ایک خط لکھا: سلام علیکم! (تم پر سلامتی ہو!) بے شک تمہارے سامنے اللہ کی تعریف کر رہا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں' حمد وثناء کے بعد' بے شک میں نے کبھی تمہارا دل نہیں توڑا اور نہ تمہارے پہلو (دل) میں کبھی کوئی چیز ڈالی ہے'' پورے تہامہ کے لوگوں سے سب سے زیادہ میرے سامنے عزت والے تم ہو' یا وہ جو مطیّبین (پاکیزہ لوگوں) میں سے تمہارے پیچھے چلیں' میں تمہارے مہاجر کے لیے اسی کے برابر حصہ لے رکھا ہے جو میں نے اپنی ذات کے لیے لے رکھا ہے' اگرچہ کسی نے اپنے ملک میں ہجرت کی لیکن مکہ میں رہائش پذیر نہ ہوا' اور تم لوگوں کو میری طرف سے کوئی ڈر خوف نہیں ہے اور نہ ہی تم ڈرائے جانے والے ہو۔ یہ الفاظ

فرمائے یا اس جیسے دیگر الفاظ تھے۔

1173 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِی یَحْیَی الْحَضْرَمِیُّ الْمِصْرِیُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، حَدَّثَنِی اَبِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِیهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِیهِ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ اَبِیهِ بِشْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیهِ سَلَمَةَ بْنِ بُدَیْلٍ، عَنْ اَبِیهِ بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ قَالَ سَلَمَةُ: دَفَعَ اِلَیَّ اَبِی بُدَیْلُ بْنُ وَرْقَاءَ هٰذَا الْکِتَابَ وَقَالَ: یَا بُنَیَّ هٰذَا کِتَابُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَوْصُوا بِهِ، وَلَنْ تَزَالُوا بِخَیْرٍ مَا دَامَ فِیکُمْ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَی بُدَیْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَبُسْرٍ وسَرَوَاتُ بَنِی عَمْرٍو فَاِنِّی اَحْمَدُ اِلَیْکُمُ اللّٰهَ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَمَّا بَعْدُ، فَاِنِّی لَمْ اَتِمْ بِالْکُمْ، وَلَمْ اَضَعْ فِی جَنْبِکُمْ وَاِنَّ اَکْرَمَ اَهْلِی مِنْ تِهَامَةَ عَلَیَّ اَنْتُمْ، وَاَقْرَبُهُ مِنِّی رَحِمًا، وَمَنْ تَبِعَکُمْ مِنَ الْمُطَیَّبِینَ، فَاِنِّی قَدْ اَخَذْتُ لِمَنْ هَاجَرَ مِنْکُمْ مِثْلَ مَا اَخَذْتُ لِنَفْسِی، وَلَوْ هَاجَرَ بِاَرْضِهِ غَیْرَ سَاکِنٍ مَکَّةَ اِلَّا مُعْتَمِرًا، اَوْ حَاجًّا، وَاِنِّی لَمْ اَضَعْ فِیکُمْ اِذْ سَلَّمْتُ، وَاِنَّکُمْ غَیْرُ خَائِفِینَ مِنْ قِبَلِی، وَلَا مُحَصِّرِینَ اَمَّا بَعْدُ، فَاِنَّهُ قَدْ اَسْلَمَ عَلْقَمَةُ بْنُ عُلَاثَةَ، وَابْنَا هَوْذَةَ وبَایَعَا، وهَاجَرَا عَلَی مَنْ تَبِعَهُمْ مِنْ عِکْرِمَةَ وَاَخَذَ لِمَنْ تَبِعَهُمْ مِنْکُمْ مِثْلَ مَا اَخَذَ لِنَفْسِهِ، وَاِنَّ بَعْضًا مِنْ

حضرت سلمہ فرماتے ہیں کہ حضرت بدیل بن ورقاء نے یہ خط مجھے دیا اور کہا: اے بیٹے! یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط ہے' اس کے ذریعے نصیحت حاصل کرو' جو اس میں ہے اس پر عمل کرتے رہو' تم بھلائی پر رہو گے' اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے! محمد رسول اللہ کی طرف سے بدیل بن ورقاء' بُسر اور بنی عمرو کے سرداروں کی طرف! میں تمہاری طرف اس خدا کی تعریف کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' اس کے بعد میں تمہارے گناہ ظاہر کرنے والا نہیں ہوں' نہ میں تمہارے اوپر بوجھ ڈالنے والا ہوں' مجھے زیادہ عزیز تہامہ والوں میں سے تم ہو' میرے زیادہ قریب رحمی رشتہ کے لحاظ سے اور جو مطیّبین میں سے اتباع کرنے والے ہوں گے کیونکہ میں نے لیا ہے اس کے لیے حصہ جو تم میں سے ہجرت کرے گا اس کی مثل ہوگا جو میں نے اپنی ذات کے لیے لیا ہے' اگرچہ مکہ میں رہنے کے علاوہ اپنے ملک میں ہی ہجرت کرے تو وہ عمرہ یا حج کے لیے کرے' میں تم پر بوجھ نہیں ڈالتا' جب امن دے چکا ہوں تو مجھ سے ڈرے اور خوف کیے بغیر رہو' اس کے بعد علقمہ بن علاثہ اور ھوذہ کے دونوں بیٹے مسلمان ہوئے ہیں اور بیعت کی ہے اور عکرمہ جس نے اتباع کی ہے اُس نے میری طرف ہجرت کی ہے' تم میں سے جو اتباع کرنے والا ہے' اُس نے وہی لیا ہے جو اپنی ذات کے لیے لیا ہے'

بَعْضٍ اَبَدًا فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ: وَحَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: سَمِعْتُ اَشْيَاخَنَا يَقُولُونَ هُوَ خَطُّ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

بے شک بعض بعض میں سے ہیں' ہمیشہ حل اور حرم میں رہنے والے ہیں۔ ابومحمد فرماتے ہیں: مجھے میرے والد نے بتایا کہ میں نے اپنے شیوخ کو کہتے ہوئے سنا کہ یہ خط حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے لکھا تھا۔

1174 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، ثنا ابْنُ اَبِي عَبْلَةَ، عَنِ ابْنِ بُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بُدَيْلًا اَنْ يَحْبِسَ السَّبَايَا وَالْاَمْوَالَ بِالْجِعْرَانَةِ حَتَّى يَقْدَمَ عَلَيْهِ فَحُبِسَتْ

حضرت ابن بدیل بن ورقاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بدیل کو قیدی اور اموال' جعرانہ کے مقام پر روکنے کا حکم دیا' واپس آنے تک تو اُنہوں نے روکے رکھا۔

بُنَّةُ الْجُهَنِيُّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت بنۃ الجہنی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

1175 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، اَخْبَرَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ بُنَّةَ الْجُهَنِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقَوْمٍ فِي مَسْجِدٍ، سَلُّوا فِيهِ سَيْفًا فَهُمْ يَتَعَاطَوْنَهُ بَيْنَهُمْ فَقَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَعَلَ هَذَا، اَوَلَمْ اَنْهَكُمْ عَنْهُ؟ فَاِذَا سَلَّ اَحَدُكُمِ السَّيْفَ، فَلْيُغْمِدْهُ ثُمَّ لِيُعْطِيَهُ صَاحِبَهُ كَذَلِكَ

حضرت بنۃ الجہنی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے' انہوں نے تلوار سونتی ہوئی تھی' وہ اس کو پکڑنے کے لیے اپنے پاؤں کی انگلیوں پر کھڑے ہو کر ہاتھ بڑھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو جو ایسا کرے' کیا میں نے تمہیں ایسا کرنے سے منع نہیں کیا؟ جب تم میں سے کسی نے تلوار سونتی ہوئی ہو اس کو نیام میں کرے' اسی طرح اپنے ساتھی کو دے۔

بُسْرٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت بسر ابوعبداللہ

الْمَازِنِيُّ

مازنی رضی اللہ عنہ

1176 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح، وثنا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، قَالَ: ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، ثنا الْفُضَيْلُ بْنُ فَضَالَةَ، أَنَّ خَالِدَ بْنَ مَعْدَانَ، حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ بُسْرٍ حَدَّثَهُ أَنَّهُ، سَمِعَ أَبَاهُ بُسْرًا، يَقُولُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ يَوْمِ السَّبْتِ، فَقَالَ: إِنْ لَمْ يَجِدْ أَحَدُكُمْ إِلَّا أَنْ يَمْضَغَ لَحَى شَجَرَةٍ، فَلَا يَصُمْ يَوْمَئِذٍ وَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُسْرٍ: إِنْ شَكَكْتُمْ فَسَلُوا أُخْتِي، قَالَ: فَمَشَى إِلَيْهَا خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، فَسَأَلَهَا عَمَّا ذَكَرَ عَبْدُ اللَّهِ فَحَدَّثَتْهُ بِذَلِكَ

حضرت ابوبسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہفتہ کے دن روزہ رکھنے سے منع کیا' فرمایا: اگر تم میں سے کوئی شی نہ پائے کھانے کے لیے تو درخت کی ٹہنی چبائے' اس دن روزہ نہ رکھے۔ حضرت عبداللہ بن بسر فرماتے ہیں کہ اگر تم کو شک ہو تو میری بہن سے پوچھ لو۔ حضرت خالد بن معدان ان کی طرف چلے۔ جو عبداللہ نے ذکر کیا' اس کے متعلق پوچھا تو ان کی بہن نے وہی بتایا۔

1177 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُسْرٍ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُسْرٍ، عَنْ أَبِيهِ بُسْرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُمْ، وَهُوَ رَاكِبٌ عَلَى بَغْلَةٍ، كُنَّا نَدْعُوهَا حِمَارَةً شَامِيَّةً، فَدَخَلَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ، فَقَامَتْ أُمِّي، فَوَضَعَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطِيفَةً عَلَى حَصِيرٍ فِي الْبَيْتِ، جَعَلَتْ تُؤْثِرُهَا لَهُ، فَلَمَّا جَلَسَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَطَيْتُ بِالْحَصِيرِ، قَالَ عَبْدُ

حضرت بسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ان کے پاس خچر پر سوار ہو کر آئے' ہم اس کو شامی گدھا کہتے تھے' حضور ﷺ اور آپ کے صحابہ آئے' میری والدہ کھڑی ہوئیں' حضور ﷺ کے لیے گھر میں چٹائی پر چادر رکھی' اس کو صاف کیا' جب حضور ﷺ اس پر تشریف فرما ہوئے تو میں نے چٹائی کو پکڑے رکھا' حضرت عبداللہ بن بسر فرماتے ہیں: میرے والد بسر نے کھجوریں پیش کیں تاکہ وہ اس میں مشغول ہوں اور میری والدہ کو حکم دیا کہ ان کے لیے جو موٹے پیس کر بنائیں' حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ

اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ: فَقَدَّمَ لَهُمْ بُسْرٌ اَبِی تَمْرًا لِيَشْغَلَهُمْ بِهِ، وَاَمَرَ اُمِّی فَصَنَعَتْ لَهُمْ جَشِيشًا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنْتُ اَنَا الْخَادِمَ فِيمَا بَيْنَ اَبِی وَاُمِّی، وَكَانَ اَبِی الْقَائِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ، فَلَمَّا فَرَغَتْ اُمِّی مِنَ الْجَشِيشِ جِئْتُ اَحْمِلُهُ حَتَّى وَضَعْتُهُ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ فَاَكَلُوا، ثُمَّ سَقَاهُمْ فَضِيخًا فَشَرِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَقَى الَّذِی عَنْ يَمِينِهِ، ثُمَّ اَخَذْتُ الْقَدَحَ حَتَّى نَفِدَ مَا فِيهِ، فَمَلَاْتُ فَجِئْتُ بِهِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَعْطِهِ الَّذِی انْتَهَى اِلَيْهِ الْقَدَحُ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الطَّعَامِ، دَعَا لَنَا، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ، وَبَارِكْ لَهُمْ فِی رِزْقِهِمْ، فَمَا زِلْنَا نَتَعَرَّفُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، السَّعَةَ فِی الرِّزْقِ

میں اپنی والدہ اور والد کے ساتھ مل کر خدمت کر رہا تھا' میرے والد رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کے پاس کھڑے ہوئے تھے' جب میری والدہ جَو پیس کر فارغ ہوئیں (اور پکا کر) میں ان کو اُٹھا کر لے آیا' میں نے ان حضرات کے آگے رکھا' اُنہوں نے کھایا' پھر میرے باپ نے انہیں کچی لسی یا انگور کا رس پلایا تو حضور ﷺ نے نوش کیا' پھر اپنے دائیں جانب والوں کو بلایا' پھر میں نے پیالہ پکڑا' یہاں تک کہ جو اس میں پانی تھا وہ ختم ہو گیا تھا' میں نے اس کو بھرا' اس کو لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: یہ پیالہ اب اس کو دو جس تک پہلے پہنچا تھا' جب حضور ﷺ کھانے سے فارغ ہوئے تو آپ نے ہمارے لیے دعا کی: اے اللہ! ان پر رحم فرما! ان کو بخش دے! ان کے رزق میں برکت دے! ہم کو مسلسل اللہ عزوجل کی طرف سے رزق میں وسعت ہی ملتی رہی۔

بسر بن جحاش القرشی ویقال: بشر

بُسْرُ بْنُ جَحَّاشٍ الْقُرَشِيُّ وَيُقَالُ: بِشْرٌ

حضرت بسر بن جحاش قرشی رضی اللہ عنہ' انہیں بشر بھی کہا جاتا ہے

1178 - حَدَّثَنَا اَبُو زَيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْمُغِيرَةِ عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ جَحَّاشٍ الْقُرَشِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت بسر بن حجاش قرشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ﷺ نے اپنا لعابِ دہن اپنی ہتھیلی پر رکھا' اس پر اپنی انگشت مبارک رکھی' پھر فرمایا: اے انسان! اللہ عزوجل فرماتا ہے: تُو مجھے ہرگز عاجز نہیں کر سکے گا جبکہ میں نے تجھے اس کی مثل سے پیدا کیا ہے' یہاں تک کہ میں نے تجھے سیدھا اور برابر پیدا کیا' تو دو

بَصَقَ يَوْمًا عَلَى كَفِّهِ، فَوَضَعَ عَلَيْهَا اِصْبَعَهُ ثُمَّ قَالَ: يَا ابْنَ آدَمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: لَنْ تُعْجِزَنِي، وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ مِثْلِ هَذِهِ حَتَّى اِذَا سَوَّيْتُكَ، وَعَدَّلْتُكَ، مَشَيْتَ بَيْنَ بُرْدَيْنِ، وَلِلْاَرْضِ مِنْكَ، وَئِيدٌ فَجَمَعْتَ وَصَنَعْتَ، حَتَّى اِذَا بَلَغَتِ، التَّرَاقِيَ، قُلْتَ: اَتَصَدَّقُ وَاَنَّى اَوَانُ الصَّدَقَةِ؟

کپڑوں کو پہن کے چلا' زمین کو تیرے لیے ٹھہرایا' تو نے مال جمع کیا' اور صنعت کاری کی یہاں تک کہ تیری آخری سانس گلے تک پہنچی تو کہنے لگا: میں صدقہ کروں' ابھی صدقہ کے برتن کہاں ہیں؟

1179 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، حَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ الرَّحَبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ جَحَّاشٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْرَجَ يَدَهُ فَبَصَقَ فِيهَا فَنَظَرَ اِلَيْهَا ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: كَيْفَ تُعْجِزُنِي ابْنَ آدَمَ، وَاِنَّمَا خَلَقْتُكَ مِنْ مِثْلِ هَذِهِ، فَسَوَّيْتُكَ، وَعَدَّلْتُكَ، وَمَشَيْتَ بَيْنَ بُرْدَيْنِ، وَلِلْاَرْضِ مِنْكَ وَئِيدٌ، فَجَمَعْتَ وَمَنَعْتَ حَتَّى اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ، قُلْتَ: اَتَصَدَّقُ، الْآنَ وَاَنَّى اَوَانُ الصَّدَقَةِ؟

حضرت بسر بن جحاش قرشی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا لعابِ دہن اپنی ہتھیلی پر رکھا' اس پر اپنی انگشت مبارک رکھی' پھر فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: اے انسان! تُو مجھے ہرگز عاجز نہیں کر سکے گا' میں نے تجھے اس کی مثل سے پیدا کیا ہے' یہاں تک کہ میں نے تجھے سیدھا اور برابر پیدا کیا' تو دو کپڑوں کو پہن کے چلنے لگا' زمین کو تیرے لیے ٹھہرایا' تُو نے (مال) جمع کیا' اور (اس سے صدقہ کرنے سے) رُکا رہا یہاں تک کہ تیری آخری سانس گلے تک پہنچی تو کہنے لگا: میں صدقہ کرتا ہوں' صدقہ کے برتن اب کہاں ہیں؟

بُسْرُ بْنُ اَبِي اَرْطَاةَ الْقُرَشِيُّ وَاسْمُ اَبِي اَرْطَاةَ: عُمَيْرُ بْنُ عُوَيْمِرِ بْنِ عِمْرَانَ بْنِ الْحَلْبَسِ بْنِ سِنَانَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعِيصِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ

حضرت بسر بن ابوارطاۃ قرشی' ابوارطاۃ نام عمیر بن عویمر بن عمران بن حلبس بن سنان بن نزار بن معیص بن عامر بن لوی بن غالب بن

بُنِ مَالِكٍ

فہر بن مالک ہے

1180 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ شُيَيْمِ بْنِ بَيْتَانَ، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ، اَنَّهُ قَالَ عَلَى الْمِنْبَرِ حِينَ جَلَدَ الرَّجُلَيْنِ اللَّذَيْنِ سَرَقَا مِنْ غَنَائِمِ النَّاسِ: اَنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي مِنْ قَطْعِهِمَا اِلَّا بُسْرُ بْنُ اَرْطَاةَ وَجَدَ رَجُلًا يَسْرِقُ فِي الْغَزْوِ فَجَلَدَهُ، وَلَمْ يَقْطَعْ يَدَهُ وَقَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقَطْعِ فِي الْغَزْوِ

حضرت جنادہ بن ابوامیہ فرماتے ہیں کہ میں جس وقت منبر پر تھا' ان دو آدمیوں کو کوڑے مارے جانے لگے جنہوں نے لوگوں کے مالِ غنیمت سے چوری کی تھی' مجھے ان دونوں کے ہاتھ کاٹنے سے رکاوٹ نہیں تھی سوائے بسر بن ارطاۃ کے۔ آپ نے ایک آدمی کو مالِ غنیمت کی چوری کرتے ہوئے پایا تو اس کو کوڑے مارے اور اس کا ہاتھ نہیں کاٹا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جہاد میں ہاتھ کاٹنے سے منع کیا ہے۔

1181 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، سَمِعَ بُسْرَ بْنَ اَرْطَاةَ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتِي فِي الْاُمُورِ كُلِّهَا، وَاَجِرْنِي مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا، وَعَذَابِ الْآخِرَةِ

حضرت بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: ''اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ اِلٰی آخرہٖ''۔

1182 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَلَّاقٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ مَوْلًى لِآلِ بُسْرٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ اَرْطَاةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتِي فِي الْاُمُورِ كُلِّهَا، وَاَجِرْنِي مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا، وَعَذَابِ الْآخِرَةِ، وَقَالَ: مَنْ كَانَ ذَلِكَ دُعَاءَهُ مَاتَ قَبْلَ اَنْ يُصِيبَهُ الْبَلَاءُ

حضرت بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: ''اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ اِلٰی آخرہٖ'' جس نے یہ دعا کی اس پر موت آنے تک کوئی آزمائش نہیں آئے گی۔

1183 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ السُّمَيْدَعِ

حضرت بسر بن ارطاۃ کے غلام یزید فرماتے ہیں

1183- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 683 رقم الحديث: 6508 عن يزيد بن عبيدة عن يزيد مولى بسر بن أرطاة عن بسر بن أرطاة به .

الْاَنْطَاكِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ الصُّورِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي شَيْبَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عُبَيْدَةَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى بُسْرِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ بُسْرِ بْنِ اَبِي اَرْطَاةَ، اَنَّهُ كَانَ يَدْعُو: اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُورِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ

کہ حضرت بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! ہم سب کے آخرت کے کام اچھے کر دے اور ہم سب کو دنیا اور جہنم کے عذاب سے بچا!

بَابُ مَنِ اسْمُهُ بِشْرٌ

بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ الْاَنْصَارِيُّ عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ

یہ باب ہے جن کا نام بشر ہے حضرت بشر بن براء بن معرور انصاری عقبی بدری رضی اللہ عنہ

1184 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ الَّذِينَ بَايَعُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَقَبَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَلِمَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جُشَمِ بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عروہ فرماتے ہیں: اصحابِ عقبہ میں سے انصار اور بنی سلمہ بن یزید بن جشم میں سے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی اور بدر میں شریک ہوئے' اُن میں سے حضرت بشر بن براء بن معرور بھی ہیں۔

1185 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِيمَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَلَمَةَ بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ، وَهُوَ الَّذِي اَكَلَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الشَّاةَ الَّتِي سُمَّ فِيهَا يَوْمَ خَيْبَرَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی سلمہ میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام بشر بن براء بن معرور کا بھی ہے۔ آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ بکری کا گوشت کھانے کی سعادت حاصل ہوئی' جس کو خیبر کے دن آپ کو پیش کیا گیا جس میں زہر ملایا گیا تھا۔

1186 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی

مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي عُبَيْدِ بْنِ عَدِيٍّ بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ

عبید بن عدی میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے بشر بن براء بن معرور بھی ہیں۔

1187 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ يَهُودِيَّةً أَهْدَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةً مَصْلِيَّةً، فَأَكَلَ مِنْهَا ثُمَّ قَالَ: أَخْبَرَتْنِي أَنَّهَا مَسْمُومَةٌ، فَمَاتَ بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ مِنْهَا فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا، فَقَالَ: مَا حَمَلَكِ عَلَى مَا صَنَعْتِ؟، قَالَتْ: أَرَدْتُ أَنْ أَعْلَمَ إِنْ كُنْتَ نَبِيًّا لَمْ يَضُرَّكَ، وَإِنْ كُنْتَ مَلِكًا أَرَحْتُ النَّاسَ مِنْكَ، فَأَمَرَ بِهَا فَقُتِلَتْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہودی عورت نے بھونی ہوئی بکری تحفہ کے طور پر دی' آپ نے اس میں سے کچھ کھایا' پھر فرمایا: اس نے مجھے بتایا ہے کہ اس میں زہر ملا ہوا ہے۔ حضرت بشر بن براء فوت ہوئے تو آپ نے اس یہودیہ کی طرف پیغام بھیجا کہ تمہیں ایسا کرنے پر کس نے اُبھارا تھا؟ اُس عورت نے کہا: میں جاننا چاہتی تھی کہ اگر آپ نبی ہیں تو یہ چیز آپ کو کوئی نقصان نہیں دے گی' اگر بادشاہ ہیں تو لوگ آپ سے راحت پائیں گے۔ آپ نے اس کے متعلق حکم دیا تو اسے قتل کر دیا گیا۔

1188 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا، سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَيِّدُكُمْ يَا بَنِي عُبَيْدٍ؟، قَالُوا: الْجَدُّ بْنُ قَيْسٍ عَلَى أَنَّ فِيهِ بُخْلًا، قَالَ: فَأَيُّ دَاءٍ أَدْوَأُ مِنَ الْبُخْلِ، بَلْ سَيِّدُكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بنی عبید! تمہارا سردار کون ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: جد بن قیس' وہ بخیل ہے۔ آپ نے فرمایا: بخل کی کوئی دواء نہیں ہے' تمہارے سردار بشر بن براء بن معرور ہیں۔

1187- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد **4** صفحه **174** رقم الحديث: **4512** عن محمد بن عمرو عن أبي سلمة عن أبي هريرة به .

1188- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد **4** صفحه **180** رقم الحديث: **7293** عن محمد بن عمرو عن أبي سلمة عن أبي هريرة به .

بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنُ مَعْرُورٍ

1189 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: لَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ خَيْبَرَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَتَلَ مَنْ قَتَلَ مِنْهُمْ، اَهْدَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ الْحَارِثِ الْيَهُودِيَّةُ وَهِيَ بِنْتُ اَخِي مَرْحَبٍ شَاةً مَصْلِيَّةً، وَسَمَّتْهُ فِيهَا وَاَكْثَرَتْ فِي الْكَتِفِ، وَالذِّرَاعِ حِينَ اُخْبِرَتْ اَنَّهَا اَحَبُّ اَعْضَاءِ الشَّاةِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ اَخُو بَنِي سَلِمَةَ، قَدَّمَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَنَاوَلَ الْكَتِفَ، وَالذِّرَاعَ فَانْتَهَسَ مِنْهَا، وَتَنَاوَلَ بِشْرُ عَظْمًا آخَرَ فَانْتَهَسَ مِنْهُ، فَلَمَّا اَدْغَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَدْغَمَ بِشْرٌ مَا فِي فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْفَعُوا اَيْدِيَكُمْ فَاِنَّ كَتِفَ الشَّاةِ تُخْبِرُنِي، اَنْ قَدْ بُغِيَتْ فِيهَا ، فَقَالَ بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ: وَالَّذِي اَكْرَمَكَ، لَقَدْ وَجَدْتُ ذَلِكَ فِي اُكْلَتِي الَّتِي اَكَلْتُ، فَاِنْ مَنَعَنِي اَنْ اَلْفُظَهَا اِلَّا اَنِّي كَرِهْتُ اَنْ اُنَغِّصَ طَعَامَكَ، فَلَمَّا اَكَلْتَ مَا فِي فِيكَ لَمْ اَرْغَبْ بِنَفْسِي عَنْ نَفْسِكَ، وَرَجَوْتُ اَنْ لَا يَكُونَ اَدْغَمْتُهَا، وَفِيهَا بَغْيٌ، فَلَمْ يَقُمْ بِشْرٌ مِنْ مَكَانِهِ، حَتَّى عَادَ لَوْنُهُ كَالطَّيْلَسَانِ، وَمَاطَلَهُ وَجَعُهُ مِنْهُ، حَتَّى كَانَ مَا يَتَحَوَّلُ اِلَّا مَا حُوِّلَ، وَبَقِيَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ جب اللہ عزوجل نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خیبر پر فتح دی تو جوان میں سے قتل ہوا وہ قتل ہوا' ایک یہودیہ عورت زینب بنت حارث جو مرحب کے بھائی کی بیٹی تھی' اُس نے بھونی ہوئی بکری آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدیہ کے طور پر دی' جس میں زہر تھا' اُس نے دستی میں زیادہ زہر رکھا' جس وقت اُس کو بتایا گیا کہ آپ کو بکری کے سارے گوشت میں سے یہ (دستی کا) گوشت زیادہ پسند ہے' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داخل ہوئے تو آپ کے ساتھ حضرت بشر بن معرور' بنی سلمہ کے فرد بھی تھے' وہ گوشت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے کیا گیا تو آپ نے دستی تناول فرمائی' بشر نے دوسری ہڈی لی' اس کو نگلا' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تناول فرمایا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے ہاتھ اُٹھا لو کیونکہ بکری کی دستی نے مجھے بتایا ہے کہ اس میں زہر ملایا گیا ہے۔ حضرت بشر بن براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ ذات جس نے آپ کو عزت دی ہے' جس وقت آپ نے کھایا' میں نے بھی کھایا' کیا اگر آپ مجھے منع کرتے تو میں اس کو پھینک دیتا' میں نے ناپسند کیا' میں کھانا وہ باہر نکالوں' جو آپ نے اپنے منہ مبارک میں ڈالا ہے' مجھے خوراک میں کوئی رغبت نہیں تھی۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ میں اس کو نہ اُگلوں گا' اس میں زہر ہے۔ بشر اپنی جگہ سے کھڑے ہی نہیں ہوئے تھے' ان کا رنگ پیلا چادر کی طرح ہونے لگا' یہاں تک کہ ان پر درد غالب آ

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعْدَ ثَلَاثِ سِنِينَ حَتَّى كَانَ وَجَعُهُ الَّذِي مَاتَ فِيهِ

گیا' زہران کے سارے بدن میں سرایت کرگئی اور اس وقت ان کا وصال ہوگیا' حضور ﷺ اس کے بعد تین سال تک زندہ رہے' جس وقت آپ کا وصال ہوا اس بیماری کی وجہ سے وصال ہوا۔

بِشْرُ بْنُ سُحَيْمٍ الْغِفَارِيُّ

حضرت بشر بن سحیم انصاری

1190 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ فَقَالَ: هَذِهِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

حضرت بشر بن سحیم غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں تشریق کے دنوں میں خطبہ دیا کہ یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں۔

1191 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، وَدِرَانُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْقَطَّانُ، وَالْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، وَمُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالُوا: اَبَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُؤْمِنَةٌ، وَاَيَّامُ مِنًى اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا اور منیٰ کے دن کھانے اور پینے کے ہیں۔

1192 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ يَحْيَى الْاَشْنَانِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، قَالَ: اَيَّامُ مِنًى اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: منیٰ کے دن کھانے اور پینے کے ہیں۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ

حضرت بشر بن سحیم' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

1193 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هَارُونَ بْنِ عَنْتَرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَيَّامَ التَّشْرِيقِ فَقَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَاِنَّ هَذِهِ الْاَيَّامَ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایام تشریق میں ہمیں خطبہ ارشاد فرمایا: جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا اور بے شک یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں۔

1194 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، قَالَ: خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ فَقَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُؤْمِنَةٌ، وَاِنَّ هَذِهِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایام تشریف میں ہمیں خطبہ ارشاد فرمایا: جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا اور بے شک یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں۔

1195 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ بُهْلُولٍ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامَ مِنًى فَقَالَ: اِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَاِنَّ هَذِهِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ وَلَا تَصُومُوهَا

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ منیٰ کے دنوں میں (خطبہ دینے کے لیے) کھڑے ہوئے اور فرمایا: جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا اور بے شک یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں۔

1196 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں صرف مؤمن ہی داخل

مَعْدَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَهٰذِهِ اَيَّامُ اَكْلٍ، وَشُرْبٍ، اَيَّامُ مِنًى

ہوگا اور بے شک یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں۔

1197 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ، اَنْ يُنَادِيَ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ: اِنَّ الْجَنَّةَ لَا يَدْخُلُهَا اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَاِنَّهَا اَيَّامُ اَكْلٍ، وَشُرْبٍ

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں ایام تشریق میں ندا دینے کا حکم فرمایا: جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا اور یہ کھانے اور پینے کے دن ہیں۔

1198 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ يُنَادِيَ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ، اِنَّهَا اَيَّامُ اَكْلٍ، وَشُرْبٍ

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایام تشریف میں انہیں ندا دینے کا حکم ارشاد فرمایا: جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا اور بے شک یہ کھانے اور پینے کے دن ہیں۔

1199 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، وَالْحَجَّاجُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي

حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم ارشاد فرمایا' پس میں نے ایام تشریف میں منیٰ کے مقام پر نداء دی: جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا اور بے شک یہ کھانے اور پینے کے

ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَمَرَهُ فَنَادَى بِمِنًى اَيَّامَ التَّشْرِيقِ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَاِنَّهَا اَيَّامُ اَكْلٍ، وَشُرْبٍ

دن ہیں۔

بِشْرٌ الْغَنَوِيُّ

حضرت بشر غنوی رضی اللہ عنہ

1200 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَعَافِرِيِّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بِشْرٍ الْغَنَوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّهُ، سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَتُفْتَحَنَّ الْقُسْطَنْطِينِيَّةُ، وَلَنِعْمَ الْاَمِيرُ اَمِيرُهَا، وَلَنِعْمَ الْجَيْشُ ذَلِكَ الْجَيْشُ فَدَعَانِي مَسْلَمَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ فَسَاَلَنِي عَنْ هَذَا الْحَدِيثِ فَحَدَّثْتُهُ بِهِ، فَغَزَا تِلْكَ السَّنَةَ

حضرت عبداللہ بن بشر الغنوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ضرور بضرور قسطنطنیہ فتح ہوگا' اس کا امیر بہترین امیر ہوگا' وہ لشکر بہترین لشکر ہوگا' مجھے مسلمہ بن عبدالملک نے بلایا اور مجھ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا' میں نے ان کو یہ حدیث بتائی تو اُنہوں نے اس سال جہاد کیا۔

بِشْرُ بْنُ عِصْمَةَ

حضرت بشر بن عصمہ رضی اللہ عنہ

1201 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا جَرِيرُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا مَجَاعَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ عِصْمَةَ، صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَزْدُ مِنِّي، وَاَنَا مِنْهُمْ، اَغْضَبُ لَهُمْ اِذَا غَضِبُوا، وَاَرْضَى لَهُمْ اِذَا رَضُوا

حضرت بشیر بن عصمہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے صحابی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قبیلہ ازد والے مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں' میں ان کے لیے غصہ کروں گا جب وہ غصہ میں ہوں گے' ان کے لیے راضی ہوں گا جب وہ راضی ہوں گے۔ حضرت معاویہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ قریش والوں کے متعلق ہے۔ حضرت بشر نے فرمایا: کیا میں رسول اللہ ﷺ پر

فَقَالَ مُعَاوِيَةُ رَحِمَهُ اللّٰهُ: اِنَّمَا قَالَ ذٰلِكَ لِقُرَيْشٍ، فَقَالَ بِشْرٌ: اَفَاَكْذِبُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ لَوْ كَذَبْتُ عَلَيْهِ جَعَلْتُهَا لِقَوْمِي

جھوٹ باندھ رہا ہوں' اگر میں جھوٹ بولتا تو اس کو میں اپنی قوم کے لیے بناتا۔

بِشْرٌ اَبُو خَلِيفَةَ

حضرت بشر ابوخلیفہ رضی اللہ عنہ

1202 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ الْبَرَاءُ، حَدَّثَتْنِي النَّوَّارُ بِنْتُ عُمَرَ، قَالَتْ: حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ مُسْلِمٍ، قَالَتْ: حَدَّثَنِي خَلِيفَةُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ اَبِيهِ بِشْرٍ اَنَّهُ اَسْلَمَ، فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، ثُمَّ لَقِيَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَاٰهُ هُوَ وَابْنَهُ طَلْقًا مَقْرُونَيْنِ بِالْحَبَلِ، فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا بِشْرُ؟ ، قَالَ: حَلَفْتُ لَئِنْ رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ مَالِي وَوَلَدِي لَاَحُجَّنَّ بَيْتَ اللّٰهِ، مَقْرُونًا فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْحَبْلَ فَقَطَعَهُ، وَقَالَ لَهُمَا: حُجَّا فَاِنَّ هٰذَا مِنَ الشَّيْطَانِ

بشر ابو خلیفۃ' بشر بن عاصم

بِشْرُ بْنُ عَاصِمٍ

حضرت بشر بن عاصم رضی اللہ عنہ

1203 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَيَّارٌ اَبُو الْحَكَمِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اسْتَعْمَلَ بِشْرَ بْنَ عَاصِمٍ عَلَى صَدَقَاتِ هَوَازِنَ فَتَخَلَّفَ بِشْرٌ فَلَقِيَهُ عُمَرُ فَقَالَ: مَا خَلَّفَكَ اَمَا لَنَا عَلَيْكَ سَمْعٌ وَطَاعَةٌ؟، قَالَ: بَلَى، وَلٰكِنْ سَمِعْتُ

حضرت خلیفہ بن بشر اپنے والد بشر سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اسلام لائے' حضور ﷺ نے ان کا مال اور اولاد واپس کر دی' پھر حضور ﷺ ان سے ملے' آپ نے دیکھا کہ ان کے بیٹے پیدل رسیاں باندھ کر چل رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے بشر! یہ کیا ہے؟ حضرت بشر نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے قسم اُٹھائی تھی کہ اگر اللہ نے میرا مال اور اولاد واپس کر دی تو میں اپنے آپ کو باندھ کر بیت اللہ کا حج کروں گا۔ حضور ﷺ نے رسی پکڑی اور اسے کاٹ دیا' دونوں کو فرمایا: دونوں حج کرو' کیونکہ یہ شیطانی عمل ہے۔

حضرت ابووائل شقیق بن سلمہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت بشر بن عاصم کو ہوازن کے صدقات پر مقرر کیا' حضرت بشر ذمہ داری لینے سے پیچھے ہو گئے' حضرت عمر ان سے ملے' فرمایا: آپ نے ذمہ داری کیوں نہیں لی جبکہ ہمارے لیے تم پر سننا اور اطاعت کرنا ضروری ہے۔ حضرت بشر نے کہا: جی ہاں! لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ وَلِيَ شَيْئًا مِنْ اَمْرِ الْمُسْلِمِينَ اُتِيَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حَتَّى يُوقَفَ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ، فَإِنْ كَانَ مُحْسِنًا تَجَاوَزَ، وَإِنْ كَانَ مُسِيئًا انْخَرَقَ بِهِ الْجِسْرُ فَهَوَى فِيهِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو مسلمانوں کے کسی کام کا ولی بنے گا اس کو قیامت کے دن لایا جائے گا اور جہنم کے پُل پر کھڑا کیا جائے گا' اگر اچھا ہوا تو درگزر کیا جائے گا' اگر بُرا ہوگا تو جہنم میں پھینک دیا جائے گا اور ستر سال تک گرتا رہے گا۔

1204 - قَالَ: فَخَرَجَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، كَئِيبًا حَزِينًا فَلَقِيَهُ اَبُو ذَرٍّ فَقَالَ: مَالِي اَرَاكَ كَئِيبًا حَزِينًا؟ قَالَ: مَا يَمْنَعُنِي اَنْ اَكُونَ كَئِيبًا حَزِينًا، وَقَدْ سَمِعْتُ بِشْرَ بْنَ عَاصِمٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ وَلِيَ شَيْئًا مِنْ اَمْرِ الْمُسْلِمِينَ اُتِيَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حَتَّى يُوقَفَ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ، فَإِنْ كَانَ مُحْسِنًا تَجَاوَزَ، وَإِنْ كَانَ مُسِيئًا انْخَرَقَ بِهِ الْجِسْرُ فَهَوَى فِيهِ سَبْعِينَ خَرِيفًا، قَالَ اَبُو ذَرٍّ: وَمَا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: اَشْهَدُ اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ وَلِيَ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ اُتِيَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حَتَّى يُوقَفَ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ، فَإِنْ كَانَ مُحْسِنًا تَجَاوَزَ، وَإِنْ كَانَ مُسِيئًا انْخَرَقَ بِهِ الْجِسْرُ، فَهَوَى فِيهِ سَبْعِينَ خَرِيفًا، وَهِيَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ فَاَيُّ الْحَدِيثَيْنِ اَوْجَعُ لِقَلْبِكَ؟ قَالَ: كِلَاهُمَا قَدْ اَوْجَعَ قَلْبِي فَمَنْ يَاْخُذُهَا بِمَا فِيهَا، وَقَالَ اَبُو ذَرٍّ: مَنْ سَلَّتَ اللّٰهُ اَنْفَهُ، وَاَلْصَقَ خَدَّهُ بِالْاَرْضِ، اَمَا اِنَّا لَا نَعْلَمُ اِلَّا خَيْرًا، وَعَسَى اِنْ وَلَّيْتَهَا مَنْ لَا يَعْدِلُ فِيهَا اَنْ لَا تَنْجُوَ مِنْ اِثْمِهَا

حضرت بشر بن عاصم فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نکلے' آپ پریشان تھے' آپ سے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ ملے' عرض کی: میں آپ کو پریشان دیکھ رہا ہوں۔ حضرت عمر نے فرمایا: میں پریشان کیوں نہ ہوں! میں نے حضرت بشر بن عاصم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جو مسلمانوں کے کاموں میں سے کسی کام کا ولی بنا اس کو قیامت کے دن لایا جائے گا اور جہنم کے پُل پر کھڑا کیا جائے گا' اگر اچھا ہوگا تو اس سے درگزر کیا جائے گا' اگر بُرا ہوگا تو جہنم سے نیچے گرایا جائے گا اور اس میں ستر سال تک گرتا رہے گا اور وہ کالی بھی ہے اور اندھیرے والی بھی ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے رسول اللہ ﷺ سے نہیں سنا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو لوگوں کے کسی کام کا ولی بنا تو اس کو قیامت کے دن لایا جائے گا اور جہنم کے پُل پر کھڑا کیا جائے گا' اگر اچھا ہوگا تو درگزر کیا جائے گا اور اگر بُرا ہوگا تو جہنم سے گرایا جائے

بشر بن عاصم

گا اور ستر سال تک گرتا رہے گا' وہ کالا اندھیرا ہوگا۔ دونوں حدیثوں میں سے کس نے آپ کے دل میں خوف پیدا کیا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دونوں نے میرے دل میں خوف پیدا کیا ہے' جو اس میں بیان ہے اس پر عمل کون کرے گا۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جس کی ناک کاٹ دی اور اس کے رخسار (گالوں) کو زمین سے چمٹا دیا اور ہم تو بھلائی ہی جانتے ہیں' ممکن ہے اگر آپ اسکے والی بنیں جس نے اپنی ولایت میں عدل نہیں کیا ہوگا تو اس کے گناہ سے نجات نہیں پائے گا۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ بَشِيرٌ

بَشِيرُ بْنُ سَعْدٍ الْاَنْصَارِيُّ

اَبُو النُّعْمَانِ عَقَبِيٌّ بَدْرِيٌّ

یہ باب ہے جس کا نام بشیر ہے' حضرت بشیر بن سعد انصاری ابونعمان عقبی بدری رضی اللہ عنہ

1205 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بَشِيرُ بْنُ سَعْدٍ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عروہ فرماتے ہیں: صحابۂ عقبہ میں انصار اور بنی حارث بن خزرج میں سے جن کا نام ہے' اُن میں سے ایک بشیر بن سعد بھی ہیں' آپ بدر میں بھی شریک ہوئے تھے۔

1206 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِيمَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، مِنْ بَنِي زَيْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ الْخَزْرَجِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بَشِيرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زید بن مالک بن ثعلبہ بن کعب بن خزرج بن حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے حضرت بشر بن سعد بن ثعلبہ بن جلاس کا نام بھی ہے۔

جِلَاسٍ

1207 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ بَشِيرُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو النُّعْمَانِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج میں سے جو اصحابِ عقبہ میں شامل ہیں' اُن کے ناموں میں سے ایک حضرت بشیر بن سعد ابونعمان کا بھی ہے۔

1208 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا اَبُو سُهَيْلٍ نَافِعُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ سَعْدٍ، صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْزِلَةُ الْمُؤْمِنِ مِنَ الْمُؤْمِنِ، مَنْزِلَةُ الرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ، مَتَى مَا اشْتَكَى الْجَسَدُ اشْتَكَى لَهُ الرَّاْسُ، وَمَتَى مَا اشْتَكَى الرَّاْسُ اشْتَكَى سَائِرُ الْجَسَدِ

حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک مؤمن کا دوسرے مؤمن سے رشتہ اسی طرح ہے جس طرح کہ سر کا تعلق جسم کے ساتھ ہے' جب جسم پر تکلیف ہوگی تو سارے سر پر درد ہوگی' جب سر پر درد ہوگی تو سارے جسم پر درد ہوگی۔

1209 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنُ الضِّرَابُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْكُوفِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِي فَحَفِظَهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرُ فَقِيهٍ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلَى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ

حضرت نعمان بن بشیر اپنے والد سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ اس بندے پر رحم کرے جس نے میری بات سنی' بسا اوقات زیادہ فقیہ نہیں ہوتا' وہ زیادہ فقیہ ہے جس کو آگے سنائی جارہی ہے۔

1210 - ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَمُنَاصَحَةُ وُلَاةِ الْمُسْلِمِينَ، وَلُزُومُ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِينَ

تین کاموں میں کسی مؤمن کا دل خائن نہیں ہوتا ہے: (۱) اللہ کے لیے اخلاص کے ساتھ عمل کرنے میں (۲) مسلمانوں کے حکمرانوں کو نصیحت کرنے میں (۳) مسلمانوں کی جماعت کو لازماً پکڑنے میں۔

بَشِيرُ الْاَسْلَمِيُّ
اَبُو بِشْرٍ

حضرت بشیر اسلمی
ابو بشر رضی اللہ عنہ

1211 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الصِّينِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ بَشِيرٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ مِنْ هٰذِهِ الْبَقْلَةِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا، يَعْنِي الثُّومَ

حضرت بشر بن بشیر اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' ان کو صحابیٔ رسول ﷺ ہونے کا شرف حاصل ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ان سے یعنی لہسن سے کھایا' وہ ہماری مسجد میں نہ آئے۔

1212 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَزَّارُ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ يَعْنِي عَبْدَ الْاَعْلَى بْنَ اَبِي الْمُسَاوِرِ الْجَرَارِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بِشْرِ بْنِ بَشِيرٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُونَ الْمَدِينَةَ اسْتَنْكَرُوا الْمَاءَ، وَكَانَتْ لِرَجُلٍ مِنْ بَنِي غِفَارٍ عَيْنٌ يُقَالُ لَهَا رُومَةٌ، وَكَانَ يَبِيعُ مِنْهَا الْقِرْبَةَ

حضرت ابوسلمہ بشر بن بشیر اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب مہاجرین مدینہ آئے ان کو پانی ناپسند آیا' بنی غفار کے ایک آدمی کے پاس پانی کا چشمہ تھا' اس کا نام رومہ تھا' وہ ایک مشکیزہ ایک مُد کے بدلے فروخت کرتا تھا۔ حضور ﷺ نے اُسے فرمایا: اس چشمہ کو فروخت کرو! میں تمہیں جنت میں چشمہ دیتا ہوں۔ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اس کے علاوہ کوئی روزگار نہیں ہے' میرے بچوں کے لیے

بِمُدٍّ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِعْنِيهَا بِعَيْنٍ فِي الْجَنَّةِ ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَيْسَ لِي، وَلَا لِعِيَالِي غَيْرُهَا، لَا اَسْتَطِيعُ ذَلِكَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاشْتَرَاهَا بِخَمْسَةٍ وَثَلَاثِينَ اَلْفَ دِرْهَمٍ، ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتَجْعَلُ لِي مِثْلَ الَّذِي جَعَلْتَهُ له عَيْنًا فِي الْجَنَّةِ اِنِ اشْتَرَيْتُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ ، قَالَ: قَدِ اشْتَرَيْتُهَا، وَجَعَلْتُهَا لِلْمُسْلِمِينَ

اس کے علاوہ کوئی روزگار نہیں۔ اُس نے عرض کی: میں اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ یہ بات حضرت عثمان تک پہنچی تو آپ نے پینتیس ہزار درہم میں خریدا' پھر حضور ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے بھی جنت دیتے ہیں' اگر میں اس کو خرید لوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! حضرت عثمان نے عرض کی: میں نے اسے خریدا اور مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا۔

بَشِيرُ بْنُ عَقْرَبَةَ الْجُهَنِيُّ وَيُكْنَى اَبَا الْيَمَانِ

حضرت بشیر بن عقربہ جہنی' ان کی کنیت ابوالیمان ہے

1213 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا حُجْرُ بْنُ الْحَارِثِ الْغَسَّانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ الْكِنَانِيِّ، وَكَانَ عَامِلًا لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَلَى الرَّمْلَةِ اَنَّهُ شَهِدَ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ قَالَ لِبَشِيرِ بْنِ عَقْرَبَةَ الْجُهَنِيِّ يَوْمَ قُتِلَ عَمْرُو بْنُ سَعِيدٍ: يَا اَبَا الْيَمَانِ اِنِّي قَدِ احْتَجْتُ اِلَى كَلَامِكَ فَتَكَلَّمْ، فَقَالَ بَشِيرٌ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَامَ بِخُطْبَةٍ، لَا يَلْتَمِسُ بِهَا اِلَّا رِيَاءً وَسُمْعَةً، وَقَفَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَوْقِفَ رِيَاءٍ، وَسُمْعَةٍ

حضرت عبداللہ بن عوف کنانی فرماتے ہیں کہ وہ رملہ کے مقام پر حضرت عمر بن عبدالعزیز کے عامل تھے' میں عبدالملک بن مروان کے پاس آیا' حضرت بشیر بن عقربہ جہنی کے متعلق کہا کہ آج عمرو بن سعید کو قتل کیا جائے گا' اے ابو یمان! میں نے آپ سے گفتگو نہیں کرنی' آپ گفتگو کریں۔ حضرت بشیر نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو خطبہ کے لیے کھڑا ہوا' اس کا مقصد ریا کاری اور دکھاوا ہے تو اللہ عزوجل اسے قیامت کے دن ریا کاری اور دکھاوے کے مقام پر کھڑا کرے گا۔

1214 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ، عَنْ

حضرت بشیر بن عقربہ جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو خطبہ کے لیے کھڑا ہوا اور اُس کا مقصد دکھاوا اور

شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ عَقْرَبَةَ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَامَ بِخُطْبَةٍ، لَا يَلْتَمِسُ بِهَا إِلَّا رِيَاءً، وَسُمْعَةً، وَقَفَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَوْقِفَ رِيَاءٍ، وَسُمْعَةٍ

ریا کاری ہو تو اللہ عزوجل اس کو دکھاوا اور ریا کاری کے مقام پر کھڑا کرے گا۔

بَشِيرُ السُّلَمِيُّ

حضرت بشیر سُلمی رضی اللہ عنہ

1215 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا عِيسَى بْنُ عَلِيٍّ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ بَشِيرٍ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُوشِكُ أَنْ تَخْرُجَ نَارٌ تُضِيءُ أَعْنَاقَ الْإِبِلِ بِبُصْرَى، تَسِيرُ سَيْرَ بَطِيئَةِ الْإِبِلِ تَسِيرُ النَّهَارَ، وَتُقِيمُ اللَّيْلَ، تَغْدُو وَتَرُوحُ، يُقَالُ: غَدَتِ النَّارُ أَيُّهَا النَّاسُ فَاغْدُوا، قَالَتِ النَّارُ: أَيُّهَا النَّاسُ فَقِيلُوا رَاحَتْ، أَيُّهَا النَّاسُ فَرُوحُوا، مَنْ أَدْرَكْتُهُ أَكَلْتُهُ

حضرت رافع بن بشر سلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قریب ہے کہ آگ نکلے، جس سے بصرہ کے اونٹوں کی گردنیں روشن کر دے گی، ایسے چلے گی جیسے اونٹ آہستہ آہستہ چلتا ہے، وہ دن کو چلے گی رات کو ٹھہر جائے گی، صبح کو چلے گی، شام کو چلے گی، کہا جائے گا: اے لوگو! آگ چل پڑی ہے، تم بھی چلو! آگ کہے گی: اے لوگو! قیلولہ کرو! آگ شام کو چلی ہے، اے لوگو! تم بھی چلو! جس کو میں نے پالیا اس کو میں کھالوں گی۔

بَشِيرُ بْنُ الْخَصَاصِيَةِ السَّدُوسِيُّ

حضرت بشیر بن خصاصیہ سدوسی رضی اللہ عنہ

وَهُوَ بَشِيرُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ شَرَاحِيلَ بْنِ سَبْعِ بْنِ صَبَّارٍ سَدُوسِيٌّ، وَكَانَ اسْمُهُ بِالْجَاهِلِيَّةِ زَحْمٌ فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشِيرًا

ان کا نسب بشیر بن معبد بن شراحیل بن سبع بن صبار سدوسی ہے، آپ کا نام جاہلیت میں زحم تھا، حضور ﷺ نے ان کا نام بشیر رکھا۔

1216 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ قَالَا: ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت بشیر بن خصاصیہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا نام جاہلیت میں زحم تھا، میں نے ہجرت کی تو حضور ﷺ نے میرا نام بشیر

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ میرے والد نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے' آپ کے ساتھ جنگ حنین سے لوگ واپس آ رہے تھے' دیہات کے لوگ آپ کو روک کر سوال کرنے لگے' آپ کو کانٹے دار درخت کے پاس لے گئے مجبور ہو کر' آپ کی اپنی چادر کانٹے اور درخت سے چمٹ گئی' اس حالت میں کہ آپ سواری پر تھے' آپ ٹھہرے' آپ نے فرمایا: اللہ کے لیے میری چادر واپس کرو! کیا تم خوف کرتے ہو کہ میرے متعلق بخل کرنے کا' اللہ کی قسم! اگر درختوں کی طرح میرے پاس نعمتیں ہوتیں تو

هَـذِهِ الْـعِـضَـاهِ نَعَمًا لَقَسَّمْتُهُ بَيْنَكُمْ، ثُمَّ لَا تَجِدُونِي بَخِيلًا، وَلَا كَذُوبًا، وَلَا جَبَانًا

میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا' تم مجھے بخیل اور کنجوس اور جھوٹا نہ پاتے۔

1535 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا حَجَّاجٌ الْاَزْرَقِ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالُوا: ثنا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَضْلَلْتُ بَعِيرًا لِي يَوْمَ عَرَفَةَ، فَخَرَجْتُ لِطَلَبِهِ بِعَرَفَةَ، فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاقِفًا مَعَ النَّاسِ بِعَرَفَةَ، فَقُلْتُ: هَذَا مِنَ الْحُمْسِ، فَمَا شَانُهُ هَهُنَا؟، قَالَ سُفْيَانُ: وَالْاَحْمَسُ الشَّدِيدُ عَلَى دِينِهِ، فَكَانَتْ قُرَيْشٌ تُسَمِّي الْحُمْسَ، وَكَانَ الشَّيْطَانُ قَدِ اسْتَهْوَاهُمْ، فَقَالَ لَهُمْ: اِنَّكُمْ اِنْ عَظَّمْتُمْ غَيْرَ حَرَمِكُمُ اسْتَخَفَّ النَّاسُ بِحَرَمِكُمْ، وَكَانُوا لَا يَخْرُجُونَ مِنَ الْحَرَمِ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ عرفہ کے دن میرا اونٹ گم ہوگیا' میں عرفہ میں اس کی تلاش کے لیے نکلا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ لوگوں کے ساتھ عرفات میں ٹھہرے ہوئے تھے' میں نے کہا: یہ حمس ہے' یہاں کیا کام ہے؟ حضرت سفیان فرماتے ہیں: حمس کہتے ہیں جو اپنے دین پر سختی سے کاربند ہو' قریش کو حمس کہا جاتا ہے' کیونکہ شیطان نے ان کو دھوکہ دے رکھا تھا' ان کو کہا تھا کہ اگر تم حرم کے باہر بُرائی بیان کرو گے تو لوگ تمہاری حرمت کو حقیر جانیں گے' اس وجہ سے وہ حرم سے نہیں نکلتے تھے۔

1536 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَتَتِ امْرَاَةٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَتْهُ بِشَيْءٍ، فَاَمَرَهَا اَنْ تَرْجِعَ اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنْ جِئْتُ، وَلَمْ اَجِدْكَ، تَعْنِي الْمَوْتَ، قَالَ: اِنْ لَمْ تَجِدِينِي

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی' اُس نے آپ سے کسی شی کی بات کی' آپ نے اس کو واپس جانے کا حکم دیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں آؤں اور آپ سے ملاقات نہ ہو سکے' یعنی آپ کا وصال مبارک ہوگیا ہو' تو آپ نے فرمایا: اگر تُو

1536- أخرجه البخاري في صحيحه جلد3 صفحه1338 رقم الحديث: 3459' جلد6 صفحه2639 رقم الحديث: 6794 عن ابراهيم بن سعد عن أبيه عن محمد بن جبير بن مطعم عن أبيه به .

فَائْتِي اَبَا بَكْرٍ

مجھے نہ پائے تو ابوبکر کے پاس چلے جانا۔

1537 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ فِي غَيْرِهِ، مِنَ الْمَسَاجِدِ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز دوسری مسجدوں کے علاوہ ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجد حرام کے۔

1538 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں چاند کے ٹکڑے ہوئے تھے۔

1539 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ الرَّازِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّشْتَكِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ، وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چاند کے دو ٹکڑے ہوئے تھے اس حالت میں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے۔

1540 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الطَّرِيقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ،

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چاند کے دو ٹکڑے ہوئے تھے اس حالت میں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے۔

1538- أخرجه مطولا الترمذي في سننه جلد5صفحه398 رقم الحديث: **3289**، وأحمد في مسنده جلد **4**صفحه **81**، وابن حبان في صحيحه جلد **14**صفحه**422** رقم الحديث: **6497** كلهم عن حصين بن عبد الرحمن عن محمد بن جبير بن مطعم عن أبيه به .

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ، وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

1541 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ غُرَابٍ الْكُوفِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ، فِيمَا سِوَاهُ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز دوسری مسجدوں کے علاوہ ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجد حرام کے۔

1542 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي وَحْشِيَّةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَحْمَدُ، وَالْحَاشِرُ، وَالْمَاحِي، وَالْخَاتَمُ، وَالْعَاقِبُ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرا نام محمدؐ احمدؐ حاشرؐ ماحیؐ خاتم اور عاقب ہے۔

1543 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرا نام محمدؐ احمدؐ حاشرؐ

صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِی الْحُوَيْرِثِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ جُبَيْرٍ اَنَّهُ سَمِعَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَحْمَدُ، وَالْعَاقِبُ، وَالْحَاشِرُ، وَالْمَاحِی

ماحی' خاتم اور عاقب ہے۔

1544 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، وَابْنُ عَائِشَةَ ح وثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ فِی سَفَرٍ لَهُ، فَقَالَ: مَنْ يَكْلَاُنَا اللَّيْلَةَ، لَا نَرْقُدُ عَنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ؟ فَقَالَ: بِلَالٌ: اَنَا، فَاسْتَقْبَلَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ، فَضَرَبَ عَلَى آذَانِهِمْ، حَتَّى اَيْقَظَهُمْ حَرُّ الشَّمْسِ، ثُمَّ قَامُوا، فَقَادُوا رِكَابَهُمْ، ثُمَّ تَوَضَّئُوا، وَاَذَّنَ بِلَالٌ، ثُمَّ صَلَّوْا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، ثُمَّ صَلَّوُا الْفَجْرَ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے' آپ نے فرمایا: آج رات ہماری حفاظت کون کرے گا' ہم نمازِ فجر کے لیے نہیں اُٹھ سکیں گے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں! یارسول اللہ! حضرت بلال رضی اللہ عنہ سورج کے طلوع ہونے کی جگہ کی طرف منہ کرلیا اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے (بیٹھ گئے) یہاں تک کہ یہ سورج کی گرمی سے اُٹھے' پھر سارے لوگ اُٹھے اور اپنی سواریوں کے پاس آئے' پھر وضو کیا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی' پھر فجر کی دو سنتیں ادا کیں' پھر نمازِ فجر پڑھی۔

1545 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّیُّ، وَاَبُو خَلِيفَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، قَالُوا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِیُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، كُلَّ لَيْلَةٍ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَقُولُ: هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَاُعْطِيَهُ؟ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَاَغْفِرَ لَهُ؟

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی رحمت ہر رات آسمانِ دنیا کی طرف متوجہ ہوتی ہے' یہ آواز دی جاتی ہے: ہے کوئی مانگنے والا کہ اس کو دیا جائے' ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ اس کو بخشا جائے؟

1546 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الصَّائِغُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، اِنْ وُلِّيتُمْ هَذَا الْاَمْرَ يَوْمًا، فَلَا تَمْنَعُوا طَائِفًا يَطُوفُ بِهَذَا الْبَيْتِ، اَيَّ سَاعَةٍ مِنْ سَاعَاتِ اللَّيْلِ، وِ النَّهَارِ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بنی عبد مناف! اگر تم آج کے دن امیر بنائے جاؤ تو اس گھر کے طواف سے لوگوں کو نہ روکنا' دن و رات کسی بھی وقت میں۔

1547 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ عَنَزَةَ، عَنِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ فِي صَلَاةٍ، فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيرًا، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، مِنْ نَفْخِهِ، وَنَفْثِهِ، وَهَمْزِهِ قَالَ عَمْرٌو: نَفْخُهُ: الْكِبْرُ، وَهَمْزُهُ: الْمُوتَةُ، وَنَفْثُهُ: الشِّعْرُ

حضرت ابن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو آپ نماز پڑھنے لگے' آپ نے اللہ اکبر کبیراً تین مرتبہ اور تین مرتبہ الحمد للہ کثیراً کہا' اور یہ دعا کی: اے اللہ! میں تیری شیطان مردود اور تکبر' موت اور بُرے اشعار سے پناہ مانگتا ہوں۔

1548 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ عَنَزَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيرًا ثَلَاثًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا ثَلَاثًا، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَاَصِيلًا ثَلَاثًا، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، مِنْ هَمْزِهِ،

حضرت ابن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو آپ نماز پڑھنے لگے' آپ نے اللہ اکبر کبیراً تین مرتبہ اور تین مرتبہ الحمد للہ کثیراً کہا' اور یہ دعا کی: اے اللہ! میں تجھ سے شیطان مردود اور تکبر' موت اور بُرے اشعار سے پناہ مانگتا ہوں۔

وَنَفْخِهِ، وَنَفْثِهِ

1549 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَمَّارُ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ، قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيرًا، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً، وَاَصِيلًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ، مِنْ هَمْزِهِ، وَنَفْثِهِ، وَنَفْخِهِ وَيَقُولُ: نَفْثُهُ الشِّعْرُ، وَنَفْخُهُ الْكِبْرُ، وَهَمْزُهُ الَّذِي يَمُوتُ فِي بَلَائِهِ

حضرت ابن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تو آپ نماز پڑھنے لگے' آپ نے اللہ اکبر کبیراً تین مرتبہ اور تین مرتبہ الحمد للہ کثیراً کہا' اور یہ دعا کی: اے اللہ! میں تجھ سے شیطان مردود اور تکبر' موت اور بُرے اشعار سے پناہ مانگتا ہوں۔

نافع بن جبیر بن مطعم عن ابیہ

1550 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، حَدَّثَنِي عَمَّارُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نمازِ چاشت پڑھتے ہوئے دیکھا۔

1551 - حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ النَّحْوِيُّ الصُّورِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي رُكُوعِهِ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ،

حضرت عبدالرحمٰن بن نافع بن جبیر اپنے والد' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ رکوع میں جاتے تو سبحان ربی العظیم پڑھتے اور سجدہ میں سبحان ربی الاعلیٰ پڑھتے۔

وَفِي سُجُودِهِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلَى

1552 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا فَرْدُوسُ بْنُ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَشْيُ عَلَى الْاَقْدَامِ اِلَى الْجُمُعَاتِ، كَفَّارَاتٌ لِلذُّنُوبِ، وَاِسْبَاغُ الْوُضُوءِ، فِي السَّبُرَاتِ، وَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے لیے پیدل جانا اور مکمل وضو کرنا اور نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا' یہ گناہوں کا کفارہ ہے۔

1553 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ثَابِتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَسْمًا فِي نَفَرٍ مِنَ النَّاسِ، وَتَبِعَهُ النَّاسُ فَمَرَّ بِشَجَرَةٍ، فَاَخَذَتْ بِثِيَابِهِ، فَقَالَ: رُدُّوا عَلَيَّ ثِيَابِي، اَتَخَافُونَ عَلَيَّ، فَوَاللّٰهِ لَوْ كَانَ لِي مَالٌ لَقَسَّمْتُهُ

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کے گروہ کے درمیان مال تقسیم کیا' لوگ آپ کے پیچھے ہوئے' آپ ایک درخت کے پاس سے گزرے اس درخت کے ساتھ آپ کے کپڑے لگے' آپ نے فرمایا: میرے کپڑے واپس کرو! کیا تم میرے متعلق خوف کرتے ہو! اللہ کی قسم! اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں اس کو تقسیم کرتا۔

1554 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهْ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا فَرْدُوسُ بْنُ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ مَسْعُودِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَهُوَ عِنْدَ ثَنِيَّةِ الْاَرَاكَةِ، وَهُوَ يُعْطِي حِينَ فَرَغَ مِنْ حُنَيْنٍ الْتَفَتَ اِلَيْنَا، وَوَجْهُهُ مِثْلُ شُقَّةِ الْقَمَرِ

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ثنیہ اراک کے پاس تھے' آپ جنگ حنین سے فارغ ہو کر لوگوں کے درمیان مال تقسیم کر رہے تھے' آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے تو آپ کا چہرۂ مبارک ایسے تھا جس طرح چاند کا ٹکڑا ہو۔

1555 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهْ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے

الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْجُعَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ

روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہے۔

1556 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ هُوَ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَقِفُ عَلَى بَعِيرٍ لَهُ بِعَرَفَاتٍ، مِنْ بَيْنِ قَوْمِهِ، حَتَّى يَدْفَعَ بَعْدَهُمْ تَوْفِيقًا، مِنَ اللّٰهِ لَهُ

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ عرفات میں اونٹ پر کھڑے تھے اپنی قوم کے درمیان' آپ لوگوں کو اللہ کی توفیق سے عطا کر رہے تھے۔

1557 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَحْمَرِ بْنِ النَّاقِدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَمِّهِ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ: كَانَتْ قُرَيْشٌ اِنَّمَا تَدْفَعُ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ، يَقُولُونَ: نَحْنُ الْحُمْسُ، فَلَا نَخْرُجُ مِنَ الْحَرَمِ، وَتَرَكُوا الْمَوْقِفَ عَلَى عَرَفَةَ، فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقِفُ مَعَ النَّاسِ بِعَرَفَةَ عَلَى جَمَلٍ لَهُ، وَيَدْفَعُ مَعَهُمْ، حَتَّى يُصْبِحَ مَعَ

حضرت نافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ قریش مزدلفہ سے واپس آتے ہوئے کہتے: ہم حمس ہیں' ہم حرم سے نہیں نکلیں گے' وہ عرفات میں ٹھہرنے کو چھوڑ دیتے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ لوگوں کے ساتھ اپنے اونٹ پر مقام عرفات میں کھڑے ہوتے اور ان کے ساتھ واپس آتے' صبح کے وقت مزدلفہ میں تھے' ان کے ساتھ ٹھہرے اور جب وہ واپس آئے تو آپ ان کے ساتھ واپس آتے۔

نافع بن جبیر بن مطعم عن ابیہ

1557- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد4صفحه257 رقم الحديث: **2823** عن عثمان بن أبي سليمان عن نافع بن جبير بن مطعم عن أبيه به' وانظر فتح الباري جلد3صفحه516'

قَوْمِهِ، بِالْمُزْدَلِفَةِ، فَيَقَعَ مَعَهُمْ، ثُمَّ يَدْفَعُ إِذَا دَفَعُوا

1558 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي قَدْ بَدَّنْتُ، فَلَا تُبَادِرُونِي بِالْقِيَامِ فِي الصَّلَاةِ، وَالرُّكُوعِ، وَالسُّجُودِ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے قربانی کی ہے' تم نماز میں قیام اور رکوع اور سجدہ میں مجھ سے پہل نہ کرو۔

1559 - ثنا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَالِمٍ الصَّائِغُ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا حِلْفَ فِي الْإِسْلَامِ، وَأَيُّمَا حِلْفٍ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَإِنَّ الْإِسْلَامَ لَمْ يَزِدْهُ، إِلَّا شِدَّةً

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام میں قسم نہیں ہے' جو جاہلیت میں قسم تھی' اسلام صرف اسی میں سختی کا اضافہ کرے گا۔

1560 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ كِلَابِ بْنِ عَلِيٍّ الْوَحِيدِيِّ، مِنْ بَنِي عَامِرٍ، عَنِ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمَرْوَةِ فِي عُمْرَتِهِ، وَهُوَ يُقَصِّرُ مِنْ شَعْرِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ، إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا صَرُورَةَ

حضرت ابن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ عمرہ کے لیے مروہ پر سعی کی اور اپنے بال کم کرواتے ہوئے' آپ فرما رہے تھے: عمرہ حج میں داخل ہو گیا ہے' قیامت کے دن تک کوئی رکاوٹ نہیں۔

نافع بن جبیر بن مطعم عن ابیہ

1559- أخرجه مسلم فی صحیحه جلد **4** صفحه **1961** رقم الحدیث: **2530**' وأبو داؤد فی سننه جلد **3** صفحه **129** رقم الحدیث: **2925**' وأحمد فی مسنده جلد **4** صفحه **83** کلهم عن سعد بن ابراهیم عن نافع بن جبیر بن مطعم عن أبیه به .

1561 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهْ، ثنا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ مُدْرِكِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَصَّرَ عَلَى الْمَرْوَةِ بِمِشْقَصٍ، وَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ، اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ عمرہ کے لیے مروہ پر سعی کی اور قینچی سے اپنے بال کم کرواتے ہوئے' آپ فرما رہے تھے: عمرہ حج میں داخل ہوگیا ہے' قیامت کے دن تک۔

1562 - ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّوَاسِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ عَرَفَةَ مَوْقِفٌ، وَارْفَعُوا عَنْ عُرَنَةَ، وَكُلُّ مُزْدَلِفَةَ، مَوْقِفٌ، وَارْفَعُوا عَنْ بَطْنِ مُحَسِّرٍ، وَكُلُّ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ ذَبْحٌ، وَكُلُّ فِجَاجِ مَكَّةَ، مَنْحَرٌ

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سارا عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے' عرنہ سے اُٹھو' مزدلفہ ساری ٹھہرنے کی جگہ ہے' بطن محسر سے اُٹھو' تمام ایام تشریق ذبح کرنے کے ہیں' مکہ کی ہر گلی میں ذبح کرو۔

1563 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمَادٍ الْبَرْبَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا ابْنُ دَاَبٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ:: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَادَ سَعِيدَ بْنَ الْعَاصِ، فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَمِّدُهُ بِخِرْقَةٍ

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے حضرت سعید بن عاص کی عیادت کی' میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ کپڑا گرم کر کے سینک رہے تھے۔

1564 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الزَّجَانِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، ثنا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا' میں اچانک آیا' میں اس دن مسلمان نہیں تھا' میں آیا تو مجھے سخت چوٹ لگی' میں مسجد میں سو گیا' میں

نافع بن جبیر بن مطعم عن ابیہ

اَبُو عَمْرٍو السَّدُوسِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، اَخْبَرَنِی نُعْمَانُ بْنُ اَبِی سُلَيْمَانَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، اِذْ قَدِمْتُهَا، وَاَنَا غَيْرُ، مُسْلِمٍ يَوْمَئِذٍ، فَاَقْدَمُ، وَقَدْ اَصَابَنِی كَرًى شَدِيدٌ، فَنِمْتُ فِی الْمَسْجِدِ، حَتّٰی فَزِعْتُ بِقِرَاءَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَقْرَاُ: وَالطُّورِ، وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ فَاسْتَرْجَعْتُ، حَتّٰی خَرَجْتُ مِنَ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ اَوَّلُ مَا دَخَلَ قَلْبِی الْاِسْلَامَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرات سے گھبرایا' آپ پڑھ رہے تھے: والطور و کتاب مسطور! میں ڈرا اور میں مسجد سے نکلا' یہ پہلی بات تھی جس نے میرے دل میں اسلام داخل کیا۔

1565 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِی ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَبِی مَرْيَمَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ، فَقَالَهَا فِی مَجْلِسِ ذِكْرٍ كَانَ كَالطَّابَعِ يُطْبَعُ عَلَيْهِ، وَمَنْ قَالَهَا فِی مَجْلِسِ لَغْوٍ، كَانَتْ كَفَّارَةً لَهُ

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے سبحان اللہ وبحمدہ سبحانک اللّٰھم الیٰ آخرہٖ ذکر کی مجلس میں پڑھے تو یہ ایسے ہوگا جس طرح کسی شی پر مہر لگائی ہوتی ہے' جس نے لغو مجلس میں پڑھے تو اس کے لیے کفارہ ہو جائے گا۔

1566 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَيُّوبَ الْاَهْوَازِیُّ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِیُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَفَّارَةُ الْمَجْلِسِ اَنْ لَا يَقُومَ، حَتّٰی يَقُولَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ،

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مجلس کا کفارہ یہ ہے کہ وہ اُٹھنے سے پہلے سبحان اللّٰھم وبحمدک الیٰ آخرہٖ تین مرتبہ پڑھے' اگر لغو مجلس میں پڑھے تو یہ اس کے لیے کفارہ ہوگا' اگر ذکر والی مجلس میں پڑھے تو اس کے لیے ذخیرہ ہو جائے گا۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، تُبْ عَلَيَّ، وَاغْفِرْ لِي يَقُولُهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاِنْ كَانَ مَجْلِسَ لَغَطٍ، كَانَتْ كَفَّارَةً لَهُ، وَاِنْ كَانَ مَجْلِسَ ذِكْرٍ، كَانَتْ طَابَعًا عَلَيْهِ

1567 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ الصَّرَيْفِينِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ الْفَرَّاءِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلَّى اَحَدُكُمْ اِلَى سُتْرَةٍ، فَلْيَدْنُ مِنْهَا، لَا يَمُرُّ الشَّيْطَانُ بَيْنَهُ، وَبَيْنَهَا

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو سترہ کے قریب ہو کر کھڑا ہو تا کہ اس کے اور سترہ کے درمیان سے شیطان نہ گزرے۔

1568 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ هِلَالٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ جَبَلَةَ، عَنْ اَبِي الْحَسَنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُسَلُّ السُّيُوفُ، وَلَا تُنْثَرُ النَّبْلُ فِي الْمَسَاجِدِ، وَلَا يُحْلَفُ بِاللّٰهِ فِي الْمَسْجِدِ، وَلَا يُمْنَعُ الْقَائِلَةُ فِي الْمَسَاجِدِ مُقِيمًا، وَلَا ضَيْفًا، وَلَا تُبْنَى بِالتَّصَاوِيرِ، وَلَا تُزَيَّنُ بِالْقَوَارِيرِ، فَاِنَّمَا بُنِيَتْ بِالْاَمَانَةِ، وشُرِّفَتْ بِالْكَرَامَةِ

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسجدوں میں تلوار نہ سونتنا' تیر نہ چھوڑے جائیں' مسجد میں اللہ کی قسم نہ اُٹھائے' کوئی مسجد میں مقیم اور مہمان کو نہ روکے' تصویریں نہ بنائے' شیشوں کو خوبصورت نہ کرے' یہ امانت کے ساتھ بنائی گئی ہے' عزت کے ساتھ نوازا گیا ہے۔

1569 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّارُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُقَامُ الْحُدُودُ،

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسجد میں حدود قائم نہ کرو۔

نافع بن جبیر بن مطعم عن ابیہ

فِي الْمَسَاجِدِ

سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعید بن مسیّب' حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1570 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: لَمَّا كَتَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَهْمَ ذِي الْقُرْبَى، وَبَنِي هَاشِمٍ، وَبَنِي الْمُطَّلِبِ، اَتَيْتُهُ اَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَؤُلَاءِ، بَنُو هَاشِمٍ، لَا يُنْكَرُ فَضْلُهُمْ، لِمَكَانِكَ الَّذِي جَعَلَكَ اللّٰهُ، مِنْهُمْ اَرَاَيْتَ اَعْطَيْتَ اِخْوَانَنَا، مِنْ بَنِي الْمُطَّلِبِ، وَمَنَعْتَنَا، وَاِنَّمَا نَحْنُ وَهُمْ مِنْكَ، بِمَنْزِلَةٍ، قَالَ: اِنَّهُمْ لَمْ يُفَارِقُونِي فِي جَاهِلِيَّةٍ، وَلَا اِسْلَامٍ، وَاِنَّمَا بَنُو هَاشِمٍ، وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَاحِدٌ، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ نے اپنے قریبی رشتے دار اور بنی ہاشم اور بنی مطلب کے لیے حصہ مقرر کیا تو میں اور حضرت عثمان بن عفان آئے' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ سارے بنو ہاشم ہیں' آپ کے ان میں ہونے کی وجہ سے ان کو جو اللہ نے فضیلت دی ہے اس کا انکار نہیں ہے' آپ کی کیا رائے ہے آپ نے ہمارے بھائیوں کو دیا بنی عبدالمطلب سے لیکن ہم کو نہیں دیا' ہم اور وہ آپ کے ساتھ تعلق میں ایک ہی درجہ میں ہیں' آپ نے فرمایا: وہ جاہلیت اور اسلام میں مجھ سے جدا نہیں ہوئے' بنو ہاشم اور بنو عبدالمطلب ایک ہی چیز ہیں اور آپ نے اپنی انگلیاں ایک دوسری میں داخل فرمائیں۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، اَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت جبیر بن مطعم' نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

1571 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، ثنا يُونُسُ،

حضرت سعید بن مسیّب فرماتے ہیں کہ حضرت جبیر بن مطعم نے بتایا کہ وہ اور حضرت عثمان بن عفان

سعید بن المسیب عن جبیر بن مطعم

1570- أخرجه النسائي في المجتبىٰ جلد 7صفحه130 رقم الحديث: 4137' وأحمد في مسنده جلد 4صفحه 81 كلاهما عن الزهري عن سعيد بن جبير عن جبير بن مطعم به .

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِی سَعِیدُ بْنُ الْمُسَیِّبِ، اَنَّ جُبَیْرَ بْنَ مُطْعِمٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ، جَاءَ هُوَ وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یُکَلِّمَانِهِ، فِیمَا قَسَمَ مِنْ خُمُسِ خَیْبَرَ بَیْنَ بَنِی هَاشِمٍ، وَبَنِی الْمُطَّلِبِ، فَقَالَا: یَا رَسُولَ اللّٰهِ قَسَمْتَ، لِاِخْوَانِنَا بَنِی الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَلَمْ تُعْطِنَا شَیْئًا، وَقَرَابَتُنَا مِثْلُ قَرَابَتِهِمْ، فَقَالَ لَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا اَرَی هَاشِمًا، وَالْمُطَّلِبَ شَیْئًا وَاحِدًا قَالَ جُبَیْرُ بْنُ مُطْعِمٍ: وَلَمْ یَقْسِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ، وَسَلَّمَ لِبَنِی عَبْدِ شَمْسٍ، وَلَا لِبَنِی نَوْفَلٍ، مِنْ ذٰلِكَ الْخُمُسِ شَیْئًا، کَمَا قَسَمَ لِبَنِی هَاشِمٍ، وَبَنِی الْمُطَّلِبِ

آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس، دونوں نے آپ سے گفتگو اس کے متعلق جو آپ نے بنو ہاشم اور بنی مطلب کے درمیان خیبر کا خمس تقسیم کیا۔ دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ہمارے بھائیوں بنو عبدالمطلب، بنی عبدمناف کے درمیان تقسیم کیا ہے اور ہمیں کوئی شی نہیں دی ہے، ہماری قرابت ان جیسی قرابت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں کو فرمایا: ہاشم اور مطلب ایک ہی درجہ میں ہیں۔ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی عبدشمس اور بنی نوفل کے لیے خمس سے کوئی شی تقسیم نہیں کی، جس طرح بنی ہاشم اور بنی مطلب کے لیے تقسیم کی۔

1572 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِیرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، حِینَ اَعْطَی بَنِی هَاشِمٍ، وَبَنِی الْمُطَّلِبِ، مِنْ خُمُسِ خَیْبَرَ، وَلَمْ یُعْطِ بَنِی عَبْدِ شَمْسٍ، وَلَا بَنِی عَبْدِ مَنَافٍ، فَقَالَ: اِنَّ بَنِی هَاشِمٍ، وَبَنِی الْمُطَّلِبِ شَیْءٌ وَاحِدٌ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا جس وقت آپ نے بنی ہاشم اور بنی مطلب کے درمیان خیبر کا خمس تقسیم کیا اور آپ نے بنی عبدشمس اور بنی عبدمناف کے درمیان کوئی شی تقسیم نہیں کی اور فرمایا: بنی ہاشم اور بنو مطلب ایک شی ہیں۔

اِبْرَاهِیمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

حضرت ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن

ابراهیم بن عبد الرحمن بن عوف عن جبیر بن مطعم

بْنِ عَوْفٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

1573 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي بَعْضُ اِخْوَتِي، عَنْ اَبِي، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّهُ اَتَى الْمَدِينَةَ فِي فِدَاءٍ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ مُشْرِكٌ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُصَلِّي الْمَغْرِبَ فَقَرَاَ: بِالطُّورِ فَكَاَنَّمَا صَدَعَ قَلْبِي قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ

عوف' حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں مدینہ میں فدیہ میں آیا' اس دن میں مشرک تھا' میں مسجد میں داخل ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ مغرب پڑھ رہے تھے' آپ نے سورۂ طور پڑھی' ایسے محسوس ہوا کہ قرآن کی قرات میرے دل میں ڈالی گئی۔

1574 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّهُ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يُصَلِّي الْمَغْرِبَ، فَكَاَنَّمَا صُدِعَ اَوْ صُدِعَ قَلْبِي حِينَ، سَمِعْتُ الْقُرْآنَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ نمازِ مغرب پڑھا رہے تھے' جس وقت میں نے قرآن سنا تو ایسے محسوس ہوا کہ میرے دل میں ڈالا گیا ہے۔

1575 - ثنا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ثنا اَبِي ح، وَثنا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، وَاَبُو اُسَامَةَ، كُلُّهُمْ عَنْ زَكَرِيَّا، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حِلْفَ فِي الْاِسْلَامِ، وَاَيُّمَا حِلْفٍ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، لَمْ يَزِدْهُ الْاِسْلَامُ اِلَّا شِدَّةً

حضرت نافع بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام میں قسم نہیں ہے' جاہلیت میں جو قسم تھی' اسلام صرف اس قسم میں سختی کا اضافہ کرے گا۔

عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ

حضرت عبدالعزیز بن جریج'

جُرَيْجٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

1576 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: أَضْلَلْتُ حِمَارًا يَوْمَ عَرَفَةَ، فَانْطَلَقْتُ أَطْلُبُهُ، فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَعِيرِهِ، وَاقِفٌ، وَذَاكَ بَعْدَ مَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ

حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرفہ کے دن میرا گدھا گم ہو گیا' میں اس کی تلاش میں نکلا تو دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ عرفات میں اپنے اونٹ پر تشریف فرما ہیں' یہ قرآن نازل ہونے کے بعد کی بات ہے۔

عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَابَيْهِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

1577 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ بَابَيْهِ يُخْبِرُ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، لَأَعْرِفَنَّ مَا مَنَعْتُمْ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ، أَنْ يُصَلِّيَ عِنْدَ هَذَا الْبَيْتِ، أَيَّ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ، أَوْ نَهَارٍ

حضرت عبداللہ بن بابیہ' حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: اے بنی عبد مناف! اے بنی عبدالمطلب! میں اچھی طرح پہچانتا ہوں جو تم نے لوگوں میں سے کسی کو دن و رات کے کسی بھی حصے میں اس گھر کے پاس نماز پڑھنے سے روکا۔

1578 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ بَابَاهُ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَيَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، إِنْ وُلِّيتُمْ مِنْ هَذَا الْأَمْرِ شَيْئًا،

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے بنی عبدالمطلب! اے بنی عبد مناف! اگر تم آج کے دن امیر بنائے جاؤ تو اس گھر کے طواف سے لوگوں کو نہ روکنا' دن اور رات کسی بھی وقت میں طواف کریں' نماز

فَلَا تَمْنَعُوا اَحَدًا، طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ، يُصَلِّي اَيَّ سَاعَةٍ مِنْ لَيْلٍ، اَوْ نَهَارٍ

پڑھیں۔

1579 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا الزُّبَيْرِ، حَدَّثَهُ، عَنِ ابْنِ بَابَيْهِ اَنَّهُ سَمِعَ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، لَا تَمْنَعُوا اَحَدًا، طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ سَاعَةً مِنْ لَيْلٍ، اَوْ نَهَارٍ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے بنی عبدمناف! تم کسی کو اس گھر کے طواف سے نہ روکنا' دن اور رات کے کسی بھی وقت میں۔

1580 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَيْهِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَاَعْرِفَنَّكُمْ يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، مَا مَنَعْتُمْ طَائِفًا، يَطُوفُ بِهٰذَا الْبَيْتِ سَاعَةَ لَيْلٍ، اَوْ نَهَارٍ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے بنی عبدمناف! میں خوب جانتا ہوں جو تم اس گھر کے طواف سے ایک طواف کرنے والے کو روکا' دن و رات کے کسی بھی وقت میں۔

مُجَاهِدُ بْنُ جَبْرٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

حضرت مجاہد بن جبر' حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1581 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ قُرَّةَ بْنِ اَخِي الْحَسَنِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، ثنا رَجَاءُ، صَاحِبُ الرَّكِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ اَبِي الْحَجَّاجِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے بنی عبدمناف! اے بنی عبدالدار! تم میں سے کوئی ایک کسی کو اس گھر کا طواف اور دن و رات کی کسی بھی گھڑی میں نماز پڑھنے سے نہ روکے۔

يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، يَا بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، لَا تَمْنَعُوا اَحَدًا، طَافَ بِهَذَا الْبَيْتِ، وَصَلَّى اَيَّةَ سَاعَةٍ مِنْ لَيْلٍ، اَوْ نَهَارٍ

مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

حضرت محمد بن طلحہ بن یزید بن رکانہ، حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1582 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ، فِيمَا سِوَاهُ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری مسجد میں نماز دوسری مسجدوں میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجد حرام کے۔

1583 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي اَفْضَلُ مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ، فِيمَا سِوَاهُ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری مسجد میں نماز دوسری مسجدوں میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجد حرام کے۔

1584 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ الْمُطَّلِبِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي اَفْضَلُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز دوسری مسجدوں میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجد حرام کے۔

مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ، فِيمَا سِوَاهُ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

1585 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي تَزِيدُ عَلَى سِوَاهُ، مِنَ الْمَسَاجِدِ اَلْفَ صَلَاةٍ، غَيْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز دوسری مسجدوں میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجد حرام کے۔

عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عطاء بن ابو رباح، حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1586 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ قُرَيْشٍ فِي مَنْزِلَهُمْ، دُونَ عَرَفَةَ، فَاَضْلَلْتُ حِمَارًا، فَانْطَلَقْتُ اَبْتَغِيهِ، فِي النَّاسِ الَّذِينَ بِعَرَفَةَ، فَوَجَدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں قریش کے ساتھ ان کے گھروں میں عرفہ کے علاوہ تھا' میرا گدھا گم ہو گیا تو میں اس کی تلاش میں گیا' لوگ عرفات میں تھے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عرفات میں پایا۔

عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ اللَّخْمِيُّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

حضرت علی بن رباح لخمی' حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1587 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ

حضرت جبیر بن معظم فرماتے ہیں: قریش مکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیفیں دیتے تھے' میں اس چیز کو ناپسند کرتا تھا' پس جب مجھے یہ گمان ہوا کہ وہ آپ کو قتل

عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: كُنْتُ اَكْرَهُ اَذَى قُرَيْشٍ، رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا ظَنَنْتُ اَنَّهُمْ سَيَقْتُلُوهُ، خَرَجْتُ، حَتَّى لَحِقْتُ بِدَيْرٍ مِنَ الدِّيَرَاتِ، فَذَهَبَ اَهْلُ الدَّيْرِ، اِلَى رَاْسِهِمْ، فَاَخْبَرُوهُ، فَقَالَ: لَهُ حَقُّهُ الَّذِي يَنْبَغِي لَهُ ثَلَاثًا، فَلَمَّا مَرَّتْ ثَلَاثٌ رَاَوْهُ، لَمْ يَذْهَبْ فَانْطَلَقُوا اِلَى صَاحِبِهِمْ، فَاَخْبَرُوهُ (?:145)، فَقَالَ: قُولُوا لَهُ قَدْ، اَقَمْنَا لَكَ حَقَّكَ الَّذِي يَنْبَغِي لَكَ، فَاِنْ كُنْتَ وَصِيًّا، فَقَدْ ذَهَبَ وَصِيَّتُكَ، وَاِنْ كُنْتَ وَاصِلًا، فَقَدْ نَالَكَ اَنْ تَذْهَبَ اِلَى مَنْ تَصِلُ، وَاِنْ كُنْتَ تَاجِرًا، فَقَدْ نَالَكَ اَنْ تَخْرُجَ اِلَى تِجَارَتِكَ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ وَاصِلًا، وَلَا تَاجِرًا، وَمَا اَنَا بِنَصِيبٍ، فَذَهَبُوا اِلَيْهِ، فَاَخْبَرُوهُ، فَقَالَ: اِنَّ لَهُ لَشَاْنًا، فَسَلُوهُ مَا شَاْنُهُ، قَالَ: فَاَتَوْهُ، فَسَاَلُوهُ، فَقَالَ: لَا، وَاللّٰهِ اِلَّا اَنِّي فِي قَرْيَةِ اِبْرَاهِيمَ، وَابْنُ عَمِّي، يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ فَاٰذَوْهُ قَوْمُهُ، وَتَخَوَّفْتُ اَنْ يَقْتُلُوهُ، فَخَرَجْتُ لِاَنْ لَا اَشْهَدَ ذَلِكَ، قَالَ: فَذَهَبُوا اِلَى صَاحِبِهِمْ، فَاَخْبَرُوهُ بِقَوْلِي قَالَ: هَلُمُّوا، فَاَتَيْتُهُ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ، قَصَصِي، وَقَالَ: تَخَافُ اَنْ يَقْتُلُوهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: وَتَعْرِفُ شَبَهَهُ لَوْ تَرَاهُ مُصَوَّرًا؟، قُلْتُ: نَعَمْ، عَهْدِي بِهِ مُنْذُ قَرِيبٍ، فَاَرَاهُ صُوَرًا مُغَطَّاةً، فَجَعَلَ يَكْشِفُ صُورَةً صُورَةً، ثُمَّ يَقُولُ: اَتَعْرِفُ؟ فَاَقُولُ: لَا، حَتَّى كَشَفَ صُورَةً مُغَطَّاةً، فَقُلْتُ: مَا رَاَيْتُ اَشْبَهَ شَيْءٍ مِنْ هَذِهِ الصُّورَةِ بِهِ، كَاَنَّهُ طُولُهُ، وَجِسْمُهُ، وَبَعْدَ مَا بَيَّنَ

کر دیں گے' میں نکلا' ایک گرجا میں جا ڈیرہ لگایا' گرجا والے اپنے سردار کے پاس گئے اور اسے بتایا تو اس نے کہا: اس کا حق ہے کہ وہ تین دن رہے' پس جب تین دن گزر گئے' انہوں نے اسے دیکھا' وہ نہیں گیا' پس اپنے مالک کی طرف گئے' اسے خبر دی' اس نے کہا: اس سے بولو! جتنے دن ٹھہرنا تیرا حق تھا ہم نے تجھے ٹھہرایا' پس اگر آپ وصی ہیں تو آپ کی وصیت ختم ہوگئی اور اگر آپ نے یہاں سے کسی آدمی کے پاس جانا ہے تو راستہ کھلا ہے' آپ اس سے جا کر ملیں اور اگر آپ تاجر ہیں تو آپ اپنی تجارت کرنے کو جائیں' پس آپ نے کہا: میں نے کسی سے ملنے بھی نہیں جانا' تاجر نہیں ہوں' اور نہ ہی یہاں پر مستقل ٹھہرنے والا ہوں' پس انہوں نے اپنے سردار کے پاس جا کر خبر دی' اس نے کہا: بے شک اسے کوئی ضروری کام ہے' اس سے پوچھو' اس کا خاص کام کیا ہے۔ پس وہ آئے' سوال کیا تو فرمایا: پس مجھے اور کام نہیں ہے' اتنی بات ہے کہ میں ابراہیم علیہ السلام کے گاؤں (مکہ) میں رہتا ہوں اور میرے چچا کا بیٹا گمان کرتا ہے کہ وہ نبی ہے' اس کی قوم نے اسے بہت تکلیف دی' مجھے خوف ہے کہیں وہ اسے قتل ہی نہ کر دیں' پس میں وہاں سے اس لیے نکل آیا ہوں کہ یہ کام میری آنکھوں کے سامنے نہ ہو' پس انہوں نے اپنے سردار کو اس کی جا کر خبر دی اور میری باتیں اسے بتائیں' اس نے کہا: اسے لے آؤ! پس میں اس کے پاس آیا' میں نے اپنے قصے اسے سنائے اور اس نے کہا: کیا تجھے خوف

علی بن رباح عن جبیر بن مطعم

مَنْكِبَيْهِ، قَالَ: قَالَ: فَتَخَافُ اَنْ يَقْتُلُوهُ؟ قَالَ: اَظُنُّهُمْ قَدْ فَرَغُوا مِنْهُ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا يَقْتُلُوهُ، وَلَيَقْتُلَنَّ مَنْ يُرِيدُ قَتْلَهُ، وَاِنَّهُ لَنَبِيٌّ، وَلَيُظْهِرَنَّهُ اللّٰهُ، وَلٰكِنْ قَدْ وَجَبَ حَقُّهُ عَلَيْنَا، فَامْكُثْ مَا بَدَا لَكَ وَادْعُ بِمَا شِئْتَ، قَالَ: فَمَكَثْتُ عِنْدَهُمْ حِينًا ثُمَّ، قُلْتُ: لَوْ اَطْعَتُهُمْ، فَقَدِمْتُ مَكَّةَ، فَوَجَدْتُهُمْ قَدْ اَخْرَجُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِينَةِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ، قَامَتْ اِلَيَّ قُرَيْشٌ، فَقَالُوا: قَدْ تَبَيَّنَ لَنَا اَمْرُكَ، وَعَرَفْنَا شَانَكَ، فَهَلُمَّ اَمْوَالَ الصِّبْيَةِ الَّتِي عِنْدَكَ اسْتَوْدَعَكَهَا اَبُوكَ؟، فَقُلْتُ: مَا كُنْتُ لِاَفْعَلَ هٰذَا حَتّٰى تُفَرِّقُوا بَيْنَ رَاْسِي، وَجَسَدِي، وَلٰكِنْ دَعُونِي اَذْهَبُ فَاَدْفَعُهَا اِلَيْهِمْ، فَقَالُوا: اِنَّ عَلَيْكَ عَهْدَ اللّٰهِ، وَمِيثَاقَهُ اَنْ لَا تَاْكُلَ مِنْ طَعَامِهِ قَالَ: فَقَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، وَقَدْ بَلَغَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَبَرُ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ لِي فِيمَا يَقُولُ: اِنِّي لَاَرَاكَ جَائِعًا، هَلُمُّوا طَعَامًا ، قُلْتُ: لَا آكُلُ حَتّٰى اُخْبِرَكَ، فَاِنْ رَاَيْتَ اَنْ آكُلَ اَكَلْتُ، قَالَ: فَحَدَّثْتُهُ بِمَا اَخَذُوا عَلَيَّ، قَالَ: فَاَوْفِ بِعَهْدِ اللّٰهِ، وَلَا تَاْكُلْ مِنْ طَعَامِنَا، وَلَا تَشْرَبْ مِنْ شَرَابِنَا

ہے کہ وہ اسے قتل کر دیں گے؟ میں نے کہا: ہاں! اس نے کہا: کیا تُو اس کی شبیہ کو پہچان لے گا اگر تُو اس کی تصویر دیکھے؟ میں نے کہا: ہاں! میرا زمانہ اس کے قریب ہے' پس اس نے چند ایسی تصویریں دکھائیں جن پر عزت و احترام سے پردہ ڈال رکھا تھا' پس وہ ایک ایک تصویر نکال کر سامنے کرنے لگا' پھر کہتا: کیا تم پہچانتے ہو؟ میں کہتا: نہیں! آخر میں اس نے ایک تصویر نکالی جسے خوب ادب سے ڈھانپ کر رکھا گیا تھا' پس میں نے کہا: یہی سب سے زیادہ ان کے مشابہ ہے' گویا وہ ان کی مکمل لمبائی' ڈیل ڈول جسم تھا اور اس کے بعد اس نے اُن کے دونوں کندھوں کو ظاہر کیا' اس نے کہا: کیا تمہیں خوف ہے کہ وہ انہیں شہید کر دیں گے؟ میں نے کہا: میرا گمان ہے کہ وہ اس کام سے فارغ بھی ہو چکے ہوں گے' اس نے کہا: قسم بخدا! وہ اسے قتل نہیں کر سکیں گے' جو اس کے قتل کا ارادہ کرے گا وہ خود قتل ہو جائے گا' بے شک وہ نبی برحق ہیں' اللہ تعالیٰ انہیں غلبہ عطا فرمائے گا' لیکن اس کا حق ہم پر بھی واجب ہے' جتنا چاہو رہو اور دل کرے' مانگو۔ ایک گھڑی ٹھہر کر میں نے کہا: کاش! میں ان کی اطاعت کرتا۔ پس میں مکہ واپس آیا' میں نے دیکھا کہ قریش نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت پر مجبور کر دیا' پس جب میں آیا' قریشی آ کر میرے پاس کھڑے ہوئے' کہا: تیری بات بھی ہمیں پتہ چل گئی ہے اور ہم نے تیرا کام پہچان لیا' پس (جلدی کرو) بچپن کے زمانے کے وہ مال لاؤ

